DUE DATE

قمر اللغات

یعنی

اُردو محاورات

مؤلفہ

محمد مشتاق حسین قمر شاہجہانپوری وارد حال لکھنؤ

تلمیذ حضرت امیر مینائی لکھنوی مرحوم مغفور

جنوری سنہ [illegible]

باہتمام محمد ابراہیم پرنٹر

مطبع گلشن ابراہیم لکھنؤ

قیمت فی جلد تین روپیہ

۱۔ اردو زبان ۔ لغات

۲۔ اردو زبان ۔ محاورات

گذارش

تخمیناً تیس سال کا زمانہ ہوا کہ میرے اُستاد جناب منشی امیر احمد صاحب امیر مینائی لکھنوی نے حسب الارشاد جناب نواب کلب علی خان صاحب بہادر خلد آشیان والی ریاست رامپور اُردو محاورات کی لغت لکھنے کی طرف توجہ مبذول فرمائی تھی ابھی یہ لغت جس کا نام امیر اللغات ہے نا مکمل ہی تھا کہ آپ نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ استاد مرحوم کے جناب حافظ جلیل حسن صاحب جلیل جانشین اُستاد سے بہت امیدیں تھیں کہ وہ اس اہم کام کو استاد مرحوم کے انجام دیکر ملک پر احسان فرمائیں گے! اور زبانِ اُردو کو اس طرح کمال پر پہنچائیں گے مگر افسوس [illegible] یاس ہو گئی علاوہ ازیں میرے قابل و فاضل بھائی حکیم محمد ضمیر حسن خان صاحب دل شاہجہانپوری نے بھی اس طرف توجہ نہ فرمائی حالانکہ وہ اس کام کے لیے نہایت موزون تھے مگر وہ اس کام پر توجہ فرماتے تو بحسن و خوبی انجام دینے کی قابلیت رکھتے ہیں۔ ان دونوں صاحبان نے جو اپنے تمامی شاگرد بھائیوں میں فاضل اور خوشگو مشہور ہیں کسی خاص مصلحت سے امیر اللغات کو تمام کرنے کی ہمت نہ کی۔

اب جب میں مجھے اپنی ناقابلیت اور عدم فرصت کا خود بھی احساس ہے تصنیف و تالیف کا خیال میرے [illegible] طبیعت سے کوسوں دور ہو گیا لیکن جوش پیدا ہوا اور رہ گیا اسی ادھیڑ بن میں ایک زمانہ گزر گیا اور کوئی تدبیر سمجھ میں نہ آئی آخر شوق نے قلم کے ہاتھ سے دیکر اٹھایا اور دل نے اس پہلو پر جما دیا کہ امیر اللغات کے طرز پر لکھنا تو میرا ہی [illegible] تھا کہ نا تو جلیل و دل کا ہی ایسے بھائیوں کا کام ہو اس لیے اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا چاہیے بقول استاد مرحوم [illegible] نے ملکا کر کہا کہ جھل کی جا بکڑی ہو۔ یہ خیال دل میں آتے ہی ناچار میں نے استاد مرحوم کے نام پر ایک لغت جس کا نام [illegible] اللغات ہے [illegible] تکمیل کو پہنچایا۔

انسان ایک کام کو مفید سمجھ کر اپنے احسان پر منت کرتا ہے اس کی منت اٹھانے لگے یہ خدا کے ہاتھ ہو وہ قبول [illegible] خدا داد ہے یہ لغت دیگر لغات سے کچھ نرالا ہے یعنی مرکب و مفرد محاورات کی تفصیل [illegible] تمامی محاورات ہر ایک کے ثبوت میں اساتذہ کے اشعار لکھے گئے ہیں [illegible] مشکل اور [illegible] علاوہ اس کے [illegible] اہل علم [illegible] مستفیض ہو کر ناچیز مؤلف کی ہمت افزائی کریں۔

خادم الشعرا

سید تصدق حسین رضوی شاہجہانپوری وارد حال لکھنؤ تلمیذ حضرت امیر مینائی لکھنوی

اسمائے شعرا جنکا کلام محاورات کے ثبوت میں درج کیا گیا

اسیر۔ نواب سید مظفر علی خان صاحب لکھنوی۔
امیر۔ خلف حق جناب منشی امیر احمد صاحب مینائی لکھنوی اُستاد نواب ... شیاں
افضل۔ سید محمد افضل علیخان صاحب لکھنوی خلف و شاگرد حضرت اسیر
انیس۔ میر ببر علیصاحب لکھنوی۔
آتش۔ خواجہ حیدر علیصاحب لکھنوی۔
انجم۔ نواب مجید بہادر حسین خان صاحب فیض آبادی مصنف مثنوی پریشان خواب
انشا۔ میر سید انشاء اللہ خان صاحب دہلوی۔
آہ۔ منشی محمد ممتاز علیخان صاحب ملیح آبادی شاگرد حضرت امیر
احسان۔ ابو المعجاز منشی محمد احسان علی خان صاحب شاہجہانپوری جانشین حضرت ...
احسن۔ حافظ سید علی احسن صاحب مارہروی شاگرد حضرت داغ۔
برق۔ فتح الدولہ مرزا محمد رضا علیخان صاحب لکھنوی۔
بحر۔ شیخ امداد حسین صاحب لکھنوی۔
بیباک سید حسین احمد میاں صاحب شاہجہانپوری شاگرد حضرت داغ
بیخود۔ منشی سید وحید الدین حسن صاحب دہلوی شاگرد حضرت داغ۔
جرأت۔ شیخ قلندر بخش صاحب دہلوی۔
جلال۔ حکیم سید ضامن علیصاحب لکھنوی۔
جان۔ میر یار علیصاحب عرف جان صاحب لکھنوی۔
جلیل۔ جلیل القدر حافظ سید جلیل حسن صاحب مانکپوری اُستاد حضور نظام دکن جانشین حضرت امیر
حکیم۔ منشی سید غضنفر علی خان صاحب خلف اکبر و شاگرد حضرت اسیر
حالی۔ خواجہ الطاف حسین صاحب پانی پتی۔
حیرت قاضی سید مقصود علیصاحب شاہجہانپوری شاگرد حضرت داغ

حجاب ۔ بی حجاب پردہ نشین صاحبہ شاہجہانپوری شاگرد حضرت جلال

خیال ۔ سید محمد علی میاں صاحب شاہجہانپوری شاگرد حضرت امیر

درد ۔ خواجہ میر درد صاحب دہلوی

داغ ۔ فصیح الملک نواب مرزا خان صاحب دہلوی اُستاد جناب نواب محبوب علیخان صاحب بہادر آصفجاہ والی حیدرآباد دکن ۔ خلد اللہ ملکہ

دل ۔ مولوی حکیم محمد ضمیر حسن خاں صاحب شاہجہانپوری شاگرد رشید حضرت امیر

دلیر ۔ سید امیر حسن صاحب مارہروی شاگرد حضرت داغ ۔

ذوق ۔ شیخ محمد ابراہیم صاحب دہلوی ۔

رند ۔ نواب سید محمد خاں صاحب لکھنوی ۔

رشک ۔ میر علی اوسط صاحب لکھنوی ۔

رضا ۔ مولوی محمد برکت اللہ صاحب فرنگی محل لکھنوی شاگرد حضرت امیر

ریاض ۔ منشی سید ریاض احمد صاحب خیرآبادی شاگرد حضرت امیر

سحر ۔ منشی امان علی صاحب لکھنوی تلمیذ حضرت آتش لکھنوی ۔

سودا ۔ مرزا رفیع السودا صاحب دہلوی ۔

سفیر ۔ خواجہ بادشاہ حسن صاحب خلف شاگرد خواجہ وزیر لکھنوی مصنف مثنوی گلشن عشق ۔

شیفتہ ۔ نواب مصطفےٰ حسین خان صاحب دہلوی ۔

شوق ۔ حکیم نواب مرزا صاحب لکھنوی مصنف مثنوی فریب عشق ۔ لذت عشق ۔ زہر عشق ۔ بہار عشق ۔

شاد ۔ شیخ محمد جان صاحب لکھنوی ۔

شوق قدوائی ۔ منشی احمد علی صاحب لکھنوی مصنف مثنوی ترانۂ شوق ۔ قاسم زہرہ ۔ لیل و نہار ۔ شاگرد حضرت امیر

صبا ۔ میر وزیر علی صاحب لکھنوی ۔

صفدر ۔ منشی صفدر علی صاحب مرزاپوری شاگرد رشید حضرت جلیل

طاہر ۔ مولوی محمد حسین صاحب فرخ آبادی ۔

عاشق ۔ مرزا محمد مرتضیٰ صاحب عرف محمود بیگ صاحب لکھنوی مصنف مثنوی نیرنگ خیال ۔

عالم ۔ محمد واجد علی شاہ صاحب بادشاہ اودھ ۔

غالب ۔ نواب اسداللہ خان صاحب دہلوی ۔

فصاحت ۔ منشی سید عباس حسن صاحب خلف سید آغا حسن صاحب امانت لکھنوی ۔

الفت ۔ خواجہ ارشد علی خان صاحب لکھنوی مصنف مثنوی طلسم الفت

قرار ۔ سید تصدق حسین شاہجہانپوری شاگرد حضرت امیر مؤلف کتاب ۔

کوثر ۔ مولوی حکیم عابد علی صاحب خیرآبادی شاگرد حضرت امیر ۔

کمال ۔ حکیم محمد مہدی حسن صاحب لکھنوی خلف و شاگرد حضرت جلال ۔

گلزار نسیم ۔ مثنوی قصہ بکاولی مصنفہ پنڈت دیاشنکر صاحب نسیم لکھنوی ۔

میر ۔ میر تقی صاحب دہلوی ۔

میر حسن ۔ میر حسن صاحب دہلوی

مومن ۔ حکیم مومن خان صاحب دہلوی ۔

مختار ۔ حافظ سید مختار احمد صاحب شاہجہانپوری شاگرد حضرت امیر ۔

مست ۔ سید عبدالمجید صاحب بنارسی شاگرد حضرت امیر

مضطر ۔ سید محمد افتخار حسین صاحب خیرآبادی شاگرد حضرت امیر ۔

متین ۔ مولوی متین الدین احمد صاحب مچھلی شہری شاگرد حضرت داغ

منیر ۔ سید محمد اسمعیل صاحب شکوہ آبادی شاگرد ناسخ و رشک ۔

ناسخ ۔ شیخ امام بخش صاحب فیض آبادی و لکھنوی ۔

نوح ۔ سید محمد نوح صاحب تعلقدار نارہ ضلع الہ آباد شاگرد حضرت داغ

نسیم ۔ منشی شبیر حسین صاحب بھرتپوری شاگرد حضرت داغ ۔

وزیر ۔ خواجہ وزیر صاحب لکھنوی ۔

واسطی ۔ منشی سید فضل رسول صاحب تعلقدار سندیلہ ضلع ہردوئی شاگرد حضرت امیر

ہجر ۔ نواب محمد ناظم علیخان صاحب شاہجہانپوری شاگرد حضرت داغ

مرکب محاورات

جو فصیح ہونے کی وجہ سے عموماً نظم مین استعمال کئے جاتے ہین۔

الف

آب آب کرنا - شرمندہ کرنا (جلیل) چھلک

چھلک کے ترے جام سے اے ساقی ×

کیا مری توبہ کو آب آب کیا۔

آب ہونا - چمک و صفائی ہونا (رشک)

مرنے مین جو پاس حرمت آبروئے قتل مین ×

خنجر قاتل مین شاید آبرو کی آب ہے۔

آبدیدہ ہونا - غمگین ہونا (ناسخ) نزع کے

وقت دکھایا جو الفت نے اثر × آبدیدہ وہ پری

دیکھ کے حالت مری۔

آبرو اتارنا - ذلیل کرنا - (شوق قدوائی)

مکھا کے وہ شکل پیاری پیاری

ہر آئینے کی آبرو اتاری

آبرو ڈبونا - عزت کھونا (امیر) ہر روز

پیتے ہو بیٹھے مین دوست دشمن × ہمنے

[illegible]

آپ سے باہر کرنا - بیخود بنانا (اسرار)

آپ بیہودہ نہ اُٹھاتے نہ یہ عالم ہوتا

آپ ہی نے تو کیا آپ سے باہر ہم کو

آپ مین آنا - ہوش مین آنا (جلیل) وہ

کہتے ہین کہ تم بیخود ہی اچھے × تمھارا آپ مین

آنا ستم ہے۔

آپ مین رہنا - قابو مین رہنا ہوش مین رہنا

(جلیل) ایک حسن منصب اُسپر قیامت کا شباب ×

دیکھ کر مجبور رہتا آپ مین کیونکر کوئی (جلیل) یہ کہکے

تمہت ناآشنا سناکے مجھے × کہ آپ مین نہین

رہتا ہے کوئی پاسکے تمھے۔

آپے سے باہر ہونا - بیخود ہونا (جلیل)

خوش ہوا ایسا کہ مین آپے سے باہر ہوگیا × یار کا

ملنا نہ ملنا سب برابر ہوگیا۔

آپے سے جانا - قابو مین نہ رہنا (جلیل) بیخود کیا

اور آپے سے گئے ہم × کرم ہوش مین آنا ستم ہے۔

آپے سے گذر جانا - بیحد غصے ہونا (ناسخ) آپے سے گذر گئے ہیں دشمن بسبب تم ہی ہو کیا جلے تن -

آپا دھاپی کرنا - جلدی کرنا (رضا) مشہور مرلون مین سپے ھانا تم اتنی ابھی مین آپا دھاپی -

آپی آپ کہنا - اپنے سے مخاطب کرنا (داغ) دیکھ کر آئینہ آپی آپ وہ کہنے لگے ×سل ۔یون کی یہ جوردن کی صورت ہو گئی -

آپڑنا - ہوجانا - قیم ہونا (غالب) ہے سخن گسترانہ بات × مقصود اس سے قطع محبت نہین مجھے - (شوق قدوائی) کل تارہ کھلا یا اس زمین پر × تاجر کوئی آپڑا ادھیر یہ

آپھنسنا مبتلا ہونا - گرفتار ہونا - (درد) آپھنسون مین بتون کے دام مین یون × درد یہ بھی خدا کی قدرت ہے - (شوق قدوائی) ہم مین ہین دنیا کی ہرجال مین × مین کیون آپھنسی اس کے جال مین

آٹھ آٹھ آنسو رلانا - بہت رلانا - (داغ) غیر کی محفل مین مجھ کو مثل شمع × آٹھ آٹھ آنسو رلایا یار نے -

آٹھ پہر رہنا - ہر وقت رہنا (رند) فرقت مین بھی تصور کامل کے فیض سے × تصویر یار آٹھ پہر روبرو رہے -

آجانا - مرجانا - (دل) کیا موذن کو آ گئی شب بھر × کیون اذان سحر نہین آتی -

آنچل جانا - اس وقت مین جانا (امیر) جنون کے جوش مین کھلتی نہ راہ ملک عدم × بڑے شتے مین پہنچتے جو آنچل جاتے -

آنچل مین ہونا - عمدی ہونا (تلق) اسے ہیکشو تماری ہمی عزت کرین گے ہم × عمر سب حساب پیر معان آنچل مین ہے -

آنچل نہ جانا - ذہب سے باز نہ آنا (بحر) ...ی نامراد گور کنارے پہونچ گیا - اس پر بھی جنگ - تری آنچل گئی -

آخر ہونا - مرجانا - (شوق) حال اصل سے نہ تھا ظاہر × کرا یسی غم مین ہون گے ہم آخر -

آخور کی بھرتی نہ رہنا - ناقص نہ رہنا (داغ) لطف جب شعر کا ہے لطف سے خالی نہ رہے × اس مین بھرتی نہ ہو آخور کی بھرتی نہ رہے

آدمیت آنا - تہذیب آنا - (شوق قدوائی) دہمی جوہری کی چال پائی × کبھی دھکا آدمیت آئی -

آدمیت ہونا - تمیز ہونا - (قرار) کبھی حوروں مین نا ہو آدمیت ہو نہین سکتی × بجا ہے کوچۂ جاناں کے جنت ہو نہین سکتی -

آدمی کی شکل بننا - حواس ٹھیک ہونا (مومن)

سے پری آدمی کی شکل تجھ × عشق مین اتنی

خود غلط تو نہو۔

آدمی کے لباس مین آنا تمیز سیکھنا

(ذوق) آدمی کے لباس مین آ × ہوش پکڑو

حواس مین آؤ۔

آدمی نہ ہونا - ناسمجھ ہونا (داغ) نہ دیکھو

تیغ عضو کر تو کیا ہے وہ انسان × ہماری آنکھ

کی پتلی نہ آدمی ہوگی۔

آدھے رہجانا - بیحد ناتوان ہوجانا

(ہلال) ہم آدھے رہ گئے تو اسے غم ہجر × مگر کیا

عمر کر پوسٹے ہیں دعا مین۔

آدھمکنا - موجود ہونا (شوق قدوائی) پینے کو

رند آدھمکے پھر × جلو چلو ابھی سب بیٹھے پھر۔

آرام کرنا - سونا (اسیر) رہے بیدار جو

دل عمر بھر زندہ نہ جان اُسکو × برابر رات دن

جاگے تھے اب آرام کرتے ہین۔

آرہنا - گر پڑنا (اسیر) میرے نالے ہین

ہاتھون خیر ہے اتنی ورنہ × ہفت افلاک زمین پر

کبھی آرہتے ہین۔

آپسے سر پر چلنا مصیبت سے

ہونا۔ (اسیر) بات بگڑ وہ کھلی جوتی مین ہے

ایک آدمے مر سے سر پر چلے۔

آڑ کرنا - پردہ کرنا (داغ) آکر کھڑے ہوئے

تم او چھل کرا اڑ کی × جب تم نے بات کی تو چھپا

ہم سے آڑ کی۔

آڑے آنا - مددگار ہونا (اسیر) اُس کی رحمت

سے لو لگا کر اسیر × آڑے آئیگی وقت مشکل کے

آڑے ترچھے ہونا - برہم ہونا (خلق)

سیٹھ جی اتنے آڑے ترچھے نہو × دا جبی زمین سکھا

مول کرو۔

آڑے ہاتھون لینا - پریشان کرنا۔

ملامت کرنا (جلیل) یا شکستون کی رسائی ہو

کہان اپنے نصیب × آڑے ہاتھون ترسے

در ماں لیا کرتے ہین۔ (داغ) چارہ گر ہون گے

تیرے کپڑے چھڑا نا مشکل × آڑے ہاتھون

یہ می وحشت کبھی انیا لیگی۔

آس پاس ہونا - متصل ہونا۔ قریب ہونا۔

(داغ) نہ مین داغ گر نہین تو نہو × یہین ہوگا

وہ آس پاس کہین (ناسخ) کیا تو کہتا ہے کیون

ہوا صدقے × اسے مین تیرے آس پاس نہین

آستین چڑھانا - غصہ کرنا۔ لڑائی پر آمادہ

ہونا۔ (رند) دھو چکا ہون مین اپنی جان سے

ہاتھ × آستین وہ عبث چڑھاتے ہیں (رشک)

رہ گئے شانہ چڑھا کر آستین × وصف جب ہم نے

کیئے پوشاک کے۔

آسمان پر دماغ ہونا - تکبر ہونا (دلدار)

[?] میں بھی اہل آسمان ہے دماغ اپنا ×
[?] بھی کریں تو لیجئے کاسہ اک کال کا۔

آسمان پہ پہنچ جانا - ترقی پانا (دل)
عزت سے رات دن ہے فلک زبان پر × گویا پہنچ
رہیں یہ مُنھ آسمان پر

آسمان پر دماغ چڑھنا - بعید غرور ہونا۔
(جلیل) میں گمان کون کہ تم کو ستم میں کمال ہے ×
چڑھ جائیگا دماغ ابھی آسمان پر

آسمان پر چڑھانا - تعریف کرنا (جلال)
بس بس چڑھا چکے ہمیں تم آسمان پر × اس سے
تو خاک ہی میں ملاتے تو خوب تھا۔

آسمان ٹوٹنا - آفت آنا (شوق قدوائی)
بن گئی گھر میں چاند چھوٹا × ان دیوروں پہ
آسمان ٹوٹا۔

آسمان ٹوٹ پڑنا - بعید صدمہ یا رنج و
الم ہونا (شوق) رو کے کہتا تھا کوئی ہم سے بُرا ×
یک بیک آسمان ٹوٹ پڑا۔

آسمان رہنا - نامہربان رہنا (دل)
اس کی شکوہ دوری سے ہیں ہم ناتوان کب تک ×
زمین کو چھوڑتا ان رہیگا آسمان کب تک۔

آسمان زمین ایک کر دینا - آفت
برپا کرنا (شوق) پہلے یہ سن کے ہوں گے
ہمیں چھین × ایک کر دیں گے آسمان و زمیں۔

آسمان سے باتیں کرنا - بہت بلند
کسی عمارت کا بلند ہونا (قرار) اُس آستان کے
سنگ جبیں سا رہے ہم × کرتے ہیں آسمان سے
باتیں تمام رات (رضا) آسمان سے باتیں کرنا
رات دن × اس سے رقابت زیبا ہے بام یار کو۔

آسمان سر پر اٹھا لینا - شور و غل کرنا
(رند) شور کرتے ہیں یہ بستی دو روزہ پہ × آسمان
اہل زمین سر پہ اٹھا لیتے ہیں۔

آسمان کر دینا - عزت دینا (انیس)
مری قدر کر اے زمین سخن × تجھے بات میں
آسمان کر دیا۔

آسمان گر پڑنا - مصیبت آنا (تعشق)
جیتے جی مر گئی وہ کشتۂ غم × گر پڑا مجھ پہ
آسمان ستم۔

آسمان میں تھگلی لگانا - بعید چالاکی
کرنا (جان) زہرہ و مشتری تو ہیں یہ دونوں
کٹنیاں × تھگلی لگائیں چھید کریں آسمان میں۔

آسمان ہو جانا - سربلند ہو جانا (جلیل)
بلند نام نہ ہوگا ستم شعاری سے × تم آسمان
نہ ہو جاؤ گے ستا کے مجھے۔

آشنا ہونا - مل جانا (امیر) آنکھوں سے آنکھ
آ کے لڑی ہو گئی وہ شکل × دم بھر جدا نہ
پلک سے پلک آشنا ہوئی۔

[illegible]نا ہونا۔ بے خبر ہونا (امیر) خضر کیا
[illegible] مرگ کی لذت × اِس مزے سے وہ
[illegible] ہی نہین۔

[illegible]ائی کرنا۔ دوستی کرنا۔ عشق عاشقی کرنا
[illegible] جس سے دنیا نے آشنائی کی × اُس سے
[illegible] خبر کی ادائی کی (میر) زرد سے کچھ نہ تھا تو ملے
[illegible] کس توقع پہ آشنائی کی۔

آفتاب ہونا۔ ممتاز ہونا (امیر) یہ نہ
[illegible] ہین حبیب خدا × سب رسولوں مین آفتاب
[illegible] ہے۔

آفت ہونا۔ جلدی کرنا۔ غضب آلود ہونا
(جلیل) ایسی آفت کیا ہے اے دل اور تھوڑا صبر کر ×
[illegible] یہ بر جلنے کو ہے خط کا جواب آنے کو ہے (داغ)
تمھاری سادگی یہ کہہ رہی ہے × نگاہِ ناز اک
آفت کبھی تھی۔

آکھڑے ہونا۔ آجانا (ذوق) آتش
خورشید سے اُٹھتا نہین دیکھا دھوان × آکھڑے
ہو بام پہ تم بال سکھانے ہے۔

آگ بگولا نکلنا۔ گرم نکلنا (بحر) مرگئے
پھر بھی تو سوز کی حرارت نہ گئی × قبر سے
[illegible] یہ آگ بگولا نکلی۔

آگ بگولا ہونا۔ غصّے ہونا (امیر)
مرد مکی سے تمھین تشبیہ مین کب دیتا ہون ×
لال آنکھین نہ کرو آگ بگولا ہو کر۔

آگ بنجانا۔ غصّے ہونا (مومن) آئے ہو جب
بڑھا کر دل کی جلن سے گئے ہو × جب سوزِ دل کہا ہو
تم آگ بن گئے ہو

آگ بھڑکانا۔ جلانا (شوق) سوزِ دل
نے یہ آگ بھڑکائی × جان گھبرا کے لب
تلک آئی۔

آگ پانی مین لگانا۔ تعجب انگیز کام
کرنا (قرار) مجھ روتے ہوئے جب دیکھنا تو مسکرا دینا ×
قیامت ہے تمھارا آگ پانی مین لگا دینا۔

آگ دکھانا۔ جلانا (گلزارِ نسیم) بو آنی ہے
آدمی کی لیجا × ناپاک ہے آگ اِسے دکھاؤ

آگ کے مولون بکنا۔ گران قیمت ہونا
(جلیل) سرد مہری کا تری ساقی نتیجہ یہ ہوا × آگ کے
مولون جو بکتی تھی وہ پانی ہوئی۔

آگ لگانا۔ دق کرنا۔ ترغیب دینا۔ ترقی دینا
جلانا (داغ) دکھانا اگر تمھین تو نظر سے رقیب
کو × لگا یا کیون ہے پردہ تم لگاؤ آگ جلمن کو
(جلیل) سچ پوچھئے تو نالۂ بلبل ہے بہانا پھولوں مین
ساری آگ لگائی صبا کی ہے۔ (امیر) آب خنجر
سے ترے پیاس کوئی بجھتی ہے × اور بھی آگ
لگاتا ہے یہ پانی مجکو (داغ) تقدیر کو جب آگ
لگاتا ہے سوزِ عشق × ہوتی ہے روشنی مری بخت سیاہ مین

آگ لگنا - تباہی آنا (انشا) کل میں نے چھیڑ بہار جو غزل اُن سے کی × غصے سے بولے آگ لگے تیرے پیار کو۔

آگ لگ جانا - برباد ہونا (شوق) آگ لگ جائے یاری کرنے میں × باقی کیا رہ گیا ہے مرنے میں۔

آگ لینے آنا - جلدی کرنا فوراً واپس جانے کے لیے آنا۔ (داغ) قبر دشمن پر نہ ٹھہرے یکدم × کیا فرشتے آگ لینے آئے تھے (امیر) جلد مجھ سوختہ کے پاس سے جانا کیا تھا × آگ لینے کو آئے تھے یہ آنا کیا تھا۔

آگ ہونا - گرم ہونا (امیر) صبح سے جب یہ غریب آگ ہے عکس رخ سے × دن چڑھے کیا ترے آئینے کی صورت ہوگی۔

آگ ہو جانا - غضبناک ہو جانا (امیر) آگ ہو جائے گا دشمن امیر × کھینچا آہ آتشیں نہ کہیں۔

آگرنا - جمع ہو جانا (امیر) خراب عشق لاکھوں خاک میں ہیں چشم ساقی کی × زمانے کے شرابی آگرے ہیں ایک ساغر پر۔

آگھیرنا - مجبور کر دینا۔ (داغ) کار سرکار نے آگھیرا × قدم اُٹھ اُٹھ کے رہ گیا میرا۔

آگا روکنا - راستہ بند کرنا۔ (شوق قدوائی) یہ بچا ادھر سے وہ بھاگا اُدھر × ہو کوئی نہ روکا بڑھ کے آگا اُدھر۔

آگے آنا - نتیجہ پانا۔ بدلا لینا سامنے آنا (داغ) تعجب ہے کہ اس بیداد پر بھی واں تجھے × آگے بُرائی کیوں نہ آئی (داغ) کچھ آ گیا مرے آگے دبا لیا میرا × تمہیں تھا وہ مری جان لیکے جائیں گے۔ (میر حسن) وہ آتے تو آگے مرے نابکار × گریبان کو اُس کے کر دوں تار تار۔

آگے کی جاننا - آئندہ کی خبر ہونا (امیر) محشر میں بھی دیوانوں کو پوچھا کسی نے × آگے کی خدا جانے ابھی تک تو بچے ہیں۔

آگے نہ چلنا - قابو۔ ہونا (امیر) ہم کو چالیں تو لگا لینے کی آتی ہیں بہت × پاس کے آگے مگر ایک نہیں چلتی ہے۔

آگے نہ ہونا - پیشتر نہ ہونا۔ (امیر) ہو گئی کچھ اور آکر خانۂ صیاد میں × یہ مزا آگے نہ تھا بلبل تری فریاد میں۔

آلینا - گرفتار کر لینا (داغ) شکر ہوا دل کہ اُن کو غصہ آکر رہ گیا × آ لیا تھا موت نے پر بچ گئے تقدیر سے۔

آمرنا - آ جانا (شوق قدوائی) خدا جانے تو کس ہوا میں پھرا × کہاں جا رہا تھا کہاں آمرا۔

آنا - اُترنا۔ مرنا۔ (انیس) پایا کسی شجر نے

بلا سے ہو عشق مین × قرآن اٹھین سکے واسطے
آیا سے عشق مین (اثر) تیغ کھینچے وہ آ رہا ہے لیکر ×
دیکھیے آج کس کی آتی ہے۔

آنا کانی کرنا - واقف ہو کر بہلو تہی کرنا۔
(داغ) سمجھکر مرا حال پھر پوچھتے ہو × یہ کیا ہے اگر
آنا کانی نہین ہے۔

آنا فانا تیور بگڑنا - فوراً غصے ہونا۔
(عاشق) آنا فانا مین بگڑے تیور × لینے لگی
کردمین برابر۔

آن بان ہونا - وضعداری ہونا (قلق)
کس مین یہ آن بان یہ شوخی یہ بانکپن × ہین
سیکڑون مگر کوئی تجھسا جوان نہین۔

آن بان جانا - وضع کے خلاف ہونا۔
(جلال) شکوہ جور و ستم کا اُس کے جلال دیکھیے
آن بان جاتی ہے۔

آن بان رکھنا - عزت سے رہنا (شاد)
تنگدستی سے مرے ہے مین ہزار × پر وہی آن بان
رکھتے ہین۔

آن بان سے آنا - جاہ و حشم سے آنا۔
(داغ) وعدے پر جب مکان سے آئے × وہ بڑی
آن بان سے آئے۔

آن رہجانا - عزت قایم رہنا۔ (داغ) اُنکو
گمان تھے ملنے کی قسم اے ظالم × آن رہجائے مری
جان رہے یا نہ رہے۔

آن کی آن مین لیجانا - فوراً لے جانا
(میر حسن) غرض لے گئی آن کی آن مین × وہ اُڑ کر
وہ اُس کو پرستان مین۔

آن نکلنا - انداز معشوقانہ ظاہر ہونا (ذوق)
ہر بات میں کافر کی کیا آن نکلتی ہے × وان آن
نکلتی ہے یان جان نکلتی ہے۔

آنچ آنا - صدمہ پہنچنا (ریاض) اُنکو شوق
گرمی سے ہے بجلی × نہ آنچ آنے کہین اُس
نازنین پر۔

آنچ آجانا - مصیبت آ جانا (گلزار نسیم)
نین جا کے جلی تو غم نہین ہے × ڈر ہے کہ نہ تجھپہ
آنچ آجائے۔

آندھی روگ ہونا - پریشانی ہونا (قرار)
تھی ہوا اک راہ اُلفت کی خلاف × ہر قدم پر
مجھکو آندھی روگ تھا۔

آندھی کی طرح آنا - فوراً آنا۔ زور شور سے
آنا۔ (امیر) شباب آتے ہی آندھی کی طرح دل
آیا × بہار آئی تو جھونکے بھی کچھ خزان سکے لئے
(رشک) جس کوچہ مین جلنے لگا خاک اُڑا دی ×
آندھی کی طرح آئی طبیعت جدھر آئی۔

آندھی ہونا - تیز ہونا (عالم) اُس نے اپنی
یہ باندھی ہے × رنج دینے مین سب سے آندھی ہے۔

آنسوں کا قُل ہُوَ اللہ پڑھنا۔ بہتے جاتا
بہنا۔ (اسیر) قُل ہو اللہ آنسو نہ پڑھتے ہماری
آنکھیں × تا قدم بس روز ہوا یاد خدا بھی آئی۔

آنسو پچھنا۔ تسکین ہونا۔ بدلہ پورا ہونا (امیر)
الملک داغ ان سے یار نے پونچھے × کچھ تو آنسو
پچھے ہمارے آج۔ (داغ) وہ روئے دیکھ کر تُربت
کو میری × پچھے آنسو ذرا اہل عزا کے۔

آنسو پونچھنا۔ تسلی کرنا (مومن) کوئی نہ رہا کہ جو
آنسو × پُچھیا رہ دن مین اپنی بیکسی کو۔

آنکھ آئی ہوئی ہونا۔ آنکھ دُکھنا (داغ) چشمک
زنی نہ کی ہو کسی چشم مست سے × نرگس کی آنکھ
آج جو آئی ہوئی سی ہے۔

آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا۔ متوجہ نہ ہونا (رشک)
ساقی نہ ہو تو آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھیے × مہ سے زیادہ
بھی جو دور خراب ہو۔

آنکھ بدلنا۔ بے مروتی کرنا (جلیل) فلک پیر کو
نیرنگ کہاں سے آیا × کہین تم کو تو نہین آنکھ
بدلتے دیکھا۔

آنکھ بند ہونا۔ مرجانا (نوح) فلک بعد مری بیکسی
دو چند ہوئی × کوئی نہ پھر نظر آیا جو آنکھ بند ہوئی۔

آنکھ بند کیے جانا۔ بیخوف جانا (شاد) جاتا ہی آنکھ
بند کیے جو فنا ہوا × تا تنا ہو سرے گور غریبان لگا ہوا۔

آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا۔ غصّے ہونا۔
(جرات) کیا غضب ہے اُس سنگی پس آنکھ
بھوں ٹیڑھی دین × کچھ اشاروں سے کہا
جب یار سے اغیار نے۔

آنکھ بچا کر نکل جانا۔ پوشیدہ ہو کر جانا۔
(نوح) گزرتی وہ کاوش ہیں دل بیقرار پہ برق
بلا بھی آنکھ بچا کر نکل گئی۔

آنکھ پڑنا۔ دیکھنا۔ (درد) تیغ عریان پہ پڑی
جو پڑی تیری آنکھ × چشم جو ہے سے اچھی خوب
لڑی تیری آنکھ۔

آنکھ پھیر لینا۔ خفا ہو جانا۔ بیزار ہو جانا (جلال)
(اسیر) غیر حالت سن کے میری اُٹھ سی بند ×
آنکھ اس نے پھیر لی اغیار سے (وزیر) ایسی طرح
وہ غیر سے بھی آنکھ پھیرلے × ہون منتظر زمانے کے
اس انقلاب کا (اسیر) یہ کس نے آنکھ پھیری
ہے کہ ایسی تیرگی چھائی × زباں ہوئے سحر ہی
شمع محفل کی۔

آنکھ پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا۔ غور سے دیکھنا
(ریاض) گمان ہے دیدۂ بسمل کا آرسی پہ نہیں
یہ پھاڑ پھاڑ کے آنکھ اُن کو دیکھتی ہوگی

آنکھ پہچاننا۔ اشارہ سمجھنا (عاشق) آج
دشمن سے تو اشارہ دن مین بھی بات کچھ اور
آنکھ پہچانتا ہے دیکھنے والا تیرا۔

آنکھ جھپکنا۔ پشیمانی ہونا۔ شرمندہ ہونا

دیکھے مری آنکھ ابر روتے کہیں × خدا جانے ترقی کو

انسو بڑی ہی بے ہنسی بہگی (داغ) سحر ہین خواب

راستے کہان × خدا آنکھ جھپکی سحر ہو گئی۔

آنکھ چار کرنا - مقابلہ کرنا۔ (ذوق) جھوٹ

کہتا ہے اور غرور کرتا ہے × اس پر آنکھ چار کرتا ہے۔

آنکھ چرانا - بے مروتی کرنا (داغ) پہلے تو دل کو

چرایا ہے بہری محفل مین × پھر سکے آنکھ چرانے

نہیں ہم جانتے ہین

آنکھ چرا جانا - بے مروتی کرنا (امیر) پتلیان

تک بھی تو پھر جاتی ہین دیکھو دم نزع × وقت پڑتا

ہے تو سب آنکھ چرا جاتے ہین۔

آنکھ دب جانا - خجل ہونا (امیر) اے

فلک دب جائے جس سے آنکھ یہ ممکن نہیں × ہو نہین

سکتی اونچی بڑے دربار عالیجاہ کا۔

آنکھ دکھانا - غصہ کرنا۔ متنبہ کرنا (جلیل)

ہم کو منطق کا الزام دیا جاتا ہے × آرسی کو بھی

شاید آنکھ دکھانی ہوتی (جلیل) ساقیا دل میں جو توبہ

کا خیال آتا ہے × دور سے آنکھ دکھاتا ہے ترا

جام مجھے۔

آنکھ دیکھنا - صحبت حاصل کرنا (ذوق) کس طرح

سے دفن شعر میں کامل ہو یہ × دس برس دیکھی ہے

آتش سے جب استاد کی آنکھ۔

آنکھ ڈالنا - دیکھنا (جلیل) اچھا اسی ادا سے

آئینہ حیران × تم ہمیں دن سے آنکھ ملاتی ہو۔

آنکھ سامنے نہ کرنا - شرمندہ ہونا (ذوق) ہا

شکوہ جور کیون کیا اس نے × آنکھ اب سامنے نہیں کرتے

آنکھ سینکنا - پیار سے دیکھنا (جلال) برق

جمال اس مین چمکتی رہی اگر × سینکینگے اپنی

آنکھ تری آرسی سے ہم۔

آنکھ سے گر جانا - حقیر ہونا (اسیر) جان کی

جب لینے لگا ابرے جانان سے ہلال × آنکھ

سے گر گیا ٹوٹے ہوئے مژگان کی طرح۔

آنکھ سے آنکھ لڑنا - محبت ہونا (بیباک)

لڑی ہے آج اس کی آنکھ سے آنکھ × یہ صدمہ

دیکھئے پہونچے کہان تک۔

آنکھ طوطے کیطرح پھیر لینا - بے مروتی کرنا (عاشق)

طوطے کیطرح سے پھیرا آنکھ × بولی وہ طوطا شاد مرا کہو۔

آنکھ کا تارا الجھنا - بادھیا بننا (قلق) آنکھ ہیرے

دیکھو جو خدا تم مجھ کو × آنکھ کا تارا الجھنے لگین مردم مجھ کو۔

آنکھ کھل جانا - ہوشیار ہو جانا (اسیر)

دور غفلت جو ہوئی جلوہ جانان دیکھا × کھل گئی

آنکھ تو خورشید کو سر پر دیکھا۔

آنکھ کا پانی ڈھل جانا - بے شرم ہونا۔

(رعا) لہکتے سبکتے ہوئی ہون دیوانی × اس کی آنکھ کا

ڈھلکا پانی۔

آنکھ لڑنا - محبت ہونا (مومن) اک نظر دیکھے سے

سر تن سے جدا ہوتا ہے × سبب آنکھ لڑنے ہی کا کیا ہوتا ہے۔

آنکھ لگنا ۔ محبت ہونا (داغ) آنکھ لگی ہے تو کہتے ہیں کہ نیند آتی ہے آنکھ اپنی جو لگی ہے نہیں خواب نہیں۔

آنکھ لگ جانا ۔ نیند آجانا (امیر) درد دل نے اٹھ کے پہلے میں چونکا دیا × رات بھر میں ایک پل جب آنکھ میری لگ گئی۔

آنکھ مارنا ۔ منع کرنا۔ (شوق قدوائی) بیتابی دل ابھارتی تھی × غیرت مگر آنکھ مارتی تھی۔

آنکھ مار دینا ۔ آگاہ کر دینا (میر) یون آنکھ ہمیں دیکھ کے مت مار دیا کر × غمزے ہیں بلا ان کو نہ سنکار دیا کر۔

آنکھ ملانا ۔ مقابلہ کرنا۔ دیکھنا۔ (ظفر) قبضے پہ ہاتھ رکھ کے قاتل نے ملائی آنکھ × کل ہر رقیب سے سر محفل الگ الگ۔ (داغ) دل لے ہی چکے نازسے شوخی سے ہنسی سے × اب ان کی بلا آنکھ ملاتی ہے کسی سے۔

آنکھ مین کھٹکنا ۔ ناگوار خاطر ہونا (ناسخ) تا کجے اغیار میری آنکھ مین کھٹکا کرین × آبلون مین کچھ دلون خار مغیلان دیکھیے۔

آنکھ مین آنکھ ڈالنا ۔ غور سے دیکھنا (داغ) صورت آئینہ تھا سامنے وہ آئینہ رو × آنکھ مین آنکھ

مگر خوف سے ڈالی نہ گئی۔

آنکھ ناک سے درست ہونا ۔ خوش شکل ہونا (داغ) بھلے وہ ماہ منور کی تصویر دیکھ کر × ہائے کیا درست ہے آنکھ ناک سے

آنکھ نہ کھولنا ۔ مردہ ہونا۔ بیدار نہ ہونا (داغ) آنکھ اُس نے نہ کھولی جسے سفاک نے تاکا × اٹھی تھی قضا کس کی ادا کا۔ (شوق قدوائی) اچھا پازیب کیون ۔ بولی × کیون آنکھ عاشق نے کھولی۔

آنکھ نہ پڑنا ۔ راغب نہ ہونا (امیر اللغات) ہیں جہان مین رنج ایسے خوبرویوں کے × پڑ گئی آنکھ جنت مین نہ اپنی حور و غلمان پر۔

آنکھ نیچی ہونا ۔ پشیمانی ہونا۔ (امیر) ادھر بھی اک نگاہ ناز اپنے حسن کا صدقہ × کہ کافر جوش میری آنکھ نیچی ہو نہ یارون مین۔

آنکھ نیچی کر لینا ۔ شرم کرنا (امیر) ابھی اتنا ہی حجاب اُن کو جو کچھ کہتا ہون × آنکھ کر لیتے ہیں نیچی وہ پشیمان ہو کر۔

آنکھون پر بٹھانا ۔ بعید توقیر کرنا (داغ) جا سے حورون مین اگر تیرا شہید × اپنی آنکھون پر بٹھائیں اسکے سب۔

آنکھون پر جگہ دینا ۔ توقیر کرنا (میر) سب میر کو دیتے ہیں جگہ آنکھون پہ اپنی × لیکن

[illegible] تو دیکھو۔

آنکھوں پر پٹی باندھ کر بیٹھنا ۔ بے مروت ہونا (قرار) [illegible] مہربان ہیں درد دل [illegible] × بیٹھے ہیں آنکھوں پر پٹی باندھ کر۔

آنکھوں پر چھپیاں پڑے ہوئے ہونا ۔ [illegible] ہونا (عاشق) آنکھوں پہ پڑے ہوئے ہیں چھپیاں × دیکھوں بھی ہو کس طرح جان۔

آنکھوں پر چربی چھا جانا ۔ مست ہو جانا ([illegible]) چربی آنکھوں پہ تیرے چھائی ہے × کچھ کھلے [illegible] شامت آئی ہے۔

آنکھوں پر رکھنا ۔ اعزاز و اکرام کرنا (اسیر) [illegible] عینک کو ہوا اہل صفا سے حاصل × اپنی آنکھوں پہ اہل صفا رکھتے ہیں۔

آنکھوں سے لگانا ۔ پیار کرنا (تسلیم) [illegible] سے ملتی ہے شباہت اس کی × ساغر کو تو آنکھوں سے لگاتے جاؤ۔

آنکھوں سے نیل ڈھلنا ۔ قریب الموت ہونا (شوق) نیل آنکھوں سے جو ڈھلتا ہے × [illegible] نہیں ساقط ہیں دم نکلتا ہے۔

آنکھوں سے بجا لانا ۔ بخوشی منظور کرنا [illegible] میں تو آنکھوں سے بجا لاتا ہوں ارشاد [illegible] × آپ کانوں سے بھی سنتے نہیں کہنا میرا

آنکھوں سے چلنا ۔ خوشی سے چلنا

دامن آ جائے نظر راہ میں گر نقش کف پا × آنکھوں سے چلوں میں طرف کوئے محمد۔

آنکھوں کے تلے اندھیرا آ جانا ۔ غشی طاری ہونا (عاشق) صدمے سے کی ہمت منہ جو پھیرا × آنکھوں کے تلے آ گیا اندھیرا۔

آنکھوں میں جان اٹکنا ۔ سکرات کا عالم ہونا (ہجو) اب تو آنکھوں میں جان اٹکی ہے × دیکھ جا آ کے اک نظر مجھ کو۔

آنکھوں میں پڑے پڑے ہونا ۔ غافل ہونا (داغ) کرتا ہے داغ کو جو قاتل کی تاک جھانک × پڑے پڑے ہیں آنکھوں میں غفلت تو دیکھئے۔

آنکھوں میں چربی چھانا ۔ کم دکھائی دینا (داغ) ہلتے شمع کے سامنے یوں شمع پر جلنا × آ گئی کیسی چربی چھائی پروانے کی آنکھوں میں۔

آنکھوں میں پھر جانا ۔ تصور آنا ۔ یاد کیا جانا (جلال) پھر گئیں میری نگاہیں مجھ سے کچھ جب × تم آنکھوں میں میری پھر گئے (شاد) مری آنکھوں میں پھر جاتی ہے صورت برق باراں کی × وہ ابر تیغ برسانے کو جب سے شاد سکتے ہیں۔

آنکھوں میں خاک ڈالنا ۔ فریب کرنا (داغ) سیکھے ہیں چال آنکھیں سے نہ لے کر تم × آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو خاک ڈال کے تم۔

آنکھوں میں خون اتر آنا ۔ بے حد غصہ آنا۔

(داغ) غیر نے مہندی لگائی اُس کے پا شوق میں جو داغ ہے ۔ خون آنکھوں میں اُترنا یا حِنا کو دیکھ کر۔

آنکھوں میں دم آنا - قریب الموت ہونا (انیس) دم آنکھوں میں کھنچ آئے تو دیکھیں ترا دیدار مر جائیں تو تم قبر کرد باپ کی تیار۔

آنکھوں میں رہنا - منظور ہونا (دبیر) دیکھیں پلنے نہ تھے جن کو ذریر ۔ اب وہ آنکھوں میں رہا کرتے ہیں۔

آنکھوں میں رکھ لینا - حفاظت کرنا (قرار) بربادیٔ ان کو دیکھنے یہ چاہتا ہو دل ۔ آنکھوں میں رکھوں خار و خسِ آشیان کو میں۔

آنکھوں میں رات کٹنا - انتظار کرنا۔ بیداری میں بسر ہونا - (داغ) کاہشِ غم سے روح گھٹتی ہے ۔ آنکھوں آنکھوں میں رات کٹتی ہے (صبا) شاہد ہے آسمان ستارے گواہ ہیں ۔ آنکھوں میں کاٹتے ہیں شبِ انتظار روز

آنکھوں میں رسیلا پن ہونا - سرور ہونا (امیر) نرگسی آنکھوں کا تیری یہ رسیلا پن کہاں ۔ اِک فقط شوخی ہی شوخی دیدۂ آہو میں ہے۔

آنکھوں میں سحر ہونا - جاگتے گذرنا - (داغ) رات مصیبت کی بسر ہو گئی ۔ آنکھوں آنکھوں میں سحر ہو گئی۔

آنکھوں میں سرسوں پھولنا - متعجب ہونا (گلزار نسیم) وہ باغ تھی جب جل بجھی ۔ سرسوں آنکھوں میں سب کے پھولی۔

آنکھوں میں گھر کرنا - پسند آنا (کمال) لے گیا دل کو ادائے نازِ دلبر کا فریب ۔ آنکھوں میں گھر کر گیا چشمِ فسوں گر کا فریب۔

آنکھوں میں نہ سمانا - حقیر معلوم ہونا (اسیر) ایسی اُس رشکِ پری کی سج گئے بھا گئیں آنکھیں ۔ کبھی آنکھوں میں آہو کی سمائیں آنکھیں۔

آنکھیں آنا - آنکھوں کا آشوب کرنا (ظفر) روتے روتے سُوج جاتی ہیں آنکھیں ۔ کوئی جانے کہ آئی ہیں آنکھیں۔

آنکھیں بچھانا - توقیر و مدارت کرنا (امیر) گذران کا جو تیری راہ میں ہو ۔ ابھی آنکھیں بچھائیں چاند سورج۔

آنکھیں بنوانا - دیکھنے کی قابلیت پیدا کرنا (داغ) کوئی آسان ہے ترا دیدار ۔ پہلے بنوائے تو بشر آنکھیں۔

آنکھیں بیٹھ جانا - بے حد مضمحل ہو جانا (داغ) بالیں سے نہ اُٹھا تھا کیا تم نے قیامت کی ۔ دو جلد گئیں آنکھیں بیمارِ محبت کی۔

آنکھیں بدلنا - خفا ہونا ۔ بے مروتی کرنا (داغ)

...سے آنکھیں ملا سکتے ٭ خنجر سے وہ ہونٹ
ملا سکتے۔

آنکھیں بھر کر دیکھنا - غور سے دیکھنا۔
(شوق) تھا جو ان کا آپ کو نظر کا ڈر ٭ آنکھیں
بھر کر نہ دیکھنے دے اُدھر۔

آنکھیں بھر آنا - رونا (جلیل) دھیان ہٹتا
ہے شہ تشنہ دہن کا مجھ کو ٭ آنکھیں بھر آتی ہیں جب
سامنے آیا پانی۔

آنکھیں پتھرا جانا - بیحد انتظار کرنا (رند)
پتھرا گئیں آنکھیں بھی تکتے راہ کہاں تک ٭ کیا
موت سے تجھے راہ میں لے نامہ بر آئی۔

آنکھیں پٹم ہو جانا - اندھا ہو جانا (شوق)
یا الٰہی جو جھوٹی قسمیں کھائیں ٭ دونوں آنکھیں
اس کی پٹم ہو جائیں۔

آنکھیں ٹوٹ آنا - آنکھوں کا آشوب کرنا
(داغ) جلوۂ یار کی نہ تاب ہوئی ٭ ٹوٹ آئی
ہے کس قدر آنکھیں۔

آنکھیں چار کرنا - نگہ سامنے کرنا (امیر)
ہم سے بھی ملتے سے آنکھیں وہ چار کرتے ہیں ٭ ہزار
چھپ کے پار کرتے ہیں

آنکھیں چھت سے لگ جانا - وقت آخر
(شوق) فکر کرتا تھا کوئی حسرت سے ٭ آج
... لگ گئیں چھت سے

آنکھیں چندھیا جانا - کم سوجھنا (داغ)
تاب کو سب ہو جلوۂ دیدار کی حسرت ٭ بجلی کی چمک
دیکھ کے چندھیا گئیں آنکھیں

آنکھیں چڑھی ہوئی ہونا - صدمے سے
غفلت طاری ہونا (داغ) اُس بدگمان کو نشے
کا گمان ہو ٭ آنکھیں چڑھی ہوئی ہیں ہماری
بخار سے۔

آنکھیں چھپانا - پوشیدہ کرنا (امیر)
نظر میں وہ جب سے سمائے ہوئے ہیں ٭ ہم آنکھوں
کو سب سے چھپائے ہوئے ہیں۔

آنکھیں دکھانا - غصہ کرنا (امیر) ستم پیشی
کا جو کرتا ہوں میں اُن سے شکوہ ٭ آنکھیں دکھلاتے ہیں
وہ اور تماشا دیکھو۔

آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا - مضمحل کرنا (داغ)
ضعف سے کچھ نظر نہیں آتا ٭ کر رہی ہیں ڈگر ڈگر
آنکھیں۔

آنکھیں سینکنا - محبت سے دیکھنا (داغ) غیر
سے بزم میں بے وجہ دیکھنا اُن کا ٭ وہ آنکھیں سینکتے
ہیں رشک سے جلا کے مجھے

آنکھیں سفید ہونا - بینائی نہ رہنا (داغ)
دکھلا گیا کبھی نہ وہ چشم سیاہ کو ٭ آنکھیں مری سفید
ہوئیں انتظار میں۔

آنکھیں کھل جانا - عبرت ہونا (...)

قید میں وہ لطف حاصل ہو جو آزادی میں تھا ×
نکل گئیں آنکھیں در و دیوار زندان دیکھ کر

آنکھیں گڑ جانا - ایک ہی طرف دیکھتے رہنا
(عاشق) جس وقت گڑ گئیں تھیں آنکھیں ×
بالکل وہیں گڑ گئیں تھیں آنکھیں۔

آنکھیں مانگنا - طالب بینائی ہونا (میر)
سوجھتا خاک نہیں اس رخ روشن کے حضور ×
مانگتے پھرتے ہیں یوسف کے خریدار آنکھیں۔

آنکھیں نکالنا - غصہ کرنا (داغ) تم نیم
اشارے پہ تو آنکھیں نہ نکالو × اک آدھ خطا کیا جو
خطاوار سے ہو جائے۔

آنکھیں نکل آنا - صدمہ پہنچانا (اسیر)
مجھ مست کو گلشن کی ہوا راس نہ آئی × آنکھیں
نکل آئیں کوئی انگور جو تاکا۔

آنکھیں نیچی کر لینا - شرمندہ ہونا (عاشق)
کھسیانی ہنسی ہنسا وہ نمکیں × شرمایا تو آنکھیں
نیچی کر لیں۔

آنکھیں نیلی پیلی کرنا - غصہ کرنا (داغ)
نیلی پیلی کرتے ہیں آنکھیں وہ مجھ کو دیکھ کر × ایک
رنگ آتا ہے اک جاتا ہے مجھ رنجور کا۔

آنکلنا - آنا (سحر) سڑی سودائی ہوں بھیجے کا
آج اس کوچہ میں بھی آنکلا۔

آنی جانی چیز ہونا - بے ثبات شے ہونا۔
(حالی) ملک و مال و سلطنت اک آنی جانی چیز
تھی × جو ہمیشہ رہنے والی تھی وہ دولت کیا
ہوئی۔

آوازہ کسنا - موزون بات کہنا (کیسر)
مجھے آوازہ کستے ہیں مری دستار پر × ٹوکرا
کب تک یہ سر پر عزت و توقیر کا۔

آوازہ پھینکنا - طنز کرنا (داغ) اسکو عیار
کہو تم یہ یقین ہے کس کو × غیر کے نام سے آوازہ
یہ مجھ پر پھینکا۔

آواز پر لگی ہوئی ہونا - کہنے میں ہونا۔
(داغ) جب میں نے آہ کی ہے قیامت اٹھائی
ہے × آواز پر ہے شورش محشر لگی ہوئی۔

آہ پڑنا - صبر پڑنا - بد دعا کا اثر ہونا -
(جرأت) کہا جو میں نے کہ پھر دل جلوں کی آہ
اک برق × تو بولا اٹھا کر کبھی پڑے گی آہ
تری (ناسخ) آہ پڑ جائے الٰہی تجھ پہ مجھ محزوں کی ×
محتسب تو نے صراحی میری چکنا چور کی۔

آہ نہ آنا - رحم نہ آنا (شوق) رحم تجھ پر خدا کو آہ نہ آئے ×
تیرے بندے کرون تو آہ نہ آئے۔

آؤ بھگت کرنا - توقیر کرنا - مدارات کرنا۔
(داغ) تیر کو تیرے کلیجے سے لگایا ہم نے × اچھے
مہمان کی یوں آؤ بھگت کرتے ہیں [illegible]
و آؤ بھگت حشر میں [illegible] × مجھکو [illegible]

آؤ دیکھنا نہ تاؤ دیکھنا - مناسب وقت کا خیال نہ کرنا (شوق قدوائی) تو کیا یکہ مین آؤ دیکھون نہ تاؤ دیکھون سر پون بچا اڑا ورنہ گھون بتاؤ

آئینہ ہو جانا - ظاہر ہو جانا - (دل) چھپ سکا دل کیا سے دل عشق رو سے دریا × جا رون مین ہوگیا × راز سب پر آئینہ -

آئینہ بندی ہونا - آراستگی ہونا (عالم) ہوئی آئینہ بندی شہر مین جب × جابجا ٹھہری بزم عیش و طرب -

آئے دن کا ہونا - ہر روز ہونا (داغ) زندگی شب فرقت × یہ بڑا آئے دن کا جھگڑا ہے -

آئے دن ہونا - ہر وقت ہونا (قرار) مر اسلام جب ہو آئے دن یہی جھگڑا ہو بلا سے روٹھ گئے مین نہین منانے کا -

آئی نہ ٹلنا - موت سے نجات نہ ہونا (جلیل) پھر گئی آنکھ ہی پھر کے نہ دیکھا اُس نے × میری آئی نہ ٹلی اُس کی رکھائی نہ گئی -

اپنا بنا لینا - موافق کر لینا (قرار) اپنا بنا لیا ہے ملے جلد اُنکو کیا تم نے روز حشر قیامت کی چال ہے

اپنا کر لینا - قبضے مین کر لینا موافق کر لینا (جلیل) جس نے اپنا کر لیا تھا اپنا لیے لو کسی کا کچھ اسمین ... (جلال) کر لیا ل کے جسے عشق مین اپنا ... دیکھا تو اسے پچھے دیکھا لے -

اپنا کام کرنا - اپنی حالت پر غور کرنا (داغ) اُلجھا کیوں سب سے دیو اسنے سے یاد عشق حضرت عشق داغ اپنا کام کر اسے ماہرِ اپنا -

آپنے کام سے کام ہونا - خود غرضی کرنا (امیر) بوسہ لیکر سرک گیا کل مین × مجھکو کام اپنے کام سے ہے -

اپنے سر لینا - اپنے ذمے کرنا (داغ) اپنے سر تو لی جی لیتا ہو پرائی آفت × طور آگاہ نہ تھا اس سے کہ جل جاؤنگا -

اپنے منہ سے میان مٹھو بننا - خود ستائی کرنا (شوق) مجھکو بھی ہو یقین کہ مرتا ہے تو × یا فقط اپنے منہ میان مٹھو -

اپنے چلتے کمی نہ کرنا - امکان بھر کوتاہی نہ کرنا (جلیل) تم نے تو اپنے چلتے کمی کی نہین کوئی × جیتا رہا ہون آجتک اپنے نصیب سے -

اپنے نصیبون کو رونا - بدبختی کی شکایت کرنا (جلوت) رو اب دلا نصیبون کو اپنے کہ یان سے وہ × ... کہ کے تیرے اشک بہانے سے اُٹھ گیا -

اپنی اپنی گانا - اختلاف رائے ہونا (قرار) یہ جو سب اپنی اپنی گاتے ہین × اس سے کیا فائدہ اُٹھاتے ہین -

اپنی سی گانا - مطلب کی کہنا - (امیر

کرن ہو بیٹے جو تمھاری نزدیکی سے ضرور رہو
اپنی سی اگر کاٹی ہے تو کاٹے ہی دو۔

اپنی سی کرنا - کوشش کرنا (ا[illegible]ل) نہیں علاج
سے کیا ملے مریض [illegible] آج سی کر اپنی
سی چارہ جو آپ نے

اپنی کرنی کرنا - سب نشاد کرنا (داغ)
[illegible] دیئے جاتے ہیں اپنی کرنی دیکھئے
[illegible] نے کیا

اپنی راہ لینا - رخصت ہونا۔ (داغ) دل جو
لیتا ہے عشق کا [illegible] بیاں میں اپنی راہ
لیتی ہے۔

اپنی طرف خیال کرنا - اپنے کو رجوع کرنا
[illegible] اک بار روٹھتے ہو کس سے آئینہ دکھلا کے اپنی
طرف خیال تمہارے منہ لگا کر دو۔

اپنی طرف دیکھنا - نازاں ہونا (داغ) دیکھو
اسے ستمگر بار بار اپنی طرف دیکھنے والے کہیں
نیا گھر کو لا دیتے ہیں۔

اپنی بھوک کھانا اپنی نیند سونا -
خوشحال رہنا (ریاض) کھاتے تھے اپنی بھوک
تو سوتے تھے اپنی نیند اتنا قفس میں تھے
ہمیں کھٹکا تو کچھ نہ تھا۔

اُپھر جانا - سیر ہو جانا۔ بھول جانا (ہجر)
[illegible] دولت بچا سکا سونے کا
کن کماسکے نوالہ اُپھر گیا۔ (ذوق) [illegible]
ہیں چپکے بات کب ان سے کہیں تو اپھر [illegible]
شکم اور زیادہ

اَتا پتا کہنا - نام و نشان بتانا (داغ) [illegible]
مجھے وہ دشمن کا [illegible] کہتے ہیں کہو اتا پتا کہو

اِترانا - غرور کرنا (مختار) گردن سے [illegible]
سر افتخار ہے اترا رہے ہیں آج تو سے
پامال کیا۔

اُٹکا ہونا - قیام ہونا (داغ) اک دم میں
پہنچ جاتے ہو لے [illegible] عدم تم رستے میں کہیں
بھی نہیں اٹکاؤ تھا ما۔

اٹکنا - ناجائز تعلق پیدا کرنا۔ (امیر) دخت رز
اٹکی ہے ساقی کسی دیوانے سے کر پری بن کے
اڑی جاتی ہے میخانے سے۔

اٹکی ہونا - ناجائز تعلق ہونا (جان صاحب) [illegible]
مجھ کو فضیلت جو مل گئی اٹکی تھی مولوی سے
فرنگی محل گئی۔

اٹکل سے پلانا - اندازے سے دینا (داغ)
پیمانہ کی حاجت نہیں مجھ تشنہ لب کو اے
پیر مغاں تو مجھے اٹکل سے پلا دے۔

اٹکل پچو لگانا - غیر اطمینانی بات کہنا (حکیم)
اٹکل پچو ہے شیخ و برہمن اپنی اپنی کہتے ہیں کیا
دوزخ کیسی جنت ناحق کیوں بہکاتے ہیں۔

اَتّوائی کھٹوائی لیکے پڑنا۔ خفا ہونا۔ (قلق) اسلئے منہ دیکھ بات ہے کیا کچھ منہ سے تو بولو بہر خدا × اتّوائی کھٹوائی کیون لیکے پڑے ہو کیا ہم سے ہوئی ہے ایسی خطا۔

اَٹھلانا۔ نازکرنا (امیر) صبا آتی ہے اٹھلاتی ہوئی آج × کوئی پیغام لائی ہو کہین سے۔

اَٹھلا اٹھلا کے چلنا۔ ناز و نخوت کرنا۔ (جلیل) اَٹھلا اٹھلا کے اُن کا چلنا × مٹ جائے جیسے دل کسی کا۔

اٹکھیلیان سوجھنا۔ تمسخر کرنا (انشا) یہ چھیڑ اے نکہتِ بادِ بہاری راہ لگ اپنی × تجھے اٹکھیلیان سوجھی ہین ہم بیزار بیٹھے ہین۔

اجارا ہونا۔ استحقاق ہونا (عاشق) کچھ زور نہین نہ کچھ اجارا × لیکن ہے ترس کی جا خدایا۔

اَجیرن ہونا۔ بار خاطر ہونا۔ دشمن ہونا۔ نفرت ہو جانا۔ (شوق قدوائی) کوئی یون کسی کو اجیرن نہ ہو × بس اَب تو نہ ہو یا اجیرن نہ ہو (شوق قدوائی) نگوڑا غم لیکے شیطان کا × اجیرن ہوا ہو مری جان کا (عاشق) قدر گر جاتی ہے انسان کی پڑے رہنے سے × اتنا چمٹے نہ کسی سے کہ اجیرن ہو جائے۔

اچانک آنا۔ دفعتاً آنا (داغ) رہ گئی دل ہی کی دل مین حسرت × کیا کہین موت اچانک آئی۔

اُچک لینا۔ چھین لینا (داغ) جب دیکھتی ہو تا کہ بغل مین اختر کو × اُس کو بھی اچک لیتی ہے قزاق کسی کی۔

اُچپلا پن بھرا ہونا۔ شوخی ہونا (شوقی) گوری رنگت پہ گرمی صورت مین × اُچپلا پن بھرا طبیعت مین

اَچار ڈالنا۔ بیکار رکھنا (قرار) ترش رو ہو کے بولے دل سے مرے × کیا مین تیرا اَچار ڈالونگا

اچنبا ہونا۔ تعجب ہونا (داغ) ناز ہے تیغ ادا تیر نگہ ہے برچھی × جان لے لے جو کسی کی تو اچنبا کیا ہے۔

اَچھوت نکلنا۔ پاک ہونا (جلال) جہان سے تھے اور کشتے اُن مین لاش اپنی بھی گڑ جاتی × اَچھوت قاتل کے کوچے مین نہ آتی ہم، زمین نکلی۔

اچھوتا ہونا۔ (غیر استعمالی ہونا) (امیر) نگہ شوق سے کہتی ہے یہ عصمت اُس کی × کہ اچھوتا ملا چہرا ہی نہ چھو تو اس کو۔

اچھے حالون گذر جانا۔ آرام سے بسر ہو جانا۔ (جلیل) اچھے حالون گذر گئی اُس کی × جو خرابات مین خراب ہوا۔

اچھی خاصی ہونا۔ بالکل ہونا (میسر) بید ھڑک دیکھو نکیرین چلے آتے ہین × اچھی خاصی یہ سڑک ہو مری تربت کیسی۔

اختر ابختر اُٹھانا۔ اسباب لیجانا (قرار)

سکتے ہین وہ جہان سے پایئن آپ × اختر ایختر

آ اُٹھائیں آپ۔

آخ تھو کہہ بیٹھنا - ذلیل کرنا (عاشق)

وہ ہماری باتین کرکے بر رو × کہہ بیٹھون گی تمنا

سُنہ پہ آخ تھو۔

آدب ادا کرنا - قصد آکرنا یا کرانا (جلال)

آدب ادا کر جفا وہ کرنے لگے × اور ذکر وفا کرے کوئی

(داش) دل کا نقصان نہیں ہوتا ہے × کام کرتا

ہوں آدب ادا کے وہی۔

اُدلا بدلا ہونا - تبدیلی ہونا (داغ) کون

روکش ہو مہر کے تن پُر نور سے × اُدلا بدلا

جیسے سایہ کا ہو برق طور سے۔

اُدل بدل کرنا - تبدیل کرنا (ستار)

مشتاق رہ گئے ہین دل کو سل سل کر یہ نکلے وہ گھر

سے جسم کپڑے اُدل بدل کر۔

آدھورا پڑ جانا - ناتمام رہ جانا (داغ)

ہاتھ کب قاتل کا پورا پڑ گیا × نیم جان ہون ادھورا

پڑ گیا۔

آدھورا ہونا - نادان ہونا (شوق) کون

نکلے ہے ادھورا ہو × اُسے تو سب گُنون مین

پورا ہے۔

اِدھر اُدھر نہ ہونا - جُدا نہ ہونا (ستار)

دلمین جدائی دل کی جان بنی × ایک حسرت

اِدھر اُدھر نہ ہوئی۔

اِدھر کی دنیا اُدھر ہو جانا - انقلاب ہو جانا

(اسیر) یہ کس محبت کی تیرچھی نظر ہو گئی × اِدھر کی

جو دنیا اُدھر ہو گئی۔

آدھ کٹی کہنا - مجمل بیان کرنا (شاد) آدھ کٹی

کہہ کر چھوڑ دینجان × بات کا انسان پورا چاہیئے۔

اَڑا اَڑا کر بیٹھ جانا - مسمار ہو جانا (ناسخ)

ہجر جانان مین جو رونے کو مین کل بیٹھ گیا × اُڑا اُڑا کر

واہی گردون کا محل بیٹھ گیا۔

اَڑنگا مارنا - پیچ کرنا (شوق قدوائی) ابھی

داؤ یارون نے لے ہی لیا × وہ مارا اڑنگا وہ

دھم چت گرا۔

آڑے تھڑے مین کام آنا - بُرے

وقت مددگار ہونا (داغ) کرین نہ قدر جو دل کی تو

اور کس کی کرین × آڑے تھڑے مین ہمارے یہ کام

آتا ہے۔

اَڑ کر بیٹھنا - ضد کرنا (امیر) وہ مجرمین

نہ رضوان بھی اُٹھا سکے × در جنت پہ ہم بیٹھین جو

اَڑ کر۔

اَڑی ہونا - ضد کرنا۔ رُک جانا (امیر) سمجھا

اُن جو بون کا کہہ رہا ہے × جوانی خود تمانی پیا دی ہے

(آہ) جو دم نکلے تو حسرت کیسے ماہ × ابھی تو

سانس سینے مین اڑی ہے۔

اَڑی نہ رہنا ۔ مشکل نہ رہنا (داغ) تمام
سر پہ مصیبت پڑی نہیں رہتی × ہمیشہ یار کسی
کی اَڑی نہیں رہتی۔

اِس کان سے اُس کان اُڑا دینا ۔
متوجہ نہ ہونا (امیر) مانگنے پہ نہیں لاتی ہے
صبا نکہتِ گُل × سُن کے اِس کان سے اُس کان
اُڑا دیتی ہے۔

اِشارا پانا ۔ مرضی حاصل کرنا (حالی) اطراف
ہند سے یوں اعیانِ مُلک آئے × پا کر حضور شہ سے
سب جشن کا اشارا۔

اِشارے پر لگانا ۔ سکھانا (جلیل) کیا
اشارے پر لگایا ہے ستمگر تو نے × چلتی پھرتی ہے
قضا بھی تری تلوار کے ساتھ۔

اُشغلا اُٹھنا ۔ فساد برپا ہونا۔ (قلق)
ستیاناس جائے اِن سب کا × ذات سے
جن کی اُشغلا یہ اُٹھا۔

اُشغلا چھوڑنا ۔ مذاق کرنا (داغ) کہہ دیا
مجھے دوست ہے دشمن × خوب ناصح نے
اُشغلا چھوڑا۔

افراتفری پڑ جانا ۔ اختلاف ہو جانا
(سند) ایک کو دیکھ کے اب ایک جلا جاتا ہے ×
پڑ گئی ایسے ہیا سلام میں افراتفری۔

اکارت جانا ۔ ضائع ہونا (داغ) جو کہا
مین نے سمجھ بوجھ کے وہ مان گئے × شکر ہے آج
مری بات اکارت نہ گئی۔

اَکارت ہو جانا ۔ بیکار ہو جانا (کوثر)
زور قوّت مال و دولت سب اکارت ہو گیا × کیا
پھلا پھولا چمن دَم بھر مین غارت ہو گیا۔

اِک آدھ نکلنا ۔ کم ہونا (داغ) جلانا داغ کا
اَچھا نہیں یہ دَم غنیمت ہے × کہ ایسا باوفا اِک آدھ
نکلے گا زمانے مین۔

اِک بات ہونا ۔ آسان ہونا (غالب) اِک
کھیل ہے اورنگِ سلیمان مرے نزدیک × اِک
بات ہے اعجازِ مسیحا مرے آگے۔

اِک سرے سے ہونا ۔ بالکل ہونا۔
(جلیل) اِک سرے سے بُری ہو مشیخ ہم
قائل نہیں ہے یہ کہو تھوڑی سی اچھی ہے ہوا
اَچھی نہیں۔

اِک نظر دیکھنا ۔ تھوڑی دیر دیکھنا (داغ)
اِک نظر دیکھ بھال کر کوئی × لے گیا دل نکال کر
کوئی۔

اَکڑ فوں ہونا ۔ بانکپن ہونا (قرار) نہ تھا
حال پہلے کبھی یوں تمھارا × ہوا اب وہ کیا سب
اکڑ فوں تمھارا۔

اکڑنا ۔ گھمنڈ کرنا۔ سردی کھانا (قلق) دی ہے
ترے قامت سے کسی نے اسے تشبیہ × بے وجہ

اکڑتے نہیں شمشاد چمن میں × دخاد) فصل گل
سے گرم ہو کر × سرد مہری سے ہوا کرتے ہیں۔

اِلگ رہنا - تنہا رہنا (امیر) عاشقین کو
جانا تہ ہو کے تمام عالم سے تنگ ہو کر × دون
کا وحدت میں دخل کیا ہے بیٹھا الگ ہو کر۔

اُلگوں میں ہونا - مینہ ہونا (قلق) پیدا نیلی
کمان ہے وہ قوت × کسی لے سے اکڑیں۔

اللہ اللہ کرنا - توبہ کرنا (جلال) جلال اللہ
اللہ کر ہوتی ہیں آ × تریں کی پیش مسلمان ہو کر

اللہ آمین سے پالنا - ناز و نعمت سے
پرورش کرنا (شوق) اللہ آمین سے اس کو پالا
ہے × سارے گھر کا یہی اجالا ہے

اللہ کے گھر سے پھرنا - مرتے مرتے بچنا
(?) اگر آپکے پھرے جیتے وہ کعبہ کے سوے ×
تو جانو میرے شیخ جی اللہ کے گھر سے۔

اللہ ہی اللہ ہونا - بیڑا ہونا (دوق)
کرے کعبہ میں کیا جو ستم تمہارے آگے ہے × یہاں تو
کوئی صورت ہی ہے ذات اللہ ہی اللہ ہو۔

الغاروں ملنا - کثرت سے ملنا (ناظر) حروف
بغض و غیظ و نخوت جبکہ یہ یاروں سے × تب
پہچانا ہم نے دشمن ہر کو الغاروں سے

الفظ ہو جانا - ختم ہو جانا (?) کیا
... × ہم نے الفظ کی اب
الفظ ہو گئی۔

اَلکسانا - ہیلو حوالی کرنا (قرار) کوسے تال
جوب تو دیکھو × آج قاصد بھی الکساتا ہے

الکسی سوار ہونا - کاہلی کرنا (قرار)
ٹالے ٹلتا نہیں ہے پھر قاصد × الکسی جب سوار
ہوتی ہے

الگ تھلگ رہنا - جدا رہنا - علیحدہ رہنا
(جلیل) کسی کی راہ شب وعدہ دیکھنا ہے بجا
الگ تھلگ مری آنکھوں سے آج خواب سہی
(مہرؔوت) دن عید کے وہ مجھ سے رہا جو الگ
تھلگ × ظاہر تھا اُس سے یہ کہ گلے اُسکے کیا لگوں

اَللّٰیٹو کہنا - بے سوچے سمجھے کہنا (قرار)
کیا اثر ہو نامہ بر کی بات میں × جو کہی اُس نے
اَللّٰیٹو کہی

اَللّے تللّے کرنا - عیش کرنا (شوق) ہم
اظہار رہتا کر مرتے ہیں × یاں اَللّے تللّے کرتے ہیں

اَللّے تللّے ہونا - فضول خرچی ہونا (داغ)
دو فیاضی حاتم زمانے کے ہیں × اللّے تللّے
کیے ہیں۔

اَلَم غلَم بکنا - فضول بکنا (صفدر) سب کو
کہتے ہیں برا اک دن سر ممبر واعظ × نہیں معلوم
کیا کہتے ہیں اَلَم غلَم۔

الم نشرح ہونا - ظاہر ہونا (...)

چھپایا یہ نہیں چھپتی نہیں چھپتی × زمانے مین اُلم نشرح محبت ہو ہی جاتی ہے۔

اُٹھرپنے کے دِن ہونا - ناتجربہ کاری کا زمانہ ہونا (صفدر) وہ ابھی ناسمجھ ہین کمسن ہین × یہی اُٹھرپنے کے تو دن ہین۔

اُٹوپ ہونا - غایب ہونا - پوشیدہ ہونا (رشا) اٹوپ یون بھی نہ ہو کوئی اِس زمانے مین × وہ میرے دلمین ہین لیکن نظر نہین آتے (قرار) ایسا اَٹوپ کوچہ گیسو مین دل ہوا × گویا رہِ عدم کی طرف منتقل ہوا۔

اُمنڈنا - مجتمع ہونا (شاد) دلِ حزین پہ مقرر ہے فوجِ غم اُمنڈی × سیاہ اشک کی خالی یہ ریل پیل نہین۔

اَناپ شَناپ کھانا - جلد جلد نوش کرنا (داغ) کھائے جاتا ہے غم اَناپ شَناپ × بڑھ گئی دل کی اشتہا کیسی۔

اَن بَن ہو جانا - لڑائی ہو جانا (داغ) اگر کسے محتسب شہر کی ان بَن × ہو جائے کسی رندِ قدح خوار سے ہو جائے۔

اِن تلون تیل نہ ہونا - بے مروت ہونا (شوق قدوائی) نہین ان تلون تیل بس بس چلو × چلے کے بیٹھے آپ بھاپ گو۔

[illegible] تیل ہونا - [illegible] ہونا (منیر)

ساقی کی چشم مست کا اللہ رے اثر ہو جو بزم مین ہے آج وہ اَتنا غفیل ہے۔

انچھر پڑھانا - سکھانا (جان) مجھ سے آ کے جو لڑتے ہین میان کے شاگرد × یہ تو انچھر ہین پڑھائے ہوئے اُستادون کے۔

اندھا کرنا - بیتاب کرنا (امیر) رستے مین کیا شوقِ زیارت نے یہ اندھا × ہو چاہ تو سے چاہِ زنخدان مرے آگے۔

اندھے کی لاٹھی ہونا - سہارا ہونا (قلق) یہی اندھے کی ایک لاٹھی ہے × جس اسی دم سے زیست میری ہے۔

اندھیر اگھپ ہو جانا - بحد تاریکی ہو جانا (داغ) سامنا زلفِ سیاہ سے کل جو میرا ہو گیا × کیا مری آنکھون کے آگے گھپ اندھیرا ہو گیا۔

اَندھیر کرنا - حیرت مین ڈالنا (امیر) اندھیر کر رہی ہے یہ چشم سیاہ مین × شوخی کو قید کیجئے نیچی نگاہ مین۔

اَندھیر کھاتا ہونا - بے ایمانی ہونا (داغ) محبت کی نہ دین گے داد وہ خط کو مرے پڑھکر × وہان انصاف پھر کیا ہو جہان اندھیر کھاتا ہو۔

اَندھیر مچانا - بیباکی کرنا (قلق) بہت اُس سے نہ سے اُڑاتی تھی × بہت اندھیر وہ

بچاتی تھی۔

اندھیر ہونا۔ نا انصافی ہونا۔ سخت تاریکی ہونا۔ (داغ) محشر میں ہوگا داد و محشر سا دادگر۔ اندھیر جو یہاں ہو رہا ہے وہاں ہی ہو (دل) یہی اندھیر ہے جو اسے تب مرد صبح ہوتی نظر نہیں آتی۔

انگشت نما کرنا۔ بدنام کرنا (داغ) دست ناز کا اشارا ہے کہ رسوا کیجے ❊ انھیں ہاتھوں سے وہ انگشت نما کرتے ہیں۔

انگشت بدندان ہونا۔ حیرت زدہ ہونا (داغ) رکھ کے پیکان مرے زخم میں لگانا ٹانکے ❊ ہو رہے ہیں دیکھ کے انگشت بدندان کوئی

انکھی سنانا۔ سخت کلامی کرنا (جلال) میرے پیام بر کو سنتے ہی اچھلا ❊ وہ انکھی مجھی کو سنانے کو خوب تھا۔

انوٹ ہونا۔ زیبائش ہونا (داغ) وہ حسن وہ ادا وہ پھبن اس کا ❊ جیل بل سے قیامت کی ترا انوٹ ہے غضب کی۔

انوکھی ہونا۔ عجیب ہونا۔ جدید ہونا (جلیل) ستمگری دل کا یہ کہہ کے سنایا ان کو ❊ چیز انوکھی ہے نئی بیکس ہو مال اچھا ہے۔ (شوق قدوائی) انوکھی ہیں باتیں انوکھی ہے دھج ❊ بہا اتنا بھاتک تو آپ کو سج۔

اینلا پن بھا جانا۔ سادگی پسند آجانا (شوق) اینلا پن اس کا مجھے بھا گیا ❊ ہم کریں کیا دل اسیر ہو آگیا۔

ابکائی آنا۔ طبیعت کو نفرت ہونا (داغ) شراب ناب سے ابکائی جسکو آتی ہو ❊ وہ کیا کرے گا آبی سے طہور کی قدر۔

ابھارنا۔ ظاہر کرنا۔ ترغیب دینا (آہ) ابھارا اس کے جوبن کو یہ کہکر ❊ کسی کی کیا مجال جو جی بڑی ہو (شوق قدوائی) میں پاؤں تو پوچھوں کہ ظالم بتا تجھے ❊ ابھارا تھا کس نے کہ دیکھے مجھے۔

ابھرنا۔ جوان ہونا۔ ظاہر ہونا۔ اونچا ہونا۔ (جلیل) ابھی کل تک تھے کیسے بھولے بھالے ❊ ذرا ابھرے ہیں آفت ڈھا رہے ہیں (شوق قدوائی) کیا جانے کہ اس کے دل میں ہے کھوٹ ❊ اک دن ابھرے گی عشق کی چوٹ (جلال) یہی کرتا ہے اشارے کوئی اٹھتا جوبن ❊ یوں محل پا کے ابھرتے ہیں ابھرنے والے۔

ابل پڑنا۔ خشمگین ہونا (امیر) اے دل بھرے تو بیٹھے ہی تھے سب ابل پڑے ❊ کانٹوں نے لی جو نوک کی چھالوں کے سامنے۔

اوچھیانا۔ تعلی کرنا (تعلق) دائرہ اور چکارا بجتا ہے ❊ بے سرا ایک اچھتا ہے۔

اوپرا اوپر جانا۔ خالی جانا (داغ) [illegible]

زمین گئی پہ تھرے اک بلا برسائین گی + کیا گھٹائین نیچی نیچی اودی اودی اوپر جائین گی۔

اوپر کے دم بھرنا ۔ نزع کا وقت ہونا۔ (داغ) بیمار مین کیرے کیا رہا ہے + اوپر کے دم وہ بھر رہا ہے۔

اوپرے دل کی ہونا ۔ ظاہرداری ہونا (عاشق) دھوکا تھا وہ سب تری بناوٹ تھی صرف اوپرے دل کی تھی لگاوٹ۔

اُتارا دینا ۔ صدقہ دینا (داغ) درد سر کی ہے شکایت آپ کو + غیر کے سر کا اُتارا دیجیے۔

اُتارا ہونا ۔ قیام ہونا (انیس) ساحل پہ اُتارا ہوا وان فوج لعین کا + یان دھوپ مین برپا ہوا خیمہ شہ دین کا۔

اُتر آنا ۔ آمادہ ہونا (داغ) مجھے وہ دیکھتے ہی گالیون پر کیون اُتر آئے + بھرے بیٹھے تھے کیا محفل مین یہ بھرمار کیسی ہے۔

اُتار چڑھاؤ دینا ۔ ترغیب دینا (داغ) دیئے ناصح نے گو اُتار چڑھاؤ + اُس کی باتون مین کب ہم آتے ہین۔

اُتر جانا ۔ حقیر ہونا (ظلق) جو دو گھڑی کے لیئے بھی وہ بام پر جاتے + نگاہ خلق سے شمس و قمر اُتر جاتے۔

اُترنا ۔ گھٹ جانا۔ نیچے آنا (داغ) دُبلا سارا بدن سانچے مین گویا + ذرا اُترا انھین ظالم کہین سے (امیر) ادب جو روضۂ پرنور کا اجازت دے + اُتر کے چاند چراغ مزار ہو جاے۔

اُترن لانا ۔ استعمالی پوشاک لانا (داغ) صافی مے کو کیا پیر مغان نے تقسیم + شیخ جی کعبے کے جامے کی جو اُترن لائے۔

اُٹنگی ہونا ۔ اونچی اور بدقطع ہونا (انشا) چشم بددور شیخ جی صاحب + کیا ازار آپ کی اُٹنگی ہے۔

اُٹھان ہونا ۔ ابتدا ہونا (جلیل) ہے قیامت اُٹھان ظالم کی + وہ ابھی سے جوان ہے گویا۔

اُٹھانا ۔ صرف کرنا (قلق) ایک سے لاکھ تک اُٹھانا تو + ہاتھ خالی کبھی نہ آنا تو۔

اُٹھا بیٹھنا ۔ علیحدگی کرنا (داغ) کہان اے داغ اپنا اب ٹھکانا + اُٹھا بیٹھے ہین دل دونون جہان سے۔

اُٹھا رکھنا ۔ ملتوی کرنا۔ کوتاہی کرنا (امیر) وصل ہو جانے یہین حشر مین کیا رکھا ہے + آج کی بات کو کیون کل پہ اُٹھا رکھا ہے (قرار) تم نگاہین جو چُراؤ تو تعجب کیا ہے + دل چُرانے مین کوئی بات

اُٹھنا بھی ہے

اُوٹھا مارنا - گرا دینا (داغ) عشق کی عقل سے، ہی کشتی + آخر اس نے اُسے اُٹھا مارا۔

اُوٹھا دِچولھا ہونا - ایک جگہ قیام نہ کرنا (مصحفی) گھر میں ہم بھر قرار آیا۔ یہیں جا کر کہیں بھی پایا + ہوا ہے جب سے فراق تیرا اُٹھا دچولھا بنے ہوئے ہیں۔

اُوٹھ جانا - دفع ہو جانا (شیفتہ) کیا اُٹھ گیا ہے دیدۂ اغیار سے حجاب + ٹپکا پڑے ہے کیوں نگہ یار سے حجاب۔

اُوٹھ کھڑی ہونا - قایم ہونا (شوق قدوائی) قامت سے قیامت اُٹھ کھڑی ہو + سائے سے پری مری پڑی ہو۔

اُوٹھتی جوانی ہونا - عالم شباب ہونا (جلیل) اُبھارا اُس نے سینے کو بڑھایا ہاتھ تب ہم نے + خفا اور اس میں ہم ہیں یا تری اُٹھتی جوانی ہے

اُوٹھتے بیٹھتے جھنجھلانا - ہر وقت غصے ہونا (اسیر) سب تکلف میں آپ کی آتے ہیں اُٹھتے بیٹھتے + اِک مجھی پر آپ جھنجھلاتے ہیں اُٹھتے بیٹھتے

اُوٹھتے بیٹھتے کہنا - بہ خواری کہنا (امیر) آگے سو سو شعر اک جلسے میں کہتے تھے امیر + چار

مصرع اب کہے جاتے ہیں اُٹھتے بیٹھتے۔

اُوجاڑنا - برباد کرنا (رند) اُجاڑا دوسیم گل ہی میں آشیان میرا + الٰہی لوٹ پڑے مجھ پہ آسمان صیاد۔

اُوجھل ہونا - غائب ہونا (جلیل) ہے مہرِ درخشاں نظر آتے نہیں ذرّے + چھپ جائیں ابھی ہم جو تم اوجھل ہو نظر سے

اُوچاٹ ہونا - بیزار ہونا (داغ) دل کچھ اُچاٹ سا ہے ترے طور دیکھ کر + وہ بات کر کہ پیار کریں تجھ کو جی سے ہم۔

اُوچٹ جانا - علٰحدہ ہو جانا (قلق) قاتل کا سمجھ جو کئی بار اُچٹ گیا + میں سخت جان تو مہ ندامت سے کٹ گیا۔

اُوچھا پن دیکھنا - کم ظرفی دیکھنا (جلال) ہنسے میری تڑپ پر خود مرا زخم + کوئی دیکھے یہ اُوچھا پن کسی کا۔

اُوچھل پڑنا - بیچین ہو جانا۔ خوف زدہ ہونا خوش ہونا۔ (ذدل) جب دل میں دردِ عشق اُٹھا ہم اُچھل پڑے + سمجھے کہ یہ کرم ہے کسی دلنواز کا (عالم) دل سنبھالا اُچھل پڑا لیکن + ہو گیا خوفناک تھا کسن (قلق) سُنتے ہی وہ نوید آمد یار + اپنے دل میں اُچھل پڑی یکبار۔

اُودھار کھائے ہونا - آمادہ ہونا (شاد)

آنکھوں سے رہزنوں کی دل کو خدا بچائے + یہ لگ اُدھار کھائے ہین مال مارنے پر۔

اُودھم کرنا - شور و غل کرنا (رضا) قیامت سے نہین کم ہے جناب شیخ کا آنا + اُدھم کرتے ہین محفل مین بڑا اُلٹا مچاتے ہین۔

اودھیڑ بُن ہونا - فکر ہونا (عالم) ہوئی دل مین اُدھیڑ بُن پیدا + ہوگیا جو بر ترمین کہُن پیدا۔

اُدھیڑ دینا - پارہ پارہ کردینا (داغ) زلف نے اُس کی مارکر کوڑے + دلِ عشاق کو اُدھیڑ دیا۔

اَور ہو جانا - زیادہ ہو جانا۔ (امیر) بانہین لیتے ہی وہ اور ہوگیا وحشی + ہم اپنے ہاتھ سے اپنا شکار کھو بیٹھے۔

اَور ہونا - دوسری ہونا (انیس) راحت کے دن گذر گئے اب فصل اور ہی + اب یون بسر کرو جو یتیمون کا طَور ہی۔

اَور سے اور ہو جانا - ترقی کرنا (داغ) گھڑی گھڑی یون بڑھتا ہے حسینون کا جمال + اور سے اور ہوے جاتے ہین۔

اَور گھر دیکھنا - دوسری جگہ جانا (امیر) مری طرف سے کہے کوئی حضرتِ دل سے + بہت دنون رہے اس دل مین آپ اور گھر دیکھیے۔

اُوڑا انا سیکھنا - پی جانا - چرانا - برباد کرنا - فریب دینا - حاصل کرنا (امیر) کہکے طاؤس نے ہر گام پہ کھائی ٹھوکر + تری رفتار کا انداز اُڑایا نہ گیا (داغ) صبح مسجد کو گئے شام کو میخانہ مین + رات کو ہم نے اُوڑائی صبح استغفار کی (قرار) دلِ عاشق اُڑا دیا چلتے چلتے + عجب چلتا ہوا تیر ادا تھا (شوق قدوائی) کچا چڑیون کو کھاؤن گی مین + دیا سے انھین اُڑاؤن گی مین (امیر) بوگیسوے حبیب خدا کی سونگھا مجھے + عاشق ہون چل اُڑاتی کیا اے صبا مجھے (قرار) اُڑایا دل مگر اس چال سے ظالم نے سمجھا کر + ہمارا دل تمھارا ہی تمھارا دل ہمارا ہی۔

اوڑا جانا چھوڑ جانا (امیر) خط مرا کچھ ادِھر اُدھر سے پڑھا + بیچ سے وہ اُڑا گیا مطلب۔

اُوڑا دینا - رک دینا (امیر) باغبان بلبل و طوطی کی زبان دانی کیا + ہم تو دونون کو اُڑا دیتے ہین تقریر دن مین۔

اوڑا رکھنا - شہرت دیدینا (قرار) ان سے ملنے کی یہ تدبیر بھی کیا خوب رہی + اپنے مرنے کی خبر ہم نے اُڑا رکھی ہے۔

اُوڑا لانا - لے آنا (آہ) اٹھا لائی اُنھین محشر خرامی + قیامت منزلون پیچھے پڑی ہی۔

اُوڑنا - چالاکی کرنا - غرور کرنا - بہادینا - غائب

[illegible] بلبین آنے کی جو سرجھی گے
[illegible] + وہ پری بن گئے شیشے مین اُڑنے
[illegible] آج یکایک سر اُڑتی ہوئی سا گلشن میٔ +
[illegible] سنبل کی اُڑا لائی ہو (شوق قدوائی)
سینی کاغی بلتا مجھے آدمین + اُڑسے پیرا آنچل پڑے
بہادر مین (داغ) کہین انکو دہ پر پیچ و تاب + اُڑا
آج دور تمر دیر تک (داغ) نئی چال چھپتی ہوا پڑ لب +
اُڑ گئی ابھی یہ خبر دیر تک (عاشق) آتا تھا مین قید
کرکے + ذرا شاہ اُڑالے اب اُن سے

اُڑ بھاگنا - تیزی سے بھاگنا (آتش) جوش
وحشت مین جو آگنا کہ کبھی اُڑ بھاگا + سیکڑوں
کوس غزالوں نے پایا مجھکو۔

اُڑ جانا - برباد ہوجانا - مشہور ہو جانا - روانہ
ہوجانا (داغ) ہٹے داغِ دلِ آرزو رہ گئی +
چمن اُڑ گیا او بو رہ گئی (داغ) ہم تصور میں بھی
جو بات ذرا کہتے ہیں + سب میں اُڑ جاتی ہے
ظالم اسے کیا کہتے ہیں (شوق قدوائی) وہ دن
اُڑ گئے ہون صبر و تاب + رہوں کیل کانٹے
ہُشیار اب۔

اُڑ چلنا - ترقی کرنا (قرار) اب اُن کا حسن
دیدہ بدور اُڑ چلا + اب وہ قرار جاکے رہے
آسمان پر۔

اُڑ کے آنا - فوراً آنا (داغ) چاہتے ہین تو
اُڑ کے آئین گے + ورنہ ہر طرح تم کو کھو دین گے

اُڑ نچھو ہونا - غایب ہونا (عاشق) کلام
آنے لگا تمہ یہ سحر نہ جادو + اک بات مین ہو غایب
اُڑ نچھو۔

اُڑی پھرنا - علٰحدہ رہنا (داغ) آئی
اِترائی ہوئی کس کی گلی سے یارب + کہ نسیم
سحری ہم سے اُڑی پھرتی ہے۔

اُڑتی ہوئی خبر دینا - غیر معتبر خبر دینا
(امیر) غربت مین میں آیا تو اُڑی خاک وطن مین +
اُڑتی ہوئی دی ہے یہ بگولوں نے خبر آج۔

اُڑتی پڑتی خبر ہونا - غیر اطمینانی خبر
ہونا (مست) یہ جو واعظ نے کیا کوثر و تسنیم کا
ذکر + اُڑتی پڑتی یہ خبر ہے سے پیتا نہ کہو۔

اُڑتی چڑیا کے پر کترنا - بات کی تہ کو
پہونچنا (قرار) دختر رز پہ شیخ مرتا ہے + اُڑتی چڑیا
کے پر کترتا ہے۔

اُڑتی چڑیا کے پر گننا - ہشیاری کرنا۔
(شوق قدوائی) دانائی بھی ختم اُس پری پہ +
اُڑتی چڑیا کے گنتی تھی پر۔

اُڑتے اُڑتے طاق بیٹھنا - شہرت ہونا
(شاد) محتسب سے چھپکے لے ایلچی بیٹھے کی خبر
اُڑتے اُڑتے طاق بیٹھی تو غضب ہو جائیگا۔

اَوسان خطا ہونا - [illegible]

جب کبھی رقصِ سرگرم جا ہوتے ہین + فلک کو
سکے اوسان خطا ہوتے ہین۔

اُوس پڑ جانا ۔ شرم پڑ جانا۔ بیرونق ہو جانا
یا یوسی چھانا۔ (ظاہر) کیا مقابل ترے عارض
سے چمک کر نکلے + اُوس پڑ جاے اگر مہر منوّر
نکلے (صبا) کیا اُوس پڑ گئی ہے عروسِ بہار پر +
روتے ہین ڈھانپ کے مُنھ باغبان تمام۔
(عالم) اُڑتی پھرتی تھین تم ہزار دن کوس +
پڑ گئی آج تجھ پہ کیسی اُوس۔

اوس سے پیاس بجھنا ۔ قلیل چیز سے
تسکین ہونا (داغ) قطرہ قطرہ پلا نہ اے ساقی +
اُوس سے بجھتی ہے پیاس کہین

اوقات ہونا ۔ حیثیت ہونا۔ بسر ہونا۔
(امیر) دل ہی عاشق کی بڑی سوغات ہے +
اور کیا بیچارے کی اوقات ہے (امیر) ہے توکل
[illegible] اپنی امیر + اُس کے در کی بھیک پر
[illegible]ات ہے۔

[illegible]کتا جانا ۔ پریشان ہو جانا۔ بیدلشتہ خاطر
[illegible] (کمال) دیکھ اُکتا گئی نصیحت سے + تیری
[illegible] اسے [illegible] (جلال) اُکتائے ہوئے ہین
[illegible] سے بھی اب ہم + کیا خاک لگے جی
[illegible] جائے۔

[illegible] (رضا) [illegible]

خواہش تھی گو جا نباز کو + اور بھی اوس تیغ
نے اُکسا دیا۔

اُوکسنا جنبش کرنا (ذوق) مین اُکسنے تک
نہین پاتی + ورنہ اسکے کیے کو خود آتی۔

اُوکٹنا ۔ ظاہر کرنا (افنا) کیونکر زبان سے
اُن کی اپنا بچاؤ ہوئے + ذات وصفات سبکی
جب وہ اگل رہے ہون۔

اُوکٹوانا ۔ بُرا کہلوانا (شوق) بڑھاپے کو
اپنے اُکٹواسے کون + غضب تو یہ ہے اُس کو
سمجھائے کون۔

اُوکھڑنا ۔ خفا ہونا (داغ) کوئی کہہ دے کہ تم نے
دل لیا پھر دیکھیے کیا کیا + اُچھٹتے ہین اُدکھڑتے
ہین پلٹتے ہین مُکرتے ہین +

اُوکھڑے رہنا ۔ بیزار رہنا (داغ) تم تو
اُکھڑے رہے تھین اے داغ + ہر طرح آدمی سے
ملنا تھا۔

اُوکھڑے اُوکھڑے رہنا ۔ خفا رہنا۔
(داغ) وصل کے ذکر نے رنجیدہ کیا کیا ہم سے +
اُکھڑے اُوکھڑے وہ رہا کرتے ہین اکثر ہم سے۔

اُوکھڑی اُکھڑی باتین کرنا ۔ بے
پروائی کرنا (فصاحت) کرو تم مجھ سے اُکھڑی اُکھڑی
باتین + مین سمجھا کچھ رقیبون نے جڑی ہے۔

اُوکھیان چھوڑنا ۔ [illegible]

سودا دکھیا بھیہ پھوڑا کیا + بجا کر کلیجہ کو پھوڑا
گیا۔

اولا ہو جانا - ٹھنڈا ہو جانا (داغ) دیکھتا
ہے ۔ کیا مزے کی تو اسے چارہ گر ۔ دم کہاں
ہے تجھ مین اُولا ہو گیا ہو تن بدن۔

اولٹا دھڑا بندھ جانا - الزام کنندہ
پر الزام آنا (شوق قدوائی) سماؤن تھا نے
مین رُڈ دالکڑا + کہ بندھ جائے تاری پہ اُلٹا دھڑا

اولٹی آنکھین دکھانا - بیجا غصہ کرنا (شاد)
دکھاتے اُلٹی آنکھین ہین یہ دیدے کی صفائی ہو
چُراتے دل ہین دُزدیدہ نگاہون سے بگڑتے ہین

اولٹی آنتین گلے پڑنا - بیجا گرفتار
ہونا (شوق قدوائی) یہ آفت کی چالیں تلے
پڑ نہ جائین + کہین اُلٹی آنتیں گلے پڑ نہ جائین۔

اولٹی پٹی پڑھانا - ملرب بنانا (شوق قدوائی)
کیا جانین آمین پڑھائین کیا کیا + اولٹی پٹی
پڑھانے والے۔

اولٹی چھری سے کاٹنا - بیحد تکلیف دینا۔
(عاشق) یہ خانہ خراب ہو وہ دشمن + بس اُلٹی
چھری سے کاٹے گردن +

اولٹی سیدھی پڑنا - خرابی پیدا ہونا
(شوق قدوائی) سلطان سے کوئی جُڑے تو کیا ہو
اولٹی سیدھی پڑے تو کیا ہو۔

اولٹی سیدھی گرنا - دفعتاً گرنا (شوق قدوائی)
بجلی تو یہ چوٹ ہو چکے سے + اولٹی سیدھی
گرے فلک سے۔

اولٹی گنگا بہانا - خلاف دستور کرنا (داغ)
مجھ پہ رکھتے ہین غیر کا الزام + اُلٹی گنگا بہائی
جاتی ہے۔

اولٹے پھرنا - فوراً واپس آنا (غالب) بندگی
مین بھی وہ آزادہ و خودبین ہین کہ ہم + اُلٹے پھر آئے
درِ کعبہ اگر وا نہوا۔

اولٹے پاؤن پھرنا - واپس جانا۔ فوراً آنا
(امیر) جلوہ دکھا کے رنگِ جوانی ہوا ہوا + آئے
ہی اُلٹے پاؤن پھرے دن بہار کے (عاشق)
ہان دیکھے اُنھین ذرا تسکین + پھر آتا ہوا اُلٹے
پاؤن فدوی۔

اولٹ آنا - واپس آنا۔ (انجم) اُلٹ آئے
مُنہ پہ سر کے بال + کیا بنایا تھا اُس کے عشق
نے حال۔

اولٹ پلٹ ہونا - تباہ ہونا۔ درہم برہم
ہونا (انیس) یون گر اُلٹ پلٹ تھا امام جہان کا
جسطرح ٹوٹ جاتا ہی لنگر جہاز کا۔ (شاد) شب
بیقراری دل کو رقم کر دون + ہو دفتر جہان ابھی
سارا اُلٹ پلٹ

اولٹ پڑنا - حملہ کرنا (داغ) [illegible]

مین اُلٹ دیئے + یہ معشوق ہے کہین
لپٹ دیئے۔

اُوَلجھنا - جھگڑا کرنا - بحث کرنا - جوکنا (قلق)
جتنی دی مین نے طرح آتشنے وہ ہر بار اُلجھے +
بے سبب مجھسے سرِبزم سب اغیار اُلجھے (ظاہر خان ذو)
پھیرلے مطلب مرے سمجھانے سے + ناصحو جاؤ
اُلجھے نہین دیوانے سے (داغ) ہونے نہ دیا رشک
نے اظہار تمنا + ہر بات مین تم اپنی ہی گفتار
سے اُلجھے۔

اُوَلجھن مٹجانا - پریشانی دور ہوجانا (امیر)
یاد آئی جہان زلف بنی مٹ گئی اُلجھن + اچھا
چل ہاتھ لگا رد بلا کا

اُوَلجھیڑا بڑھنا - بحث کو ترقی ہونا (قلق)
جب بڑھا الغرض وہ اُولجھیڑا + بات کو شکل زلف
حاصل ہوا۔

اَول فَول بکنا - بیہودہ بکنا (شوق) پہلے
ھنسنا تھا طوطے جیسے بیطور + سب بکتے تھے اول فول
اور بھی اور۔

اُومنگ ہونا - جوش ہونا (امیر) حسرت
یہ کھڑی ہے جوانون کی قبر پر + یارو کہو
اُمنگ جوانی کی کیا ہوئی۔

اُونچا سنائی دینا - کم سنائی دینا (داغ)
[illegible] خط سنین + اُن کو اونچا سنائی

دیتا ہے۔

اونچ نیچ سوجھنا - نیک و بد خیال مین آنا
(شوق قدوائی) انجان کو کوئی جانے بوجھے +
آنکھین کھلین اونچ نیچ سوجھے۔

اونچ نیچ سمجھانا - راہِ راست بتانا - نیک
و بد سے آگاہ کرنا (داغ) ناصح نے اونچ نیچ تو
سمجھائی ہے بہت + پھر اسکو کیا کرون کہ یہ دل
مانتا نہین (عاشق) پھر میرے کہے سے تم ذرا
جاؤ + بہتر ہے کہ اونچ نیچ سمجھاؤ۔

اون کی سی کہنا - طرفداری کرنا (ہجر) انکی
سی کہہ رہا ہے دل زار حشر مین + جاتی رہی ہے
عقل ہمارے گواہ کی۔

اونگلیان اُٹھنا - رسوائی ہونا (شوق)
اِک نقطہ میری جان جانے مین + اونگلیان
اوٹھینگی زمانے مین۔

اُونگلیون پر نچانا - بیحد پریشان کرنا -
(انشا) سختی اتنی نہ کرا سے شیخ کہ رندانِ جہان
اُونگلیون پہ تجھے جاہین تو نچا سکتے ہین۔

اَونے پونے بیچ ڈالنا - کم قیمت پر فروخت
کردینا - (داغ) اب متاعِ دل پرانی ہوگئی +
اونے پونے بیچ ڈالین گے اِسے

اُونیس بیس ہونا - کم ہونا (داغ)
[illegible]

کسی سے فرقت نہین ہوئی۔

اہلِ کتاب ہونا - قائلِ نبوت ہونا۔ (دبیر) کیونکر نہ قائل ہون مصحفِ رخ کے + ہے شبہ اہلِ کتاب ہین ہم لوگ۔

ایر پھیر ہونا - تغیر ہونا (عاشق) تقسیم کا ایر پھیر کیا ہو + تو فضل کرے تو دیر کیا ہو۔

ایرے پھیرے کرنا - بار بار آمد و رفت کرنا۔ (عاشق) دس بیس کئے جو ایرے پھیرے + شل ہو گئے تھک گئے اُبھرے۔

ایڑیان رگڑنا - مصیبت اُٹھانا (ہلال) دیکھو تو آنکھ اُٹھا کے رگڑتا ہوا ایڑیان + اِک خاک مین ملا ہوا بسمل نگاہ کا۔

ایڑی چوٹی پر قربان کرنا - برباد کرنا (شوق) ایسا ہر اک کی اوج ہوا اسان + ایڑی چوٹی پہ مین کر دون قربان۔

ایکا کرنا - اتفاق کرنا (افضل) کیا ہو روز محشر کی گنہگارون سے یہ ایکا + بتاتا ہی حسین کوئی کہ کس سا کون قاتل ہو۔

ایک ایک کا منھ دیکھنا - متحیر ہونا (امیر) کرتے ہین جو لوگ ذکر اُن کا + ایک ایک کا منھ مین دیکھتا ہون۔

ایک ایک کرکے لے لینا - چن لینا (داغ) اہلِ محفل کو اُس نے لوٹ لیا + سب سے لے لئے ایک ایک کرکے دل۔

ایک بات کہنا - (اچھی قیمت کہنا) (دل) کچھ بیش کم و کا ذکر نہین اس سے جناب شیخ + ہے ایک بات پیرِ مغان کی دوکان پر۔

ایک پر ایک گرنا - بہت مجمع ہونا (امیر) واہ رے شوقِ شہادت ایک پر گرتا ہے ایک + عمر گذری ہے کہ دم لینے نہین پاتی ہے تیغ۔

ایک پر بیٹھے ہوئے ہونا - کسی پر اِکتفا کرنا (داغ) وہ ہرجائی اگر ہے داغ ہو تم بھی تو آوارہ + یقین کب ہے کہ بیٹھے ہوئے تم ایک پر کیا ہو۔

ایک جان دو قالب ہونا - بہت دوستی ہونا (شوق) محبت مین مطلوب طالب تھے دو + کہ بس ایک جان دو قالب تھے وہ۔

ایک رنگ آنا ایک رنگ جانا - متغیر ہونا (جلیل) جنون مین ایک رنگ آتا ہے ایک جاتا ہو + مرے چہرے پہ نقشہ کھنچ گیا ہے میری وحشت کا۔

ایک سے ہونا - ہمخیال ہونا (منیر) کوئی ایسا نہین واعظا نہ ہو جسکو خیال ۔۔۔ ہے سب یہ خرابات نشین ہوتے ہیں۔

ایک سی ہونا - برابر ہونا ۔۔۔ اپنا چشم حقیقت ۔۔۔

[illegible] اطمینان ہو پہر۔

ایک سے دن نہ رہنا – حالت بدلتی رہنا (میر حسن) کبھی تو مین بھی ہو ہوگا نہ اس عالم پہ یا سیرے + نہین رہنے کے ظالم ایک سے یہ دن سدا میرے۔

ایک صورت سے گذرنا – ایک ہی حالت سے بسر ہونا۔ (داغ) گذرے اوقات عیش و عشرت سے + دو مہینہ تک ایک صورت سے۔

ایک طرح پر گذر جانا – ایک ہی حالت بسر ہونا (داغ) نیرنگ روزگار سے بدلا نہ رنگ عشق + اپنی ہمیشہ ایک طرح پر گذر گئی۔

ایک کر ڈالنا – ملا دینا (داغ) دیکھ تو [illegible] کو جوش گریۂ بسمل نے کیا + ایک کر ڈالا [illegible] شمشیر کا۔

ایک کی سو سو سنانا – تھوڑے قصور پر [illegible] (داغ) وہ سنایا ہی کیے ایک کی سو سو مجھ کو + حرف مطلب مرے لب [illegible]۔

ایک کی ایک سے نہ بننا – آپس [illegible] (داغ) تو نے [illegible] [illegible] ایک سے [illegible]۔

[illegible]

ربخ دوسرے کو پہنچنا (داغ) صدمہ پہنچا جگر کا دل پر (داغ) + ایک کی چوٹ ایک پر آئی۔

ایک کو ہزار کرنا – تھوڑے کو بہت ظاہر کرنا (داغ) دل کی بالیدگی سے دل خوش ہوئے + ایک کی چوٹ ایک پر آئی۔

ایک منھ ہونا – متفق ہونا (داغ) دل بھی شاکی ہے تیرا میرے ساتھ + ایک منھ اک زبان ہین دونوں۔

ایک نہ سننا – متوجہ نہونا (امیر) کچھ کہے کوئی وہ اپنی بخد کہتے ہین + ایک سنتے نہین کہئے اسے کیا کہتے ہین۔

ایک نہ ماننا – بالکل قبول نہ کرنا (محسن) چاہ کر گر دینا مین اسکے آستان سے لگئے + ایک بھی مانی نہ میری [illegible] گیا۔

ایک نظر دیکھ لینا – تھوڑی دیر دیکھنا (قرار) میرے جگر کو ایک نظر دیکھ لیجئے + پھر آپ باڑھ دیکھئے تیغ نگاہ کی۔

ایک ہو جانا – اتفاق کر لینا (حالی) گو سدا آپس مین لڑتے اور جھگڑتے تھے مگر + وقت جب پڑتا تھا آکر ایک ہو جاتے تھے ہم۔

ایک ہونا – ہمثل ہونا یکسان ہونا (جلیل) کیا بات بانکپن کی خدا رکھے ایک ہو + ہوتے ہین ایسے نوک پلک کے جوان کہین (امیر) اس سے رشک اُس سے ضرر دونون خدا کے ایک ہین + [illegible] ایک ہین۔

ایک ہی کے ہو رہنا۔ مخصوص کرلینا (صبا) مجنون نہین کہ ایک ہی لیلیٰ کے بنے رہین ❊ رہتا ہے اپنے ساتھ نیا اک نگار روز۔

ایک ہی لاٹھی سے سب کو ہانکنا۔ سب کو یکسان سمجھنا (گلزار نسیم) موسیٰ کا عصا تھا نشہ جوان تھا + ایک ہی لاٹھی سے سب کو ہانکا

ایچ پیچ کی باتین کرنا۔ فریب آمیز گفتگو کرنا۔ (داغ) نہین ہے پیچ سے خالی تمہاری کوئی بات + یہ ایچ پیچ کی باتین سمجھ مین کیا آئین۔

اینٹھنا۔ حاصل کرنا (شوق قدوائی) لو مسافرین سے کچھ قصد وطن کے نام سے ❊ گھر مین مرنے کہہ کے کچھ اینٹھو کفن کے نام سے

اینٹھ لینا۔ قبضے مین کرلینا (داغ) کسی معاملے کی بات زلف نے تیری + سمجھ کے مفت کا مال اُس نے دل کو اینٹھ لیا۔

اینٹ سے اینٹ بجا دینا۔ برباد کردینا (داغ) لشکر غم نے کیا کعبۂ دل کو برباد + اینٹ سے اینٹ بجا دی ہے خدا کے گھر مین۔

اینٹ کی خاطر مسجد ڈھانا۔ تھوڑے نفع کے لیے بہت نقصان کرنا (آتش) کون چھیے بت کو تو منہ پھیر کے دکھ کرن [illegible] ساغر کی خاطر [illegible] مسجد ڈھانے گا۔

اینڈنا۔ مستی اور غرور کا اظہار [illegible] جون تاک اینڈتے ہین پڑے میکدے [illegible] زاہد بھلا یہ عیش ہے باغ بہشت مین۔

اینڈی بینڈی سُنانا۔ بُرا کہنا۔ (داغ) بانکپن اپنا وہ دکھاتے ہین + اینڈی بینڈی مجھے سُناتے ہین۔

ایمان بیچنا۔ ایمان ضائع کرنا۔ (داغ) ایمان کا بیتا ہے اُن کی شہادتون سے + جو کوڑیون پہ اپنا ایمان بیچتے ہین۔

ایمان بغل مین دبانا۔ بے ایمانی کرنا (شوق قدوائی)۔ تو حق کو مانے نہ قرآن کو بغل مین دبائے ہے ایمان کو۔

ایمان پھر جانا۔ عقیدہ پلٹ جانا (داغ) کعبے کی سمت جا کے مرا دھیان پھر گیا + اُس بُت کو دیکھتے ہی بس ایمان پھر گیا۔

ایمان ٹھکانے نہونا۔ بدنیت ہونا (داغ) جھوٹی قسمون سے کہا تک [illegible] کھائے + نہین ایمان ٹھکانے تمہین ہم جانتے ہین

ایمان جانا۔ اعتبار جانا (داغ) [illegible] سے یا لحاظ سے مین مان تو گیا + [illegible] آپ کا ایمان تو گیا۔

ایمان [illegible] [illegible]

[illegible] دیکھ کر

ب

بات آنا - الزام آنا۔ سلیقہ ہونا (داغ) بات آئے نہ ہم پہ لے قاصد + یون ادا کیجیو ہماری بات (داغ) کچھ اور بھی سمجھے اے داغ بات آتی ہے + وہی جون کی شکایت وہی تکلیم دل کا۔

بات اُٹھانا - برداشت کرنا (داغ) واہ ری اُن کی نازکی کی بات + اُن سے اُٹھتی نہین کسی کی بات۔

بات اوٹھا رکھنا - کمی کرنا (داغ) آپنے میرے سُنانے کے لیے + کون سی بات اُٹھا رکھی ہے۔

بات اولٹنا - جواب دینا (داغ) ہم سے سنتے ہین کب وہ ساری بات + کہ اُلٹتے ہین وہ ہماری بات۔

بات آنچل مین باندھ رکھنا - یاد رکھنا (داغ) سرکی چادر تک نہ چھوڑے گا + باندھ رکھو میری بات آنچل مین۔

بات بات پر کھینا - ہر وقت روٹھنا [illegible]

بات بالا رہنا - نیک نامی ہونا (ظفر) کس سب طرح اسے شہ والا + آپ کی بات اتنی ہے بالا۔

بات بگڑنا - معاملہ خراب ہونا (مومن) یون بناکر حالِ دل کہنا نہ تھا + بات بگڑی میری ہی تقریر سے۔

بات بڑھ جانا - جھگڑا ہوجانا۔ شہرت ہوجانا (داغ) بات بڑھ جائے گی جو چپ رہو خیر یہی سہی تمھاری بات (مست) تری اُلفت سے بڑھ گئی ہے بات + ورنہ مین کیا مرا فسانہ کیا

بات بدلنا - مکرنا (داغ) باوفا کہہ کے بیوفا نہ کہو + کیون بدلتے ہو ایسی پیاری بات۔

بات بنا رکھنا - فریب کرلینا (قرار رضا) شام سے آج حنا اُس نے لگا رکھی ہے + جھوٹ سچ کے لیئے اِک بات بنا رکھی ہے۔

بات پکانا - منسوبہ کرنا (داغ) پکا لو بات ابھی داغ دل ہی دل مین تم + کُھلے گا راز محبت تو غیر کھٹکین گے۔

بات پھوٹنا - بھید ظاہر ہونا (داغ) بات دل کی نہ پھوٹ جائے کہین + رکھ لے میری راز داری بات۔

بات پکڑنا - اعتراض کرنا (داغ) [illegible]

بات پانا۔ مطلب حاصل ہونا (داغ)۔ ہو سکے جب آپ کو ملے محبوب + گم ہو سکے تب یہ بات پائی ہے۔

بات پا جانا۔ دریافت کر لینا (داغ)۔ ہیں تو اشارہ فہم بھی ہیں زود فہم بھی + ملتے ہی آنکھ بات تیرے دل کی پا گئے۔

بات پیدا کرنا۔ حیلہ کرنا (جلیل)۔ بن نہیں پڑتی شب وعدہ بُت حیا سے + دیکھنا ہے وہ زبان اب بات کیا پیدا کرے۔

بات پر آ جانا۔ ضد کرنا (داغ)۔ جانتا ہوں مری نہ مانیں گے + آ گئے ہیں وہ بات پر اپنی۔

بات پچنا۔ پوشیدہ کرنا۔ ضبط کرنا (داغ)۔ راز میرا عدو سے کہتے ہو + بات پچتی نہیں ذرا تم سے (ظفر)۔ تم بھی کتنی ہو پیٹ کی ہلکی + بات کوئی تمہیں نہیں پچتی۔

بات پر جانا۔ یقین کرنا (داغ)۔ یہ ترک راہ ورسم دنا کا سبب ہوا + ناصح کی بات پر جو گئے ہم غضب ہوا۔

بات جانا۔ توہین ہونا (اسیر)۔ مفت ذلت ہوئی اُمیدِ مدارات گئی + بات کی غیر سے اس نے تو مری بات گئی۔

بات جھوٹا لانا۔ غلط سمجھنا (داغ) بولا

وہ کہ ہے یہ دوسری بات + لیکر [illegible] آپ کی بات۔

بات چلنا۔ تذکرہ ہونا (داغ)۔ جب [illegible] وصل اُن سے بات چلی + بات کی بات [illegible] میں رات چلی۔

بات چیت ہونا۔ گفتگو ہونا (داغ)۔ ہم بھی کچھ کہتے وہ بھی کچھ کہتے + بات چیت [illegible] اب نہیں ہوتی۔

بات ڈولکھنا۔ بات قبول نہ کرنا (خوش)۔ کس منہ سے ڈولکھتے آپ کی بات + اعجاز ہے ہر سخن کرامات۔

بات رہنا۔ فتح ہونا۔ ضد پوری ہونا [illegible] بات وقت امتحان اب دیکھئے کس کی رہے [illegible] جان میں ہوں تو وہ سفاک ہے [illegible] یوں رہتی ہے بات بھی ہماری + کرتا ہوں [illegible] خواستگاری۔

بات رہ جانا۔ شہرت باقی رہنا۔ عزت [illegible] رہنا۔ یاد رہنا (داغ)۔ ایک دن ہم [illegible] دنیا میں + اور رہ جائے گی ہماری بات [illegible] وہ جوشِ قتل دل نے بڑھایا [illegible] بات کو چڑ قاتل ہی [illegible] گئی (جلیل) [illegible] سے رُکا [illegible] اور وقت گذر جاتا ہے

بات رکھنا۔ عزت نہ گنوانا (اسیر) ظلم
اُس بُت کا نہ سے بیٹھیو خالق کے حضور + اے
[illegible] حشر کے دن بات ہماری رکھنا۔

بات رکھ لینا۔ توہین نہ ہونے دینا (جلیل)
آئینے کا ہو بھلا بات ہماری رکھ لی + خود وہ بیساختہ
بول اُٹھے جمال اچھا ہے۔

بات سنوارنا۔ تقریر کو سنبھالنا (داغ)
حال کہہ کر پلٹ گیا قاصد + خوب بگڑی ہوئی
سنواری بات۔

بات کا سر پیر نہ ہونا۔ سلسلۂ گفتگو
درست نہ ہونا (داغ) کیون دعوئے رقیب سراسر
غلط نہ ہو + جب اُن کی بات کا کوئی سر ہو نہ پیر ہو

بات کاٹنا۔ قطع کلام کرنا (داغ) تیغ اُنکی
زبان سے کر یا [illegible] کاٹ دیتے ہین وہ ہماری بات۔

بات کرنا۔ التفات کرنا (داغ) کون مفلس
سے بات کرتا ہے + کہ زمانہ بھرے کو بھرتا ہے۔

بات کو کھٹائی مین ڈالنا۔ جھگڑا کرنا
(ذوق) ہوسکے اک بوسے پہ ترش ابرو +
بات کو ڈالا نہ کھٹائی مین۔

بات کھونا۔ بے عزتی کرنا۔ عزت گنوانا (رند)
[illegible] کے + بات بھی کھوئی التجا
[illegible] (داغ) [illegible] بات
[illegible] کے بات بھی کھوئی

بات کو بڑھانا۔ بحث کرنا (داغ) [illegible]
بات کو بڑھاتی ہو + بے سبب روز کو غصے
کھاتی ہو۔

بات کھل جانا۔ بھید ظاہر ہو جانا (داغ)
تمھاری بات زمانے مین کھل ہی جاتی ہے + یہ
بات کیا ہے کہ اس کی خبر نہین چھپتی۔

بات لکھنا۔ کیفیت تحریر کرنا (داغ) بات
پر بات یاد پھر آئی + لکھ چکا تھا اگرچہ
ساری بات۔

بات ماننا۔ منظور کرنا (داغ) وفا کرینگے
نباہین گے بات مانین گے + تمھین بھی یاد
ہے کچھ یہ کلام کس کا تھا۔

بات مین بات نکالنا۔ ناز کنایے سے
کام لینا (داغ) گالیون مین ادا نکالی ہے + بات
مین بات کیا نکالی ہے۔

بات مین فرق آنا۔ بے اعتباری ہونا
(امیر) ہرگز نہ فرق آئے مری بات مین امیر
اِکبار جو کہا ہے وہی عمر بھر کہون۔

بات نکالنا۔ تدبیر پیدا کرنا (داغ)
حشر مین کچھ نہ کچھ نکالے گی + میری سفارش
گناہگاری بات۔

بات نکلنا۔ ناز معشوقانہ ظاہر ہونا۔
(داغ) [illegible]

سمجھے ہو مگر ایک بات تجھ میں گلستاں بھر بھی۔

بات نہ پوچھنا۔ متوجہ نہ ہونا (داغ) خود ہی مجھے بلایا پھر بات بھی نہ پوچھی + وہ انجمن میں اپنی مہمان کر کے بھولے۔

بات نہ ہونا۔ دشوار نہ ہونا۔ طرز نہ ہونا۔ (داغ) ہم کو ایک ایک گذرتی ہے قیامت کی گھڑی + اُس کے نزدیک تو کچھ بات نہیں آتی سے کل (تحق) با اہل انکا سا التماس نہیں ہے بات کرتی ہو پردہ باس نہیں۔

بات نیچی پڑنا۔ حقارت ہونا (ریاض) تیرے عہد ستم میں اسکا کیا ذکر + فلک کی بات بھی نیچی پڑی ہے۔

بات ہونا۔ انداز ہونا شکل ہونا۔ لطف ہونا۔ صفت ہونا (داغ) تیرے عاشق نہوں تو کس سے ہوں + تم میں جو بات ہے وہ کس میں ہے۔ (دل) بوسۂ لب کے لیئے آپ زبان دیں تو سہی + پھر کوئی بات ہے وعدے کا وفا ہو جانا (دل) اے درد عشق اُن کو بھی تڑپا شب فراق + تو بات ہو کہ وہ بھی کہیں ہائے ہائے دل (غالب) واعظ نہ تم پیو نہ کسی کو پلا سکو + کیا بات ہے تمہاری شراب طہور کی۔

باتوں باتوں میں کام نکالنا۔ ترکیب سے کام بنانا (داغ) نامہ بر دیکھ کے تیور

انھیں غلط دینا تھا + باتوں باتوں میں ... بحال ہونا۔

باتوں میں کام بننا۔ سہولیت سے کام ہونا۔ (داغ) نامہ بر تجھ کو سلیقہ ہی نہیں + کام باتوں میں بنا کرتے ہیں۔

باتوں میں آنا۔ دھوکا کھانا۔ (داغ) پیامبر تری باتوں میں کب ہم آتے ہیں + ہاں ضرور گیا اور تو ضرور آیا۔

باتوں میں ٹالنا۔ حیلہ کرنا (شاد) کسی سے کرتے ہیں خوش کلامی کسی سے کرتے ہیں حیلہ سازی + کسی سے کرتے لگاوٹیں ہیں کسی کو باتوں میں ٹالتے ہیں۔

باتوں میں لگانا۔ دوسری طرف متوجہ کرنا۔ (داغ) میں دیکھ لوں اُسے وہ نہ دیکھے مری طرف باتوں میں اُسکو کوئی لگائے ذرا سی دیر۔

باتیں اُوڑانا۔ تعلی کرنا (قرار) آیا جو وقت پیار کا مُنہ کو چھپا لیا + باتیں اُڑا رہے تھے اِسی مُنہ سے چاہ کی۔

باتیں بنانا۔ فریب کرنا۔ بڑائی کرنا (شعر) ہزار بار جو تقریر میں ہوا ہو بند + مسیح جانے بھلا کیا بنائیگا پھر کیا (افضل) خاموش ہو نہیں شوق سے باتیں بنائیے + گرکچھ کہوں تو بگڑیں سرکار اور بھی۔

تین بگھارنا۔ جھوٹ بولنا (داغ) فسانۂ
غم سُنایا تو بولے وہ جھوٹ بولتا ہے + سُنی
ہے بہت کہانی نہ ہم سے ایسی بگھار باتین۔

تین چکنا نا۔ خوشامد کرنا۔ (شوق قدوائی)
لگے آ کے مجھ سے گھاتین + چکنا ڈُالین سے
کے باتین۔

تین چھانٹنا۔ معترض ہونا (داغ) خدا کی
ان ہے محفل مین تیری + عدو بھی ہمیہ باتین
چھانٹتے ہین

تین چبا چبا کے کرنا۔ تکبر کی گفتگو
نا (عاشق) تم اپنے جو دلبہ ہاتھ دھرتین +
تین نہ چبا چبا کے کرتین۔

تین سُنانا۔ ملامت کرنا (جلال) مین
پ ہون اور وہ باتین سُنا رہا ہے مجھے + مریطرف
سے ہو تو گفتگو کوئی۔

تین سُنوانا۔ بُرا کہلوانا (تلق) باتین سنواتا
ہے سامنے گلے خون کی دل اُٹھین + تاب آتی
ہی بھی جھکو نہ آدمی بات کی۔

باتین لمبی چوڑی کرنا۔ خودستائی کرنا۔
(عاشق) شیخی سے وہ لمبی چوڑی باتین + اور کی
ا رہے تھے گھاتین۔

باچھین کھل جانا۔ خوش ہوجانا (رضا)
آج یون برہم ہوئے + بزم مین
دشمن کی باچھین کھل گئین۔

بادِ ہوائی بات ہونا۔ غیرمعتبر ہونا
(قرار) بادِ ہوائی بات ہے اختر شناس کی + پہلے
جو آسمان تھا وہی آسمان ہے اب۔

باڑھ پر ہونا۔ ترقی پر ہونا (امیر) پانی
تری چھُری کا ہے یون ہی جو باڑھ پر + دریا
بہین گے دشت مین خونِ شکار کے۔

بازار سرد ہونا۔ بیرونقی ہونا (انجم)
یوسف کا حسن عہدِ زلیخا مین فرد تھا + نکلے جو
وہ تو مصر کا بازار سرد تھا۔

بازار کرنا۔ عام کرنا (اسیر) قیس و امق
کو مرے ساتھ گرفتار نہ کر + اے جنون خانہ زنجیر
کو بازار نہ کر

بازار کی مٹھائی ہونا۔ آسان ہونا
(قرار) یار کا بوسۂ لبِ شیرین + کوئی بازار
کی مٹھائی ہے۔

بازی لیجانا۔ سبقت لیجانا (داغ) جیت کے
بازی سرِ مقتل بھی بازی لے گئے + ہم نہ سمجھے
ایسے کہ جانبازی کی بازی ہارتے۔

باغ لگا دینا۔ رونق دیدینا (جلیل) ہائے
وہ پھول سے رخسار وہ قد بوٹا سا + جس جگہ
بیٹھتے ہین باغ لگا دیتے ہین۔

باغ باغ ہونا۔ بیحد خوش ہونا (امیر)

ہنر باغ باغ بلبل جسطرح تو چمن میں + پھرتے تھے یونہیں ہم ہی خوش خوش کبھی وطن میں۔

باغ و بہار کرنا۔ رونق دینا (رند) کھلے زخم تا بسر اپا شگفتہ ہیں + باغ دیا ہا یار کی تلوار نے کیا۔

بالا بتانا۔ فریب دینا (داغ) زمانا ہم نے دیکھا ہے زمانا ہم نے دیا ہو + ہمیں دیتے ہیں وہ دھوکے ہمیں بالا بتاتے ہیں۔

بالاے طاق ہونا۔ رفع ہونا (امیر) مسجد سے سوے میکدہ اے شیخ یون نہ دیکھ + بالاے طاق ہونہ عقیدہ مریکا۔

بال بال بچانا۔ بالکل محفوظ رکھنا (داغ) اسے حلقۂ کاکل نہ تمین ہوا اے داغ + مرے مولا نے بچایا ہی بال بال مجھے۔

بال بال بچنا۔ بالکل بچنا۔ (شوق قدوائی) بچی ایک دن بال بال آبرو + تو اب لے چلے یہ چال آبرو۔

بال باندھا غلام ہونا۔ مطیع فرمانبردار ہونا۔ (داغ) بال باندھا مرا غلام ہے تو + اسی باعث سے نیک نام ہے تو۔

بال باندھا نشانا اوڑانا۔ ٹھیک نشانے پر لگانا (داغ) نہ چھوٹا تیر مژگان نے ہو دل سے اوڑایا بال باندھا یہ نشانا۔

بال باندھا نشانا ہونا۔ صحیح نشانا ہونا (امیر) نہیں بچنے کا ترے تیر نظر سے دل زار بال باندھا ہے یہ اسے ترک نشانا تیرا۔

بال بیکا ہونا۔ صدمہ پہونچنا (اسیر) شانہ اختیار تو کرتے ہیں تری زلفوں میں + ہاتھ کالوں جو کوئی بال ہو بیکا تیرا۔

بال بھر نہ ٹھہرنا۔ کسی قدر بھی نہ ہونا (دبیر) محشر میں بال بھر وہ نہ ٹھہرے گنا ہگار + سائے دبال چاہئے نالون کے سر گئے۔

بال برابر لگی نہ رکھنا۔ ذرا بھی کوتاہی کرنا (ذوق) ہے تیرے کان زلف معنبر لگی ہوئی + رکھے گی یہ نہ بال برابر لگی ہوئی۔

بال کی کھال نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا (ذوق) لستا دن عشق کا ناصح کو بھی حال + نکالے گا کہاں تک بال کی کھال۔

بال کی کھال کھینچنا۔ نازک خیالی کرنا۔ (داغ) مضمون کر میں تیرے شعر + کیا بال کی کھال کھینچتے ہیں۔

بانا بدلنا۔ تبدیل وضع کرنا (صفدر) آپ نہ پہچانیں گے اُس شوخ کے دربان صفدر دھوکا دینے کو غضب تم نے یہ بانا بدلا۔

باندھ کے رکھنا۔ حفاظت سے چھپا کر رکھنا (امیر) آنکھیں دکھلاتے ہو جوبن تو دکھاؤ اپنا

باندھکے رکھا ہو جو کل چاہو۔

بانس پر چڑھا دینا - بدنام کرنا (معروف) اپنے ہیں کو چندہ بازار مین رسوا سمجھ کر + بانس پر تجھکو رقیب ور چڑھا دیتے ہین۔

بانگی دکھانا - نمونہ دکھانا (داغ) اسے پیرے فروش لگائین گے دام پھر + تو بانگی دکھا ہمین پہلے شراب کی۔

بانکپن کا اظہار ہونا - اظہار شان ہونا (جلیل) وہان تو چرخ سے بھی بانکپن کا ہی اظہار + ہلال دیکھ کے ٹیڑھی کلاہ کر لینا۔

باوا آدم نرالا ہونا - نیا انداز ہونا۔ (داغ) بظاہر آدمی ہین آدمیت کب ہی غیر دنمین + عجب خلقت ہی ان کا باوا آدم ہی نرالا ہی۔

باہر نہ ہونا - انحراف نہ کرنا (صبا) یا رب وہ دور سے ہو کر راہ بھی سیکھے + باہر نہین ہین ہیبت پیر مغان سے ہم۔

باہر ہونا - علحدہ ہونا۔ (داغ) وہ پرزہ جو مضمون اُسے مین نے لکھا ہے + ہی کاتب تقدیر کی تحریر سے باہر۔

بائین ہاتھ کا کھیل ہونا - بہت آسان ہونا (شوق قدوائی) فعل جو جائز نہ تھا جائز ہوا + کھیل بائین ہاتھ کا گویا جوا ہوا آجکل۔

بائین ہاتھ کا داؤن ہونا - بہت آسان ہونا۔ (داغ) اثر نہ کیون ہو وہ ہو اپنے بائین ہاتھ کا داؤن + کہہ گئے ہین ہروا ان ہتھکنڈے دعا کے مجھے۔

بایان قدم لینا - تعظیم کرنا (ہجر) میکدے مین شیخ صاحب مُنہ چھپا کر آئے ہین + میکشو لینا ذرا بایان قدم اُستاد کا۔

بایان پانوُن پوجنا - قائل ہو جانا (شاد) کیا دیا فقرہ کہا تھا اسے بُت دکھانا چاہئے + برہمن تیرا بھی بایان پانوُن پوجا چاہیئے۔

بپھرنا - خشمناک ہونا۔ بیحد غصے مین ہونا (صبا) بپھرا ہے جھڑیون پہ مری شیر کیطرح + دیکھے کوئی ذرا سگِ دلدار کا مزاج (امیر) غضب ہے سامنا غصے مین اُن خونخوار آنکھون کا + شکارِ شیر کرتے ہین جو یہ آہو بپھرتے ہین۔

بُت بن جانا - خاموش ہو جانا۔ محو ہو جانا (جلال) محشر مین تم اعکوہ خدا سے ترے آ کے + بن جائین گے بُت ہم سے تو اک بات نہ ہوگی (امیر) بُت بن گئے ہم امیر آخر + یہ یادِ صنم کی انتہا ہے۔

بتوُلے بنانا - سخن سازی کرنا (شوق قدوائی) بتوُلے بنانے کو آئین ہوُا + یہ بیٹے کا پیغام لائین ہوُا۔

بٹّا لگانا - عیب لگانا (داغ) بُرا کہکے

کب حال دل سنا لگایا + کہ حال کو تم نے بڑا لگایا۔

بچاؤ ہونا - نجات ہونا (داغ) ہائے کس لیے عاجز ہوا ظالمون بھی + موت سے کب بچاؤ ہوتا ہے۔

بچھا جانا - مائل ہو جانا (داغ) ہو گیا صیاد بھی عاشق مزاج + خود بچھا جاتا ہے اے دام پر

بچھا دینا - زمین پر گرا دینا (داغ) گل نے جو ہمسری ترے عارض سے کی کبھی + باد صبا نے مار کے اُس کو بچھا دیا۔

بچھ جانا - نثار ہو جانا - اظہار انکساری کرنا (امیر) اس روش سے وہ چلے گلشن مین + بچھ گئے پھول صبا لوٹ گئی (داغ) ہم بچھے جاتے ہین تواضع مین + کبھی مہمان وہ جو آ نکلے

بچت نہ ہونا - نفع نہ ہونا (داغ) سودے مین جنس دل کی دو لا نکل گیا + بیوپار وہ کیا تھا کہ جس مین بچت نہ تھی۔

بچ کھیلنا - علیحدہ رہنا (داغ) عشق مین ہم نے کی تھی سربازی + بچ گئی جان خوب بچ کھیلے۔

بچی کھچی ہونا - باقیماندہ ہونا (دل) وہ لاہور ن کے واسطے تحفے مین بھیجدے + ساقی بچی کھچی ہو جو تیری دکان پر۔

بچل جانا - لوٹ جانا (داغ) عشق کی راہ ہے بہت دشوار + چلتے چلتے بچل گئے لاکھون۔

بحال ہونا - موقوف شدہ کا تقرر ہونا۔ صحت پانا (داغ) جس کی موقوفی ہوئی ہو تا نہین پھر وہ بحال + عشق کی سرکار مین قانون جاری ہے یہی۔ (سحر) وہ تمام ہی کے مسیحا ہین کیا چلائین گے + کوئی مریض محبت بحال بھی نہ ہوا۔

بحث نہ ہونا - مطلب نہ ہونا (داغ) حور سے بحث نہین ہان یہ بتا اے واعظ + لاکھ دو لاکھ مین ہو ایک وہ صورت کیسی۔

بخار آنا - جوش آنا (داغ) دل کو ہے جوش زلف کا تیری + اس بلا سے بخار آتا ہے

بخار نکالنا - کدورت نکالنا (داغ) بخار اچھا نکالا سوز دل نے چشم گریان پر + کہ ہر آنسو بنگ آبلہ ہین نوک مژگان پر۔

بخیہ اُدھڑنا - عیب ظاہر ہونا (داغ) سوزن عیسیٰ کا بھی بخیہ ادھڑتا ہے یہان + اپنے وحشی کا ذرا چاک گریبان دیکھنا۔

بدا ہونا - قسمت مین ہونا (شوق قدوائی) خط کا سودا لکھا ہوا تھا + تنکے چننا بدا ہوا تھا۔

بدراہ ہونا - بدچلن ہونا (عاشق) مین انہین نہین خدا ہی آگاہ + ہوتے ہین وہ اور لوگ بدراہ۔

بدک جانا - بدگمان ہو جانا (داغ) شعر

بھڑکائے جو ذرا داغ کے + سنتے ہی فسانہ
وہ مجھ سے بھڑک گئے۔

بدلا لینا ۔ انتقام لینا (عاشق) بدلا کوئی
لینے والا نے گا + خالق مری چپ کی داد دیگا۔

بدل جانا ۔ وعدہ خلافی کرنا (امیر) ہو چکا
وعدہ کہ کل آئیے گا + دیکھیے اب نہ بدل جائیگا

بدن ٹوٹنا ۔ اعضا شکنی ہونا (ناسخ)
ساتھ غشیوں کے بدن ٹوٹنے لگتا ہے مرا +
ساتیا مجھ کو کبھی تو بھی راس نہیں۔

بدن چورا کے اوٹھنا ۔ آہستہ سے
اٹھنا (داغ) ہمارے پاس جو بیٹھے تو کسمسا کے
اٹھے + مجرا کے آنکھ وہ اپنا بدن چرا کے اٹھے۔

بدن سنسنانا ۔ خون کرنا (عالم) کوئی بتا
بھی کہ کہیں کھٹکا + سنسنایا بدن تو دل دھڑکا۔

بدو ہو جانا ۔ بدنام ہو جانا (جان) سوت کی
بات کا معلوم جو پہلو ہو جائے + میں وہ رسوا
کردوں سب لوگوں میں بدو ہو جائے۔

بدی ہونا ۔ قسمت میں ہونا۔ شرط ہونا ۔
(شوق قدوائی) سمجھا کوئی بیکلی بری ہے + بیرنگ
ہوا کیہ آج کی ہے (شوق قدوائی) کیونکہ یاں پھر
تو ہاتھ جوڑو + آنچل کی نہیں بدی ہی چھوڑ دو۔

براج رہنا ۔ قیام کرنا (داغ) غیر کے
گھر میں تم براج رہے + مشتعل ہم سے آج رہے

برآنا ۔ حاصل ہونا (عاشق) برآئے دلوں
کے سارے ارمان + شان اُس کی یہ قدرتی
تھے سامان۔

برائے نام ہونا ۔ کم ہونا (افضل) غفلت
کا ہوش کس کو ہے افضل مری طرح + یوں تو برائے
نام ہیں میخوار اور بھی۔

برابر ہونا ۔ یکساں ہونا (عالم) رنج و راحت
سے ہم کو بہتر ہے + شادی و غم یہاں برابر ہے۔

برابر ہو جانا ۔ برباد ہو جانا (جلیل) رات کو
ہونا نہ سونا سب برابر ہو گیا + تم نہ آئے خواب
میں آنکھوں میں خواب آیا تو کیا۔

برابری ہونا ۔ ہمسری ہونا (داغ) نگاہ
شوق ہی دے کچھ جواب چل پھر کر + تمہاری چال
کی کس سے برابری ہو گی۔

برا بھلا سننا ۔ ملامت سننا (داغ) دل کو
چین ہی نہیں آتا + اُن سے جب تک برا بھلا نہ سنے

برا بھلا کہنا ۔ غصہ کرنا (ہجر) بری بھلی کبھی
میں ایک بار بھی نہ کہوں + برا بھلا کوئی کہہ لے
ہزار بار مجھے۔

برا وادیجانا ۔ دھوکا دیجانا (قرار) کیسے
چلتے ہوئے ہیں یہ حسین + باتوں باتوں میں
براوا دے گئے۔

برتنا ۔ نباہنا (مضطر) کچھ ادھر ہی دستکاری ہیں

جوکے بسے + وہ رسم نہ برتو جو زمانے
سے ہو چکی ہے۔

برتاؤ کرنا - سلوک کرنا (مالی) پہ زمانے میں
رہیں گے تا قیامت یاد کلام + جو کئے برتاؤ
تم نے بہت اسے ہندوستان۔

برتاؤ اچھا نہ ہونا - طرزِ عمل بُرا ہونا (داغ)
اچھا نہیں اچھا نہیں برتاؤ تمھارا + دیکھو اثر جلے
کہیں بھاؤ تمھارا۔

برسے پر ہونا - عروج پر ہونا (عاشق)
نادان ہیں اُنکے میں نذر رہیں + بھوکے بھی کسکے
برسے پر ہیں۔

برجستہ ہونا - فی الفور موزون ہونا (جلیل)
ازل سے باغ میں جھنڈے گڑے ہیں خیابان اپنے
یہ جلنے سرو موزون ہیں مرے برجستہ نالے ہیں۔

برخلاف ہونا - مخالف ہونا (جلال) وہ
ہمیشہ جو کچھ مہربان ہو رہا ہو + بہت برخلاف آسمان
ہو رہا ہے۔

بُرد ہاتھ لگنا - مُفت کی رقم پانا (داغ)
چرا لیا ہے مرے دل کو او ستمگر ہیں + یہ مفت
مال ملا خوب بُرد ہاتھ لگی۔

برسنا - غصے ہونا۔ ثابت ہونا ظاہر ہونا
(آہ) برستے ہیں وہ غیرون پر لگاتار + مزا
اُٹھا ہو ساون کی جھڑی ہو (وغ) پیارے عکس ہوگل

یہ برستا ہو + کسی زمانہ میں شادی یہاں کچھ
ہو گئی (ذوق) ترے بیار غم کے ہیں جو جھنڈ +
برتاؤ ان پہ ہو اتم ابھی سے۔

برس پڑنا - ملامت کرنا (قرار) اچھے لے
واعظ برس پڑنا ترا اچھا نہیں + میکشون کے
سر پر سایہ اِک بڑے کامل کا ہو۔

برطرف ہونا - نوکری سے برخاست ہونا
(جلیل) عتابِ شاہ بھی خالی نہیں شانِ ترحم
سے + ہوا جو برطرف اُسکا وظیفہ ہو ہی جاتا ہو۔

برقرار رہنا - زندہ رہنا (ہجر) انھیں کبھی دیکھی
بھی دکھاد دن گا + جو زندگی نے وفا کی جو برقرار رہا

برق دم ہونا - مستعد ہونا۔ چکدار ہونا۔ تیز ہونا
دگلزار نسیم) شہزادہ کہ ٹھے برق دم تھا + بادل
ہوا کا ہمقدم تھا (امیر) اب خدا جانے تو مقتل میں انھیں
خوب مزے + برقِ دم تیغ ہوئی ہو گئے تڑپانے کو
(دل) ترے ابرو کے جوہر کا اشارے میں چمک تا
ہمارا سر اُڑا کر برق دم شمشیر ہو جاتی۔

برما جانا - سوراخ کر دینا (شوق قدوائی) جگر دشمن
دم پتلیاں آ گئیں + تو نظرین کلیجہ کو برما گئیں۔

برملا ہونا - علانیہ ہونا (داغ) پردے
میں ہی بہتر ہم سے اُن سے چھیڑ چھاڑ + کیا لطف
جسدن برملا ہونے لگے۔

بُروں کی جان کو رونا -

بگڑنا (داغ) رشک سے غیرون کے جی کوتے
ہین ہم + کیا بُرون کی جان کو روتے ہین ہم۔

بَری ہونا - آزاد ہونا (جلال) واہ رے
شان کرم واہ ری رحمت کی نگاہ + ہوگئے کتنے
گنہگار گنا ہون سے بَری۔

بُرے دل سے کہنا - عداوت سے
کہنا۔ (امیر) سُنکے پھبتی وہ حور کی بولے + کہی
اچھی مگر بُرے دل سے۔

بُری طرح پیش آنا - بدسلوکی کرنا (داغ)
آپ غضب کو جو چھپ کے جائینگے + ہم بُری
طرح پیش آئینگے۔

بُرے پرہیز کرنا - بھاگنا (ذوق) نمک افشان
ہے عشق شور انگیز + زخم دل کرتے ہین
پرہیز پرہیز

بڑا بول بولنا - شیخی جتانا (داغ) کیون
خاموش لب کو کھول ذرا + وہ بڑا بول بول تو
بول ذرا۔

بڑبڑانا - بُرا کہنا - آہستہ آہستہ کہنا (داغ)
کس نے چٹکی کلیجے مین لی ہے جو دل مین چٹکی + غصے
سے کیا کیا وہ بڑبڑا رہے ہین۔ (عالم) دیکھو
یہ کیون سوستی ہو + بڑ بڑا کر یہ کس کو
کوستی ہو۔

بڑکنا - بڑا بولنا - نازی کا دعویٰ (میرے

آگے بہت نہ کر بڑ بڑ + چل پیچھے مردوے
جا سس پکڑ۔

بڑ مارنا - مہمل گوئی کرنا + زیادہ گوئی کرنا
(امیر) نادان سمجھتے ہین کہ بڑ مار رہا ہے + کیا
جانیے کس دُھن مین ہے دیوانہ کسی کا (داغ)
ناصح تو بات بات مین بڑ مارتا ہے اب + دیوانہ
ہوگیا کہ یہ مجذوب ہوگیا۔

بڑھاوا دینا - ترغیب دینا - ہمت بڑھانا
جھوٹی تعریف کرنا (قرار) کیا بڑھاوا دیا رقیبون نے
مجھسے اب بات تک نہین کرتے (عاشق) بڑھتے
تھے نقیب جب بڑھاوے + ہو جاتے تھے
دل مین بیس دھاوے (رضا) مستعد کرتے ہین
اپنے قتل پر + تیغ قاتل کو بڑھاوا دیکے ہم۔

بڑھتی مناتا - ترقی چاہنا (شاد) وہ
عاشق ہین کہ سولی پر بھی کھینچے دوڑ جاتے ہین +
گر اے سرو قامت ہم تری بڑھتی مناتے ہین۔

بڑھ جانا - زیادہ ہوجانا (دل) تیری محبت
عاشق بڑھ گئی شام فراق + چرخ نیلی فام پر
ماہ تمام آیا تو کیا۔

بڑھ چلنا - ترقی کرنا (داغ) اُس کا قامت
دیکھ کر سب کٹ گئے + بڑھ چلے تھے سرو بھی
شمشاد بھی۔

بڑھی چڑھی ہونا - فایق ہونا (دل) تقابل

جنبش ابرو بڑھی چڑھی + دم بھر مین قتل عالم
کیا وہ دیو ہو گئے۔

بڑھنا - آگے جانا (انیس) حسین وحر کی
ملاقات تھی کہ عالم نور + ادھر سے ماہ بڑھا تھا
ادھر آفتاب آیا۔

بڑن کرنا - مارنا (جان) کیا ہر گور دن نے
حیدن سے لکھنؤ مین بڑن + ہر ایک ہو گیا اسباب
سے مکان خراب۔

بساط ہونا - ہستی ہونا (امیر) رسعت تری
دنیا مین ناچیز رو سیاہ + اللہ کیا بساط ہے میرے
گناہ کی۔

بس بونا - فساد پیدا کرنا - ترغیب دینا
(امیر) فتنہ ہو سارے زمانہ کا ترا دانہ خال +
بیکڑون محلون مین بس سے بجتے دیکھا - (عاشق)
واللہ یہ بس اسی نے بویا + دیا نہین دین سے
بھی کھویا۔

بستر لگانا - سکونت اختیار کرنا (امیر)
امیر اب مین یہان گھبرا گیا ہون جی نہین لگتا +
اٹھا کر ہند سے بستر مدینے مین لگاتا ہون۔

بسم اللہ کے گنبد مین رہنا - محفوظ
رہنا - امن مین رہنا (داغ) پھونکدینگے ایکدم
میں شرارے آہ کے + آسمان رہتا ہی کیا گنبد مین
بسم اللہ کے (ذوق) پھرتے ہین سکھ پڑھے
سودے مین مال وجاہ کے + طفل مکتب جو
ہین گنبد مین بسم اللہ کے۔

بس مین آنا - قابو مین آنا (جلیل) ہاتھ
مین ہو نہی تھی رسوائی جہان تک ہو چکی + اب
دے بس مین دل خانہ خراب آیا تو کیا۔

بس نہ چلنا - زور نہ چلنا - (داغ) اسکے
جو کام تو بیداد رس نہین چلتا + پرائے بس
مین ہون کچھ اپنا بس نہین چلتا۔

بسنت کی خبر ہونا - تحقیق ہونا (امیر)
جو ہے بہار اس کو حیران کا خط ہلکی ہو + اسے
باغبان بسنت کی تجھکو خبر بھی ہے۔

بسورنا - رونے کی شکل بنانا (داغ)
وہ قہر کی نگاہ سے جب ہم کو گھورتے ہین + اسے
لیکے ہچکیان ہم کیا کیا بسورتے ہین۔

بشرا دیکھنا - چہرا دیکھنا (قلق) نبض
دیکھی کبھی کبھی بشرا + گاہ سینے پہ اسکے ہاتھ دھرا

بغل گرم کرنا - ہمصحبت ہونا (داغ)
بغل گرم کرتا وہ کیا شمع سے + کہ اتنی کہان
تاب پروانے کو۔

بغل گرم ہونا - آرام ملنا (جلیل) ہو بغل
گرم کیونکر اے ساقی + دل نہین شیشۂ شراب نہین

بغل مین دبانا - قابو مین لینا (شوق) [illegible]
ابھرنے نہین دیتی حیرت مجھے + بغل مین [illegible]

بغرت مجھے۔

بغل مین مارنا - چھپا مین رکھنا - (داغ) مکتب جو نگاہ سے بیگانہ سے + ہاتھ مین جام کا شیشہ بغل مین مارا۔

بغلین بجانا - خوشی منانا (امیر) ہین ہم خوشا مان کہ ہے خط مین پیام وصل + بغلین خوشی سے تو بھی تو اے نامہ بر بجا۔

بغلین جھانکنا - پشیمان ہوکر چھپنا (امیر) وہ بغلین جھانکین جو سایہ میان ہا ہے + پھر این آنکھ اگر عکس سے لگا دے۔

بغلی گھونسہ پڑ جانا - ضبی مار پڑنا (عاشق) دوستی کو لوٹ کا تقاضا نقشہ + پڑ جاتا ہی جیسے بغلی گھونسہ۔

بک بک کرنا - زیادہ باتین کرنا (عالم) مجھکو بھاتی نہین ہو ایسی جھک + کیون عبث کر رہی ہو تم بک بک۔

بک بک لگانا - فضول گوئی کرنا (داغ) کیسی بک بک لگائی ناصح نے + بھر گئے کان اس کی بک بک سے۔

بکنا - کہنا۔ بیان کرنا (شوق قدوائی) کہا نیکو ... + ہم الله بکین وہ کچھ نہ بولے ... جناب شیخ کو بھی لت ہی سر پھرانے کی + جو ... ہے اس زمانے کی۔

بکواس سننا - فضول گوئی سننا (داغ) مجھے بکواس تیری اٹھ ہمارے پاس سے ... ہونے لگا ناصح تری بکواس سے۔

بک ہونا - زیادہ گوئی ہونا۔ مہمل گوئی ہونا (جلال) جتنا کم گو مجھے کرتی ہو مری چپ ناصح + اتنی ہی اور زیادہ تری بک ہوتی ہو۔ (امیر) تجکو تو مین کہتا نہین کچھ حضرتِ ناصح + پر جسکو ہو بک ایسی وہ عاقل نہین ہوتا۔

بکٹٹ آنا - دفعتاً آنا (داغ) بکٹٹ مرے ... آیا وہ شہسوار + توسن کو اتنی دیر مین سو بار ایڑ کی۔

بکھرنا - منتشر ہونا (امیر) چل اے بادِ بہاری رگ ذرا آہستہ آہستہ + کہ وہ مجھسے الجھتے ہین جو بال ان کے بکھرتے ہین۔

بکھیڑا ہونا - تصفیہ ہونا (رزم) اِک عمر سے ہے زندگی و موت مین جھگڑا + قصہ نہین چکتا یہ بکھیڑا ہے کہان کا۔

بگاڑ بیٹھنا - ناخوشی کرلینا۔ (داغ) پہلے تو داغ صاحب ان سے بگاڑ بیٹھے + اب جان جا رہی ہے اب دم نکل رہا ہے۔

بگاڑ ڈال دینا - رنجش کرا دینا (جلیل) اچھا ہوا جلیل سے تم صاف ہو گئے + اغیار نے تو ڈال دیا تھا تمہارا بگاڑ۔

ڑ ہونا۔ نقصان ہونا۔ عداوت ہونا:
) سے بگاڑا ہیں نہ تم دیکھو بگاڑ کر آئینہ
ڑ بہ سکے بل کھینچے کا خنجر آئینہ (شیفتہ)
ے بگاڑ سب ان بن ہے خواب سے +
کروصل ذکر جدائی تمام بات۔

جانا۔ خراب ہو جانا۔ خفے ہو جانا۔ نااتفاقی
انا۔ بے ترتیب ہو جانا۔ (امیر) کچھ دل کا حال
رت سے خوب تھا + اس آئینہ کی شکل
ے بگڑ گئی (امیر) وہ دیکھتے ہی بزم میں مجھے
لے + کچھ بات بھی تو کی نہیں یہ بات کیا
(امیر) یہ جہ ایک ماہ لقا سے بگڑ گئی +
رکیا فلک کی جفا سے بگڑ گئی (دل) صبح
د وصال وہی آن بان ہو + گیسو بگڑ گئے اگر
سے سنور گئے۔

نا۔ خفا ہونا (جلیل) بگڑ د نہ اس قدر جو گلے
لا لیا + سمجھو کہ بیقراری دل کا قصور تھا۔

وا ہونا۔ طلبی ہونا (امیر) بلاوا عرصۂ محشر
ے ساری خدائی کا + بڑی ہی دھوم کا
ر قیامت کی یہ محفل ہو۔

لٹنا۔ سنجات پانا (سحر) بجڑی ہائے
ن کی شکر خدا کلی + قید فرنگ عشق سے
ے بلا کلی۔

کا ہونا۔ اعتدال سے بڑھا ہوا ہونا (امیر)

بلا کا بلا نوش ہے دل ہمارا + غم و رنج سا
دو نوالے ہوئے ہیں

بلا میں پڑ جانا۔ مصیبت میں مبتلا ہو جانا
(امیر) ڈرتا ہوں کہیں آپ نہ پڑ جائیں بلا میں +
کوچے میں ترے فتنۂ محشر نہیں آتا۔

بلاؤں میں پھنسنا۔ مصیبت میں گرفتار
ہونا (جلیل) کھو کے بچپن کا زمانہ ہم بلاؤں میں
پھنسے + ہوش بلبل کو جو آیا آ گیا صیاد بھی۔

بلائیں لینا۔ پیار کرنا (امیر) لذت جو
ملی مرے لہو کی + خنجر نے بلائیں لیں گلو کی۔

بل آنا۔ خلل پڑنا (مضطر) ادب اسے
جنونِ الفت کہ وہ مجھے کہتے ہیں + مری
آبرو بچانا کہیں اس میں بل نہ آئے۔

بل جبین پر ہونا۔ غصہ ہونا (جلیل) سب
قتل ہو سے پھر بھی وہی بل ہے جبین پر + قاتل
سے جدا خنجرِ قاتل نہیں ہوتا۔

بل کرنا۔ غرور کرنا (امیر) پیچ میں عشق کے
ہوں پر یہ ہے ہمت میری + تیرے گیسو سے بھی
بل کرتی ہو قسمت میری۔

بل کی لینا۔ زور آوری دکھانا غرور کرنا (امیر)
کمزور پا کے ہم کو کیا بل کی لے رہے + ہم بھی تو نوجوان
آخر کبھی جوان تھے (جلیل) سر چڑھا یہ جو قفس
اس کا ہو + بل کی لیتا ہو ترے زلف پہ چلا

بل کھانا۔ خمیدہ ہونا (قلق) انھین خبر
... یا بین سمجھ گئے + جہان مین سنے کی بات
...کھا سکا۔

بل نکالنا۔ غرور مٹانا (مومن) ہم نکالین گے
...سے سوچ ہوا بل تیرا + اُس کی زلفون کے
...گرہان پریشان ہون گے۔

بل نہ رکھنا۔ عداوت نہ رکھنا (داغ)
...یہ راستی ایسا ہو دکن مین اے داغ + بل
...نہین رکھتے مسلمان سے ہندو دلین۔

بل ہونا۔ زور ہونا (جلال) ناتوانی کا ہے
...بل انھین کچھ ضعف کا زور ہے + عاشقون کے
...ان ہی قوتِ بازو دونون۔

بلبلا جانا۔ بے چین ہو جانا (داغ) چُٹکی بھی
...لیتے ہی وہ تلملا گئے + چُٹکی جو مین نے لی تو درد
...بلبلا گئے۔

بلکنا۔ رونا (انیس) پردے سے مُنہ نکال کے
...میدان کو تکتے تھے + مائین جو بیٹھی تھین تو بچّے
...بلکتے تھے۔

...بلک کے رونا۔ بے حد رونا (امیر) مین
ہون نامراد ایسا کہ بِلک کے پاس رو دی + کبھی
...کے آسرا کچھ جو امیدوار ہوتا۔

بلوا ہونا۔ فساد ہونا (داغ) اُنکے کوچے
...محشر برپا تھا + جنت ہنگامہ سخت لیا تھا۔

بنا کو اٹھانا۔ سر و سامان کرنا (داغ) ...
سامنے ہین اسکی پیغام شوق + وصل کی ...
بنا ڈالی نہین۔

بنا رہنا۔ جاگزین رہنا (امیر) تھی اگر
برقِ تجلی کو نمایش منظور + بنکے شوخی ترے
چتون مین بنا رہنا تھا۔

بنانا۔ خفیف کرنا۔ خندہ زنی کرنا۔ ذلیل کرنا
نقصان کرنا (داغ) وہ بگڑ کر مجھے بولے تم
بناتے ہو ہمین + کیا کمر نازک ہماری بال سے
باریک ہے (قرار) کیا تماشا ہے بزم جانان مین +
وہ بگڑتے ہین ہم بناتے ہین (عاشق) پیر جی ہین
یہ ہر بناؤ ن مین بھی + ٹھٹھون مین مٹا لکوا لون
مین بھی (جلیل) آب بجاے اشک خون حسرت
ٹپکتی ہے یہان + تم جو بگڑے کیا بنایا دیدۂ خونبار کو

بنا لینا۔ کر لینا۔ انتظام کر لینا (جلال) چشم
حسرت سے دیکھ کر ہم نے + دوست کو خود
بنا لیا دشمن (قرار) ہجر مین دن کو کیا بنائیے +
غم ہی کیا ہے ہوئی سحر نہ ہوئی۔

بنائے نہ بننا۔ اختیار نہ چلنا۔ تدبیر کارگر نہ ہونا
(جلیل) چشمِ بیمار جو پہلے تھی وہی اب بھی ہے +
کچھ بنائے نہ بنی تم سے مسیحا ہو کر (حالی) بگڑ گیا ہے
کچھ ایسی کہ بنائے نہین بنتی + ہے اس سے ظاہر
کہ یہی حکمِ خدا ہے۔

بن آنا - مطلب بنانا (جلیل) ہو گیا ہے
[illegible] بھی مدد کی بن آئی ہے

بن بیٹھنا - قائم مقام ہونا (مجاہد) غضب ہے
تم بھی ہوئی تمنا کا وہ بن بیٹھے + جسے یہ بھی
نہیں معلوم پیرا مُدعا کیا ہے

بن پڑنا - کامیابی ہونا (اسیر) بن پڑی کیسی
کہ غفلت مین لیا بوسۂ رُخ + جاگ اُٹھے بخت
مرے اُسکو جو سوتے دیکھا

بن نہ پڑنا - مجبور ہونا (قرار) واعظ کی
دل ہی دلمین رہی کچھ نہ بن پڑی + دیکھی جو
بیٹھ پیر مُغان کی دوکان پر

بن نہ آنا - بند وبست نہ ہو سکنا - کام نہ ہونا
(نوح) اور کچھ مجھ سے بن نہیں آتی + دیکھ کر اُسکو
آہ کرتا ہون (داغ) کچھ صبر کیئے سے بن نہ آیا +
یون بھی تو بہت دنون بسر کی

بننا - تباہ ہونا - خبط ہونا - آراستہ ہونا - درست
ہونا - فریب کرنا (داغ) کام دور چرخ مین
بگڑے ہو سا اکثر بنے + مجھ سے بنکر جب بگڑ جائے
تو پھر کیونکر بنے (داغ) کروہ منھ آیا کیئے تادیر بیٹھے تو
سہے + داغ انکی بزم مین البتہ ہم اکثر بنے
(داغ) وعدہ کرتے ہی کیا دوا جاتے + رات بھر
زلف عنبرین بنتی (شوق) کردیا کس نے ایسا
آوارہ + کہ نہین بنتا اب کوئی چارہ (شفق ...)

اکڑتے ہو رلاتے ہو تنتے ہو کیون + [illegible]
سے بنتے ہو کیون۔

بناوٹ کرنا - فریب کرنا (امیر) [illegible]
ہین تو وہ مجھ سے بھی نکلے چالاک + آپ بناوٹ
کی یہ باتین ہین بناوٹ کیسی؟

بناؤ کرنا - زیبائش کرنا (داغ) سادگی میں
کیون کیا آپ نے بناؤ + زینت سوے نکھر جاتی نہین

بن ٹھن کے آنا - سنور کر آنا (دست)
بن ٹھن کے وہ جو آئے تو اک بھیڑ لگ گئی + کچھ
دیر یون بھی ہو گئی زینت مزار کی۔

بنٹا ڈھار کر دینا - برباد کر دینا (منعم)
بنے گھر جسقدر رہین اُن کو تم مسمار کر دینا + جوان ہو کر
رہا - بھرکو بنٹا ڈھار کر دینا۔

بند نہ ہونا - خوف نکرنا - انکار نکرنا (داغ) تو کچھ
سب کا ایک اشارے مین فیصلہ + وہ چشم
تو رخ بند نہین ہے ہزار پر (شاد) دیکھی نہین کوئی
رن دنیا سے فاحشہ - بڑھے پہ بند ہو نہ ہو پھلے
جوان پر

بند ہو جانا - ترک ہو جانا (داغ) اے داغ
اُن سے جور وجفا کا گلہ عبث + تیرے کیئے سے
ہو گی نہ رسم قدیم بند

بند ہونا - قید ہونا - بنا ہوش ہونا [illegible]
صیاد خوش ہو ہو کے اکثر [illegible]

[illegible] گل بستہ بان ہیرے (شاد)
[illegible] زبان ہو گئی اے شاد مرے دم + کیا بند
[illegible] ہوتا ہوا۔

بندھنو باندھنا۔ زینت دینا (داغ) [illegible]
[illegible] مین فتاوی منائی تھی فرشتون نے + نہ سمجھو
[illegible] ان اسکو یہ بدھنوا در باندھا ہو۔

بندھی ٹکی ہونا۔ معمول کے مطابق ہونا۔
(داغ) انکار ہے فرض بعد اقرار + یہ تو ہے تری
بندھی ٹکی بات۔

بندہ بنا لینا۔ مطیع کر لینا (جلیل) کی جب
[illegible] نظر اُسے بندہ بنا لیا + اللہ کی پناہ بتون کی
نگاہ ہے۔

بنیاد نہ ہونا۔ وجود نہ ہونا (جلیل) تیری بنیاد
جب نہ تھی اے چرخ + ہم ستمکش سے وہ ستمگر تھا۔

بو باس ہونا۔ خصلت ہونا۔ (قلق) بے پیئے
بہکے ہوئے جاتے ہین ہم بادہ پرست + ساقیا
دختر رز مین دُلہن کی بو باس۔

بو باس نہ ہونا۔ پتہ نشان نہ ہونا (قرار)
[illegible] حسرت کی ذرا بھی کہین بو باس نہین + نام ہی
نام ہو ساقی ترے میخانہ کا۔

بوتا نہ ہونا۔ طاقت نہ ہونا (جان) چوٹی کا
[illegible] اٹھائے جو یہ کمر + بوتا نہین ہے اتنا
[illegible] ہے۔

بوٹی بوٹی پھڑکنا۔ بیحد شرارت کرنا (داغ)
شوخ چنچل سے غضب ہے آنکھین + بوٹی بوٹی پھڑک
رہی ہے تری۔

بوجھ اُٹھا لینا۔ ذمے داری لینا ([illegible])
آپ تم اپنا گھر سنبھالو گے + باپ کا سارا بوجھ
اُٹھا لوگے۔

بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا (داغ) جنازہ
اپنے عاشق کا اُٹھاؤ + بہت ہلکا ہے یہ بوجھل
نہین ہے۔

بوچھار ہو جانا۔ کثرت ہو جانا (جلال) جب
بوسہ لیا گالیون کی ہو گئی بوچھار + دو ایک
نہین آپ کے احسان بہت ہین۔

بوریے بدھنے سنبھالنا۔ روانہ ہونا۔
(شاد) مسجد مین عاشقون کے جو مرشے نہا لیئے +
بولے یہان سے بوریئے بدھنے سنبھالیئے۔

بوکھلا جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔ پریشان ہو جانا
(رند) تم بھی اے خضر بوکھلا سے گئے + کیا جنون خیز
دشتِ وحشت ہو (قلق) سبھی دنیا مین دل لگاتے
ہین + یون نہین بوکھلائے جاتے ہین۔

بوکھلاہٹ ہونا۔ پریشانی ہونا (عاشق)
اور آپ ہی کو ہے یہ بوکھلاہٹ + ہو جائے جو ہونی
ہے وہ جھٹ پٹ۔

بولنا۔ طرفداری کرنا (امیر) عاشقِ شاہ ہون

گئین ہو تیاست مین ٹھک + ہوائین میری
وت سامنے پھیر ولین۔
بول بالا ہونا - قبولیت ہونا (امیر) التجا پر
اُست ماسی کے جب آمین کہی + بول بالا ان
مر بون کی، ماما ہوگیا۔
بول بالا ہو جانا شہرت ہو جانا (زامن)
خوب موزون ہے وصف قد بالا ہوگیا + عالم
بالا تک اپنا بول بالا ہوگیا۔
بول جانا - کم ہمتی کرنا - عاجز ہو جانا (جلیل)
ہم سمجھتے تھے محبت مین اٹھالین گے پہاڑ + وقت پر
دل سکتے بات اُٹھائی نہ گئی (داغ) بارِ عصیان سے
نمایت دشمن کا یہ حال + وقت پر بول گئے
دوش اٹھانے والے۔
بول چال ہو جانا - موافقت ہو جانا (مختار) تمنا
آج کیون ہے دلِ آسمان پر + اُس کا ہوش سے
ہوگئی پھر بول چال کیا۔
بول دینا - حکم دینا (عاشق) تیاریان بولدو
ابھی دم + کل خود ہی سوار ہوتے ہین ہم۔
بوندا باندی ہونا - ترشح ہونا (داغ)
بوندا باندی ہو رہی ہے چلتی ہے ٹھنڈی ہوا + سے
کہان ساقی ادھر آئے چلے دورِ شراب۔
بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا - مشکل
کام سمجھکر علٰحدگی کرنا (عالم) چوم کر چھوڑ و بھاری
پتھر کو + شغل سے شغل سے معلوم گزرا۔
بھاری ہونا - دشوار ہونا، ناقابلِ برداشت
(اسیر) مرضِ عشق سے امید نہین بچنے کی +
کل سے بھاری ہے سنبھالے دلِ زار آنکھی رات
دبتے ہین قدسی ترے سب شفتے + ایک بیمار سو پہ گر
بھاری ہی۔
بھاڑ مین جانا - غارت ہونا (غالب) رات
کو بھوک اور دن کو دھوپ + بھاڑ مین جائین
ایسے لیل و نہار۔
بھاگنا - نفرت کرنا (داغ) خوگرِ بیداد کو راحت
ہی بری + بھاگتا ہون نام سے آرام کے۔
بھاگ پڑنا - بدنظمی ہونا (حکیم) سپہ پیری کی
آئی اے جوانی + حواس و ہوش مین بھگڈر
پڑی ہی۔
بھاگا بھاگ آنا - تیز آنا (داغ) یا آو
کچھ خوشی کی ہو خبر + نامہ بر آتا ہے بھاگا بھاگ
آج۔
بہانا ڈھونڈھنا - الزام کا موقع تلاش
کرنا (جلال) وہ سرگرم ادا مین جان لبتہ ہون
بہانا ڈھونڈھتی ہے اب قضا کیا۔
بھانپنا - اخذ کرنا (مضطر) مری نظر نے
کیا بھانپا جو اپنا منھ چھپا بیٹھے + مرے دلکو
نے کیا دیکھا جو پڑے ہین تاڑ لیے۔

بھانپ لینا - دریافت حال کرلینا (مصنف) اس ادا سے مجھے نہ دیکھو تم + لوگ نظروں سے بھانپ لیتے ہیں۔

بھانڈا پھوڑنا - بھید ظاہر کرنا (داغ) غیر کیوں بھید سے واقف ہوتا + میرے ہمراز نے بھانڈا پھوڑا۔

بھانجی مارنا - مانع سلوک ہونا (داغ) چل سکے پیغامبر کی کیا دال + غیر بھانجی مارتا ہے بول کر۔

بھانا - مرغوب ہونا (زمر) تجھ کو آنا ہو تو ایک آ کے چل + چھ نکلا تیرا مجھے بھاتا نہیں۔

بھائی چارا ہونا - یگانگت ہونا (داغ) ہم کو لیلیٰ سے ہے جو یک جہتی + اپنا مجنون سے بھائی چارا ہے۔

بھاؤ تاؤ ہونا - نرخ قایم ہونا (داغ) دل سفت نظر کرتے ہیں قیمت تو چاہیئے + اسکا بھاؤ تاؤ نہ کچھ مول تول ہے۔

بھبھڑ ہونا - مجمع کثیر ہونا (رضا) وان جوانی نے سکھلائے آ کے انداز و ادا + یان مرے سینے میں ارمانوں کا بھبھڑ ہو گیا۔

بھبھوکا کرنا - سرخ کرنا (امیر) اس مست نے عارض کو کیا ہے جو بھبھوکا + دل میں مرے آگ لگا دی ہے جتانے۔

بھبکیاں دینا - دھمکانا (داغ) آپ کی بزم میں تماشا ہے + غیر دیتا ہے بھبکیاں ہم کو۔

بھبکی میں آجانا - ڈر جانا (داغ) دل ظاہری عتاب سے کیا خوف کھا گیا - بھبکی میں آگیا تری دھمکی میں آگیا۔

بھتیرے ملنا - کثرت پانا (داغ) ممنون الفت ہیں میرے اُس ستمگر نے کہا + چاہنے والے ملیں گے تجھ سے بہتیرے مجھے

بھٹکتے پھرنا - جستجو کرنا (امیر) پتہ ایک نے بھی نہ منزل کا پایا + بھٹکتے پھرے کاروان کیسے کیسے۔

بھد جانا - بس جانا (جان) سو بی ہو تو لپٹ کے کل شب کو اے زلیخا + بو تیری بیدگی ہے یوسف کے پیرہن میں۔

بھڑا دینا - دھوکا دینا (داغ) مجھ کو یہ آیا یقین آ سے ہیں وہ + ایسا قاصد نے مجھے بھڑا دیا۔

بھر جانا - لبریز ہو جانا (جلیل) جادو گری کو نا موری کا ہوا جو شوق + شوخی بنی ادا آپ کی آنکھوں میں بھر گئی۔

بھرنا - پرورش کرنا - بیگار کرنا (داغ) ہم اولاد کو بھی بھرتے ہیں ہمکو تم جیسے [illegible]

تا میرا غضب برے دہمیرے آتے ہیں معلوم ہوتا
ہو + مگر پانی بھرتا ہی یار کو غیروں نے بھر رکھا۔

بھرنا بھرنا۔ خبر گیری کرنا (جان) وہ زن
مرید + جورو کا بھرتا ہو + باپ کے
لیے دہپیے ہیں ماں کے لیے۔

بھرے کو بھرنا۔ مالدار کو مال دینا (داغ)
کون مفلس سے بات کرتا ہو + کرتا تا بھرے
کو بھرتا ہے۔

بھر پانا۔ مطلب حاصل ہونا معاوضہ ملنا۔
(دستبر) ستیہ آیا: ہم نے کوئی ساغر
پایا + ساقیا لے زری بھلا سے چلے ہم پایا۔
(عاشق) احسان فراموشی کے صدقے + بھر پایا
لے یہ ہم کو اچھے

بھرمار ہونا۔ کثرت ہونا (جلیل) ہم نے بھر پایا
ترا شیوہ ہو کر + گالیوں کی رات دن بھرمار ہے۔

بھرے بیٹھنا۔ غصے میں ہونا (داغ) بھرے
بیٹھے ہو تم محفل میں اے داغ + کچھ دیتی ہے
خاموشی تمہاری۔

بھڑبھڑا جانا۔ شوق پیدا ہونا (حق) حسن کے
جب بیان پر آئے + دل عاشق بھی بھڑبھڑا اٹھے

بھڑکس نکل جانا۔ بیحد خستہ ہو جانا (منشی)
آخر کو ٹھیک ہو گئے وہ مجھ سے بگڑ کر آج جانثار
سے مطلب کہ بھڑکس نکل گیا۔

بھڑکس نکال دینا۔ بیحد ستانا (احمد)
اے شیخ جا نہ محفل رنداں میں بھول کر + عالم
کرا کے بھڑکس نکال دیں۔

بھرم جانا۔ رعب نہ رہنا (داغ) کیونکر
ارمان نکالوں دل سے + عشق کا اس سے
بھرم جاتا ہے۔

بھرم کھلنا۔ حالت ظاہر ہو جانا (داغ) ہم
وہاں دولت مہر و الفت کہاں + رقیبوں کا
آخر بھرم کھل گیا۔

بھرم نہ ہونا۔ اعتبار نہ ہونا (قرار) عاشق
پہ بھی عنایت لطف و کرم نہیں + وعدہ ان
حسینوں میں مطلق بھرم نہیں۔

بھروپ بدلنا۔ تبدیل وضع کرنا (داغ)
میری وحشت کی داد اس نے یہ دی + خوب
بھروپ تونے بدلا ہے۔

بھڑکانا۔ ترغیب دینا (امیر) آنسوؤں کے
ایک چھینٹے میں بجھا دوں گا میں پاس + آتش
افزوں کو بھڑکائیں تو بھڑکانے بھی دو۔

بھڑکنا۔ ڈرنا (داغ) خوف سوال وصل کی
برداشت ہی نہیں + اس بات سے بھڑکتے
ہیں وہ اسکو کیا کریں۔

بھڑک ہونا۔ چمک ہونا۔ شعلہ زن ہونا
(داغ) ہوئے چاند سورج ستاروں سے ماند +

ہنستی کی بھڑک تیری افشان میں ہو (جلال)
پھونک دیتی ہے وہ عالم کو جلے دل کی اک آہ +
اس لگی کی بھی بہت تیز بھڑک ہوتی ہے۔

بھڑا دینا - مقابلہ کرا دینا (بیخود) جو سبز
دیکھنی منظور ہو تمہین بیخود + بھڑا دو حضرت واعظ
سے مئے پلا کے مجھے۔

بھڑاس نکالنا - غصہ اتارنا۔ (داغ) برسا
وہ بدمزاج جو کل مجھ غریب پر + مین نے بھڑاس
اپنی نکالی رقیب پر۔

بھڑاس نکلنا - رنج و کدورت دور ہونا۔
(کوثر) بھڑاس دل کی نکل جائے حشر مین کوثر +
بڑا مزہ ہو جو آپس مین گفتگو آئے۔

بھسم ہو جانا - نیست و نابود ہو جانا (داغ)
نہین سوز آتش غم سے دل کا نشان + جلا اور
جل کر بھسم ہو گیا۔

بھس ملانا - خرابی پیدا کرنا (سفیر) مین نے
کیا اس مین بھس ملایا + غصہ کیون خادمہ
پر آیا تھا۔

بہک اوٹھنا - نشے مین بکنا (داغ)
ایک چلو مین بہت داغ بہک اٹھے تھے + آج نشے
مین بکا لے گئے پیمانہ سے۔

بہک چلنا - بدمست ہو جانا (داغ) کیسی
جنت مین گو تھی میکشی مین دھوم + دو چلو ہی مین
آج وہ حضرت بہک چلے۔

بہکنا - غلطی کرنا (امیر) دو کی جگہ دیئے مجھے
بوسے بہک کے چار + سوتے نیند مین پڑا اونہین
دھوکا حساب مین

بھگت بنانا - ذلیل کرنا (عاشق) چھیڑونگی
بہت ستاؤنگی مین + خوب اس کی بھگت
بناؤنگی مین۔

بھگت لینا - برداشت کر لینا (صفدر) یہ
کہہ کے ہم سے دم صبح وہ ہوئے رخصت + پڑے
فراق مین جو کچھ اُسے بھگت لینا۔

بھگت جانا - ختم ہو جانا (داغ) خدا سے
دُعا ہے کہ مظلوم تیرے + بھگت جائین روز حساب
اوّل اوّل۔

بھُلا دینا - غم غلط کر دینا (جلال) شب ہجر سم
یاد نے آ کر جو کی + بھُلا دی سب شکایت
بیکسی کی۔

بھُلاوا دینا - مغالطہ دینا (داغ) کدھر سے
کدھر لے گیا وائے قسمت + بھلاوا دیا راہبر
نے بھی ہم کو۔

بھلے کو نہ ہونا - مناسب ہونا (داغ)
قیس و فرہاد بھلے کو ہوئے آج کے دن + وہ
بھی سو جان سے قربان تمہارے ہوتے۔

بھلا کہنا - اچھا کہنا (بحر) بھلا کہو کہ برا مجھ کو

سب گوارا ہے + تمھاری بات نہین کوئی ناگوار
مجھے

بھلا لگنا - اچھا معلوم ہونا (انشا) ابی
چشم بد دور نام خدا + تمھین کیا بھلا سا سرخ
جوڑا لگا -

بھلا نہ ہونا - بہتری نہ ہونا (جلیل) اور
تھوڑی سی ہمت اے ساقی + ایک ساغر
کچھ بھلا - ہوا -

بھلا ہو جانا - فائدہ ہو جانا (رق) برائی
دی - کھانے سے کیا + ہوا - دن کا امین
بھلا ہو گیا -

بہلنا - تسکین ہونا (امیر) پانی سے لگا تو
بہلنے لگی ہیں میں + اس کی جو غش آیا تو سنبھلنے
کی نہین ہیں -

بھنانا - غصے ہونا (داغ) ناتوانی قیس کی
لیلےٰ کو بھی دل سے پسند + کیوں نہ بھناتی وہ
بھدا اور بھونڈا دیکھ کر -

بھنک پہونچنا - خبر ملنا (داغ) سرگوشیان
رقیب سے کین تم نے بزم مین + پہونچی تھی میرے
کان مین کچھ کچھ بھنک سی -

بھُنی ہونا - بکری کی ابتدا ہونا (تلق)
پیر و مرشد کی جیسی مرضی ہو + ہا تم سے آپ
ہی کے بھُنی ہو -

بھُولنا - غرور کرنا (عاشق) ہاں کج سے
بھی ہو گئے آسمان + بھولے کسی بات پہ
نہ انسان -

بھولا ہوا ہونا - گھمنڈ اور بھروسے پر ہونا
(جلال) دیکھو بھلا - کسکی ہجر مین یاد اسکی جلال +
کیا - پی بھول تھی بھولا ہوا تھا مین کس پر -

بھول بھٹک ہونا - گمراہی ہونا (جلال)
وادی عشق کی گم کردہ رہی ہے رہبر + خضر راہ
رستے میں بھول بھٹک ہوتی ہے -

بھول پڑنا - غلطی سے جانا (شاد) عشق
کہہ سن لینا - مانگنا (امیر) خدا نے دن
یہ دکھلایا کہ وہ بت مہمان آیا + سبھی تو شیخ سے
کہہ سن کے دو دن کو حرم لیلو۔

کہہ گذرنا - صاف صاف بیان کرنا (بہار
نشاط) اس قدر بے زار ہو دن میں اور اور دل میں جو
کہ وہ کچھ دل میں رکھتے ہیں سب کچھ کہہ گذرتے ہیں۔

کھب جانا - پیوست ہونا۔ مرعوب ہونا (امیر)
عجب عالم ہے اس کا وضع سادی شکل بھولی ہے
کھبی جاتی ہے دل میں کیا رسیلی نرم بولی ہے (انشاء)
کھب گئی آنکھوں میں کل جلوہ نمائی تیری + مجھکو
کیا جانے کہ کیا بات خوش آئی تیری۔

کھپنا - زیب دینا (انجم) چاہتے ہیں ہی
مرتے ہیں اپنی موت سے عاشق + تم کو
کھپتا بھی نہیں بیداد گر ہونا۔

کھٹائی مین پڑجانا - تاخیر مین پڑجانا (صبا، نصیر) وہ بوسہ دیتے دیتے ہوگیا ایک ترش ہو کے + کیا مقدمہ یہ کھٹائی مین پڑگیا (شاد) میٹھی زبان ترش یعنی ہو گئی + جو ہونے کی بات کھٹائی مین پڑ گئی۔

کھٹ راگ سُنانا - بڑی حکایت سُنانا (سلام) آپ جان سے سُنو نیا کھٹ راگ + دیکھو تقدیر لائی ہے یہ راگ۔

کھٹکا ہونا - خوف ہونا (اسیر) کھٹکا رقیب کا نہین آغوش مین ہے یار + اسیر بھی اک کھٹک سی ہمارے جگر مین ہے۔

کھٹکنا - مشکوک ہونا۔ رُکنا (دل) کیون بدگمان ہے خبر نہین کوئی گھر مین ہے + کس سے خدنگ یار کھٹکا جگر مین ہے (داغ) دل سے پیوستہ ہے نخل محبت وہ ہی نازنین + مجھکو یہ کھٹکا ہے کھٹکیگا یہان آتے ہوئے۔

کھٹک جانا - بدگمان ہوجانا (داغ) جب وہ حرج کرے تو مین جانون + تیر تیرا کھٹک گیا دل سے۔

کھٹک نہ جانا - عداوت نہ ہونا خلش نہ جانا ... بات + ان کے دل سے کھٹک نہین جاتی (جو) تعلق کو نہین ... داغ محبت کی کھٹک جاتی نہین دل سے۔

کھٹک ہونا - اندیشہ ہونا۔ درد ہونا (جلیل) کیا جانیئے کیا اہل گلستان کو کھٹک تھی + کانٹے کی طرح مجھکو گلستان سے نکالا (جلال) دل کی یہ پھانس نکلتی نہین سینے سے کھٹک جان لیوا اسی ظالم کی کھٹک ہوتی ہے۔

کھٹکے ہوئے ہونا - خلاف ہونا (اسیر) ہر حسینون کو خلش مجھ زار سے + پھول کھٹکے ہوئے ہین خار سے۔

کھچڑی پکانا - مشورہ کرنا (داغ) پہلے قتل کا ہے مشورہ یا درجھگڑا ہے سُنا ہے مدعی آپس مین کچھ کھچڑی پکاتے ہین۔

کھدیڑنا - بھگا دینا (بحر) وہ آنکھین ہائے آنکھین ہین مجھے جب دست وحشت مین + غزالون کو رگیدا ہے چکارون کو کھدیڑا ہے۔

کھرّا دیکھنا - طویل عبارت پڑھنا (امیر) خط مرا پھینک کے مُخبر یہ کہا قاصد نے + وہ بھی عاشق ہو تو یہ آپ کا کھرّا دیکھے۔

کہرام ہونا - شور ہونا (شوق) سب نے ... دو کے یہ کہا جب ... + ہوا کہرام برپا ماتم۔

کھڑکھڑانا - متنبہ کرنا (قلق) قدم رکھتے ہی کھڑکھڑایا مجھے + ... ان کی زنجیر ... گئی۔

کھڑے کھڑے نکالنا - فوراً خارج کرنا ...

دکھاؤ جی سے جس نے کھلا کر شے گھر شنے
یاد دل ہجر زدہ دل خانہ خراب تھا۔

کُڑھتے رہنا - حسد ہونا (عالم) تجھ کو
کُڑھتے آنکھیں سے رہتی ہے + جو نہ کنا ہمین کو
کہتی ہے

کِھسک چلنا - آہستہ سے چلے جانا۔
(عاشق) چھپت ہوئے چلے خود بدولت + اب
آپ کھسک چلے ہین رخصت

کِھسکے ہوئے رہنا - علحدہ رہنا (حسان)
دیکھی ہے جو ذلین طشِ خار رشتا + ہم بزم مین کھسکے
ہوئے رہتے ہین وہ ہم سے -

کھسیانی ہونا - ناخوش ہونا - مذاق مین بگڑے ہونا
(ذوق) کبھی باتون مین ہوش کھو دینا + کبھی
کھسیانی ہو کے رو دینا (قلق) ایسی نو مین نہین
ہون دیوانی + جو ہنسی ٹھٹھے مین ہون کھسیانی۔

کھلنا - ناگوار ہونا (جلال) ارمان ترے
وصل کا برا لا یہ نکل کر + کیا یاردن کو سینے مین
شب وصل کھلے ہم۔

کُھل جانا - دشوار ہونا (صفدر) غیر تو غیر ہو
چند اسنے بھی کھل جاتے ہین + محفلِ یار مین ہم
ان کو بھی کھل جاتے ہین۔

کھل جانا - ظاہر ہو جانا - خوش ہو جانا (میر)
[illegible]

نرگس کا ترے کھل گیا (جلال) [illegible]
ہون گا مین تجھے بھی اسے گل + [illegible]
بہت جلد کھل نہ جاؤن گا۔

کِھلکھلانا - ظاہر ہونا - زور سے ہنسنا
(گلزار نسیم) چمن سے وہ پھول جب اُڑا یا
اور غنچۂ صبح کھلکھلایا (عالم) بولی کیا تھا جو کھلکھلا
تھین + قسمین تم ترس کے سر کی کھاتی تھین

کُھلنا - ظاہر ہونا - زیب دینا (ہجر) دل مجھکو
دیا حسن کسی شوخ ادا کو + کھلتا نہین کیا بات ہے
منظور خدا کو (غالب) منہ نہ کھلنے پر ہے وہ عالم
کہ دیکھا ہی نہین + زلف سے بڑھ کر نقاب
اُس شوخ کے منہ پر کھلا۔

کھل پڑنا - بیحجاب ہونا - آنا دہونا (عالم)
شرم کچھ آدمی کو ہے درکار + کھل پڑی تو تو آب
سر بازار (شوق قدوائی) باپ کے مرنے پہ
دولت ہاتھ آئی کھل پڑے + خوب حیا غنی ہو
ٹوٹے میکشی پر ٹل پڑے۔

کُھل جَانا - بے تکلف ہو جانا - بیحجاب ہو جانا
ظاہر ہو جانا - شق ہو جانا (داغ) راہ پر اُن کو
لگا لائے تو ہین باتون مین + اور کھل جائین
گے دو چار ملاقاتون مین (غالب) ہم سے کھل جاؤ
بوقتِ مے پرستی ایک دن + ورنہ ہم چھیڑین گے
رکھکر عذر مستی ایک دن (ذوق) [illegible]

پہلی منزل ہی مین مسیحی ہر +
سب حال دوستی کا کھل جاتا ہی سفر مین
دیکھو تم جو دو پھول چڑھادو تو خوشی کے
مارے + قبر کھل جائے یہ پھولے تن لاغر اپنا۔

کھل کھیلنا - بیحجاب ہونا۔ بے تکلف ہونا۔
بیباک ہونا (داغ) اُنھین سے پھر آخر کو کھل کھیلتے
ہین + وہ کرتے ہین جن سے حجاب اوّل اوّل
(شوق) مجھکو یہ بات ہی نہین مرغوب + اچھے
کھل کھیلے واہ واہ کیا خوب (جلیل) دیکھنا
عرصۂ محشر مین تماشاے جنون + کھلے میدان
مین کھل کھیلے گی وحشت میری۔

کھل کر کہنا - صاف کہنا (امیر) کھل کر کہو
کہ بوسۂ گیسو نہ دین گے ہم + یہ اُلجھی اُلجھی ہم کو
نہین گفتگو پسند

کھلی کھلی ہونا - صاف صاف باتین ہونا۔
(امیر) آئینے نے جواب دیا بات بات کا + لو
کھلی کھلی اے دلربا ہوئی۔

کھلے بازار کرنا - علانیہ کرنا (قرار) اگر اُن کو
بھی اُلفت ہی تو پردے سے نکل آئین + محبت
جسسے کرتے ہین کھلے بازار کرتے ہین۔

کھلے بندون رہنا - بیحجاب رہنا (عاشق)
اُسنے کھلے بندون خوب رہنا + کیا کام ہی پرائی
تیرہ [illegible]

کھلے بندون کہنا - علانیہ کہنا۔
(گلزار نسیم) کہکر کھلے بندون جی کی تنگی +
بیرنگ ہوئی وہ شوخ رنگی۔

کھلے خزانے دینا - سامنے دینا۔
گلزار نسیم) شہزادے کے آگے بیبہا سے +
انعام دیا کھلے خزانے۔

کھلے خزانے ہونا - ظاہر ہونا (جمیل)
ہم بھی چھپے ہوے تھے چھپتا تھا شیخ جب تک
اب تو کھلے خزانے مے کی دوکان پر ہین۔

کھلبلی اُوٹھنا - اضطرابی پیدا ہونا (درد)
درد گھبرا کے تو جو یون چونکا + کیا اُوٹھی جی مین
کھلبلی ایسی۔

کھلبلی پڑجانا - پریشانی پیدا ہوجانا (داغ)
عیش سا عیش تھا نصیبون مین + کھلبلی پڑگئی
رقیبون مین۔

کھنگالنا - صرف مین لانا۔ دھونا (رشاد)
ایسی یہ زالِ دنیا سے شاد بیاہی ہو بیر و جوان
برابر جس کو کھنگالتے ہین (مغاو) یون صاف
کر رہے ہین رد رد کے چشم ترکو + جیسے جیب کو
جیسے سکش کھنگالتے ہین۔

کھنڈت پڑنا - [illegible]
سے دل مین کھنڈت پڑی [illegible]
[illegible]

کھنچ آنا - نقش ہو جانا (امیر) [illegible] کی تاثیر [illegible] کی ہی آنکھ میں کھنچ آئی تصویر

کھنچنا - پرہیز کرنا دور رہنا (آتش) بتا دے ہم کو مغرور کیا کرے گا + ادب سے کھنچنے والے بیٹھے ہیں اس جہان میں۔

کھنچ بیٹھنا - خفا ہو جانا (قرار) کھنچے وہ بیٹھے ہیں مجبور ہیں کیوں مجھ سے + جی کہیں کہ گلے سے لگا نہیں سکتے۔

کھنچ جانا - خفا ہو جانا (داغ) جان جاتی ہے جس کے آنے سے + کھنچ گئے اور بھی بلانے سے۔

کھنچ کے ملنا - صاف دل سے نہ ملنا۔ (کمال) کھنچ کے ملتے ہیں گو ہم سے وہ ہیں ضرور + کیا شک ہے جذب محبت تری تاثیر میں ہے۔

کھوٹا کھرا پرکھنا - اچھا برا امتیاز کرنا۔ (ذوق) ہر کسی عیب کی نگاہ رکھتے ہیں + خوب کھوٹا کھرا پرکھتے ہیں۔

کھوٹ ہونا - دشمنی ہونا (امیر) کسی سے کھوٹ نہیں میرے دل میں دوست کو [illegible] + [illegible] تیار رہتے ہیں۔

کھو جانا - گم ہونا۔ غافل ہو جانا [illegible]

[illegible] بکڑے کی [illegible] کھو [illegible] لگے تا [illegible] ہم [illegible] ہو کر [illegible] رہا ہو [illegible] تو وہ خود کی صورت دیکھی۔

کھوج لینا - پتہ دریافت کرنا (اسیر) کھوج لیتا ہوا چلتا ہوں زمین پر مجنون + کہ جہاں ناقۂ لیلی ہے وہیں منزل ہے

کھود کے گاڑ دینا - برباد کر دینا (شوق) ادھر تم بگاڑ دون گی تجھ کو + بس کھود کے گاڑ دون گی تجھ کو۔

کھو کے سیکھنا - مدت دراز میں حاصل کرنا نقصان اٹھا کر تجربہ کرنا (شوق) اک بہت [illegible] سیکھا ہے + خوب کچھ ہم نے کھو کے سیکھا ہے (شوق قدوائی) وہ ستانے کا ڈھنگ غضب ہے غضب + بہت کھو کے سیکھا ہے توبہ ہے اب

کھولنا - ظاہر کرنا (شوق قدوائی) نہ ہوتی اگر شرم کی مجھ کو تنبیہ + تو میں کھولتی درد کا جھوٹ سچ۔

کھولن ہونا - سوزش ہونا (عاشق) کھولن ہے جگر ٹپک رہا ہے + پھوڑے کا [illegible] ٹپک رہا ہے۔

کھولنا - سودا میں [illegible] زلفوں کے [illegible] کھولنا [illegible]

ساتھ کی باتین مین کھا رہنے دیجیے کو

کھٹکنے کی بات ہونا - غلط ہونا (داغ) ہم سے پوچھے کا عشق یہ کھٹکنے کی بات ہو گیا کچھ نہیں بھلی نہ کہین گے کسی سے ہم

کھٹکنے مین آجانا - فریب مین آجانا (قرار) ہو نا جانتے کبھی نا صحین + کھٹکنے مین آگئے ہم اس دل کے -

کہنے سُننے مین آجانا - بہ گوئی پر عمل کرنا (ذوق) کہنے سُننے مین تم نہ آجانا + اس نظر سے جو آئے تو آنا -

کھیت چھوڑنا - میدان جنگ سے ہٹنا۔ (رند) جائین اُس کوچے سے کہان عاشق + کھیت چھوڑین یہ وہ جوان نہیں -

کھیت ہاتھ رہنا - فتحیابی ہونا (صبا) کھیت فوج خزان کے ہاتھ رہا + لُٹ گیا لشکر بہارِ چمن -

کھیلنا - ثابت ہونا - ظاہر ہونا (دل) کس مین کیا ہو اُن کو مری حسرتون کا پاس + انکل کھیل کھیل رہا ہے زبان پر (امیر) دمکیا جانین ہوتی ہے کیسی جوانی + ابھی کھیلتا ہے لڑکپن کسی کا

کھیل سمجھنا - سہل جاننا (امیر) تیر بر تیر لگا کر وہ کہا کرتے ہیں + کیا ندی تم کھیل سمجھتے تھے

لگتا دل کا -

کھیل ہونا - آسان ہونا (دل) ہے کیا ... کھیل ہے میرے لیے اسے ہمنفس ... پایا ہوا ہون دامن جلا ہو کا -

کیڑے پڑنا - بُرا ہونا (جرأت) کیڑے پڑین اس کو کہنی پر تری فرہاد + شیرین نے کہا اس لیے ہے سنگ مین کیڑا -

کیل دینا - افسون سے منھ بند کرنا (جرأت) چھوا تری نے جو دل لگی سے تو زہر کھینچا گیا وہ جی سے + کبھی نہ کیلا گیا کسی سے وہ سانپ زلفِ عنبرین کا -

کیل کانٹے سے درست ہونا - تیار ہونا (صفدر) ہاتھ مین تیغ لیئے بانکی بیاد آیا + کیل کانٹے سے درست ہو کے وہ ...

گینڈا نیا ہونا - طرز جدید ہونا (عاشق) گینڈا ہی زمانے سے نیا ہے + شکل ان کی ... کیا یہ کیا بلا ہے -

گ

گاڑنا توپنا - دفن کرنا (امیر) تو وہ کرو ... یارون کو کہان گاڑین کہان تو پین جہان ... پاؤن رکھدین ہے ٹھکانا مرے دفن کا -

گاڑھی چھننا - بہت دوستی ہونا (قلق) ہم پیالہ ہوگا منتی ہے + نشہ بازوں میں گاڑھی چھنتی ہے۔

گالی گلوج ہونا - جھگڑا ہونا (شوق) آگے اور پیچھے یار فوج کی فوج + دھینگا مشتی کسی سے گالی گلوج۔

گانا - کہنا (امیر) گل گھٹتے ہیں کب صدا سے بلبل + اپنی سی ہزار گائے بلبل۔

گانٹھ لینا - موافق کر لینا (قلق) جبکہ ان لوگوں نے فریب دیا + سب کو کچھ دے دلا کے گانٹھ لیا۔

گاہے ماہے دیکھنا - کبھی کبھی دیکھنا (عاشق) گاہے ماہے وہ دادگستر + دیکھ آتا تھا سیر وان جا کر۔

گاؤ خرد ہونا - ضایع ہونا (بحر) خزاں سے لٹا بہار کا گھر نہ بیل بوٹا نہ گل صنوبر + ہوا وہ سب گاؤ خرد دفتر الٹ گیا ہو ورق چمن کا۔

گت بنا دینا - ذلیل کرنا (صفدر) جناب شیخ نہ شیخی بگھاریے اتنی + یہ رند آپ کی محفل میں گت بنا دیں گے۔

گت ہو جانا - کیفیت ہو جانا (شوق) کیا گت عدم میں آن ہو گئی میری + کیا ہاں ہاں ہو گئی میری۔

گڑگڑانا - دلولہ پیدا کرنا (ظلم) جو ادھر جبکہ گڑگڑانے لگیں + غنچہ غنچہ کو جگانے لگیں۔

گذارنا - بسر کرنا (داغ) یہیں رہنا یہیں بسنا یہیں مرنا یہیں بھرنا + یہی سمجھ جی شہر ہو گذاریں گے یہیں برسوں۔

گذر جانا - مر جانا۔ پیدا ہو جانا (صفدر) کلیجا تھام لیتے ہیں یہ منظر دیکھنے والے + مریض عشق کا اک آہ بھرنا پھر گذر جانا (امیر) ہوگا کا فرمان بھی موافق اس کے + آپ کے ذہن میں جو بات گذر جائے گی۔

گذرنا - آنا۔ بسر ہونا۔ (جلیل) میری وحشت بھی تماشا ہو گئی + جو ادھر گذرا اکڑا دیکھا کیا۔ (امیر) قیامت درد تنہائی کا عالم رنج پر صدمہ ہمارے دن لحد میں دیکھیے کیونکر گذرتے ہیں۔

گذر ہونا - نباہ ہونا۔ رسائی ہونا (قرار) بڑھتا ہی ہر قدم پہ یہاں دل شوق دیدہ کب ہمسفر کا ساتھ میں اپنے گذر کہاں (قرار) ہر ذرہ ذرہ حشر کا میدان بنا ہوا + اس رہگذر میں آج کسی کا گذر کہاں۔

گران ہونا - ناگوار ہونا (قرار) جو ہیں سب آگے اٹھاؤں اگر میں تو ناگوار + تم کو عدو کی دست درازی گران نہیں۔

گرِ بتانا ۔ تدبیر بتانا (امیر) ہو تو سکھے گا نہ
بتا ہو دو ہون کا حساب + سہل سا گر مین
بتاؤن تجھے تو گن ہی نہین ۔

گر بتلانا ۔ حقیقت سے آگاہ کرنا (حالی)
نصیحت بے اثر ہو گر نہ ہو در د + یہ گر ناصح کو
بتلانا پڑے گا ۔

گر پڑنا ۔ طلبگار ہونا (جرات) حقّا کہ تو وہ جنس
ہے بازار حسن مین + بے اختیار جس پہ خریدار
گر پڑے ۔

گر پڑ کے پہونچنا ۔ مشکل سے پہونچنا (قرار)
گر پڑ کے ہم پہونچ تو سکتے رو برے یار + مہلت
نہ دی قضا نے کہ عرض حال کی ۔

گرتا پڑتا آنا ۔ بہ مشکل آنا ۔ جلدی آنا
(عاشق) پوشیدہ جرا چھپا کے لایا + گرتا پڑتا
وہ باہر آیا (جلیل) قطرۂ اشک نہ ٹھہرا کہین
دامن کے سوا + گرتا پڑتا یہ مسافر سر منزل آیا ۔

گر جانا ۔ گم ہو جانا (مشاد) میرے پہلو مین
دشمن بت کے ہے پاس + دل خدا جانے
کہان پر گر گیا ۔

گرد برد کر دینا ۔ ماند کر دینا (شوق قدوائی)
بے چاندون کو زرد کر دین + خورشید کو
گرد برد کر دین ۔

گرد کر دینا ۔ برباد کر دینا (شوق قدوائی)

آئنہ میں ہون جو چاہون گرد کر دون ہوگی ہو
غضب کی ہے سرد کر دون ۔

گرد کو نہ پہونچنا ۔ مقابلہ نہ کر سکنا (سودا)
غرض وہ گرم عنان ہو کے جب چلتا ہے نہین
پہونچتی ہے برق اُس کے گرد کو زنہار ۔

گرد ہونا ۔ حقیر ہونا (ناسخ) بے ہوا سر گشتہ
ہے میرا اعتبار + سامنے اس کے بگولہ گرد ہے ۔

گردن جھکنا ۔ خجل ہونا (انیس) ہے سرِ دلبر
ہرن ہے شہ جمہور کی گردن + جھک جاتی ہے
یان شمع سر طور کی گردن ۔

گردن جُھکا لینا ۔ عاجزی کرنا (دست)
کو جیسے دو دست مین رکھو پاؤن ادب سے غافل ہو
سرکش اس راہ مین گردن کو جھکا لیتے ہین ۔

گردن حلال کرنا ۔ مصیبت مین مبتلا کرنا
(قرار) واعظ سے اور نسبت عنب سے مناسبت ہو
ساقی نے دختِ رز کی تو گردن حلال کی ۔

گردن ڈالنا ۔ شرمندہ ہونا (امیر) جب
نکلتے ہین وہ تلوار سنبھالے گھر سے + ملک الموت
چلے آتے ہین گردن ڈالے ۔

گردن ناپ دینا ۔ گھر سے نکال دینا
(شوق قدوائی) کوئی گردن ناپ دے سے
علم ساحت ہے تو یہ + اپنے حق مین بولین ہم
کاٹے فلاحت ہے کو یہ ۔

گرفتار ہونا - فریفتہ ہونا (جرأت) دونے جو بات بات پر جرأت + ہے گرفتار یہ کہین نہ کہین۔

گرمانا سمجھے ہونا (شوق قدوائی) وہ گرما کے ایسے کہ جی جل گیا + جنون کا دماغ اور بھی چل گیا۔

گرماگرمی ہونا - تیزی ہونا (امیر) فراق یار مین ظالم گرمی کو پھونکے دیتی ہو + یہ گرماگرمی کج دستہ و آتشبار کیسی ہو۔

گرم بازار ہونا - رونق ہونا (اسیر) باغ میں پھول کھلے موسم سودا آیا + گرم بازار ہوا وقت تماشا آیا۔

گرم بازاری ہونا - رونق ہونا (امیر) نہین کچھ دیر سے خورشید کی وہ گرم بازاری + ہوا ہو دھوپ کا منھ زرد شاید وہ نکھرتے ہین۔

گرمیٔ بازار ہونا - ترقی ہونا (داغ) ابھی سے دل کا مین سودا کرون سودا نہین مجھکو + خریدارون کے دم سے گرمیٔ بازار کیسی ہو۔

گرم کرنا - تیز کرنا (ناسخ) گرم تم کتنا کرو اپنے سمند ناز کو + کب پہونچتا ہے ہمارے توسن کی پرواز کو۔

گرمی کرنا - غصہ کرنا (امیر) بہت غصہ نہ ہو گرمی نہ کرو کہین آنے واعظا نہ یہ جوش مین۔

گرہ دے لینا - یاد رکھنے کے لئے اطمینان کر لینا (جلال) ہوا دل اب خستہ ہو نہ کا + گرہ دے لیجئے زلف رسا مین۔

گرہ مین باندھ لینا - یاد رکھنا (داغ) چھوڑ کر گیسو نہ پھر نار ات کو + تم گرہ مین باندھ لو اس بات کو۔

گرہ سے نہ جانا - نقصان نہ ہونا (امیر) گرہ سے کچھ نہین جاتا ہو پی بھی لے زاہد ملے جو مفت تو قاضی کو بھی حرام نہین۔

گریبان مین منھ ڈال کے دیکھنا غور سے دیکھنا (جر) جب اپنے گریبان مین منھ ڈال کے دیکھا + دل سے نہ زیادہ کوئی دشمن نظر آیا۔

گڑجانا - بیحد شرمندہ ہونا (جلال) دیکھو تم ساتھ عدو کے نہ پیدل آنا + خود بھی گڑ جائینگے ہم ایسے پشیمان ہونگے۔

گڑے مردے اکھیڑنا - پچھلے شکوے یاد دلانا - پرانے واقعات پیش کرنا (داغ) آگئے کیا اس کے ذکر چھیڑدن مین + گڑے مردے عبث اکھیڑدن مین (امیر) گڑے مردے اکھڑے جائینگے پھر روبکاری کو + زمانے بھر کے جھگڑے اٹھ رہے ہین روز محشر۔

گڑگڑانا - خوشامد کرنا عاجزی کرنا (داغ)

اختلاط مین دل کا ہوا تھا عدو + گڑ گڑ کرنا اگر
پاؤن پہ سر رکھ دیا (امیر) گڑگڑا کر کچھ اس
انداز سے بوسہ مانگا + بھیک دینے وہ بڑھے
جان کے سائل مجھ کو۔

گلا دبانا ۔ منع کرنا ۔ روکنا (بحر) سوا سے
صبر کیا چارہ جو وہ بیداد کرتے ہین + گلا غیرت
دباتی ہے اگر فریاد کرتے ہین (داغ) اُن کی
محفل مین رقیبون نے کسے آوازے + بولتا
مین تو گلا میرا دبایا جاتا۔

گلے پڑنا ۔ نازل ہونا (جلیل) بلا سے
ہو سے بچنے کی کون صورت ہے + گلے پڑی
شب فرقت جو ن تمام کیا۔

گلے پڑ جانا ۔ ساتھ نہ چھوڑنا (جلیل) دام
چھوٹ کے بھی میری اسیری نہ گئی بند الفت
گلے پڑ گئی پھندا ہو کر۔

گلے پڑے کا سودا ہونا ۔ مجبوراً کام کرنا
(بحر) وہ حسین آپ نہ سمجھے نہ ہم ہی گاہک +
گلے پڑے کا ہی سودا کیا کرتے ہین۔

گلے کا ہار کرنا ۔ اختیار کرنا (انشا)
اُس رشک گل سے خواہش بوس و کنار کو + اپنے
گلے کا ہار کیا ہم نے کیا کیا۔

گلے کا ہار ہو جانا ۔ فریفتہ ہو جانا ۔
محبوبانا (امیر) جو دیکھ پائے گل وہ تمہارے

عشق رسول + گلے کا ہار نسیم بہار ہو جائے
(جلیل) چمن سے توڑ کر گل نے کیا اسی نہ مجھے
بلبل + جو مین ہوتا تو گلچین کے گلے کا ہار
ہو جاتا۔

گلے لگانا ۔ پیار کرنا (جلیل) پوچھون گا
پھر بہار چمن کی خبر کو مین + پہلے گلے
لگاؤن نسیم سحر کو مین۔

گلے لگا دینا ۔ سپرد کر دینا (جلیل)
تیغ بھی اُن سے کہ مین نہین رکھی جاتی + جو
بلا ہو وہ گلے میرے لگا دیتے ہین۔

گلے منڈھ دینا ۔ سپرد کر دینا (صفدر)
بوالہوس غیر ہین مقتل مین یہ کیا ٹھہرین گے +
اپنی تلوار کو اب میرے گلے منڈھ دیجیے۔

گل جانا ۔ بوسیدہ ہو جانا (امیر) گل گیا
آخر تہ تربت کفن + ایک جوڑا حشر تک
کیونکر چلے۔

گل چھرّے اُڑانا ۔ عیش کرنا ۔
خوشی منانا (اسیر) پائی دولت مال مارا
قتل کیا مجھ کو کیا + خوب گلچھرے اڑاتا ہے
تیغ یار (کا عاشق) ہو چکا تھا یہ حکم عام سب کو
گلچھرے اُڑاؤ ناچ دیکھو۔

گل کتر جانا ۔ سخن بے بجانا (غالب) دیکھو تو
دلفریبی انداز نقش پا + موج خرام یار بھی کیا

گل کھانا۔ داغ کھانا (ذوق) ہاتی ہین
شاخ گل مجھ ناتوان کو بلبلین + کیا ہی خوش اسلوب
مین سینے تن پر کھلائے گل۔

گل کھلانا۔ کام کرنا تعجب کی بات ظاہر کرنا۔
(امیر) بلبل کو شوق گل تھا نہ قمری کو عشق سرو
سالے یہ گل کھلائے ہوے باغبان کے ہین
(جلیل) انگارا آگ کا دل سوزان ابھی سے ہے +
اور آگے آگے دیکھیے کیا گل کھلائے داغ۔

گل کھلنا۔ راز فاش ہوجانا (برق) نہ
چھوٹے تا قیامت گل کھلے نہ تماشا ہو +
ہوسے تیغ قاتل بہ ... جوہر کا۔

گم رہنا۔ غافل رہنا (ریاض) حسرت ہوئین
گم رہین گے عمر بھر + یونہین عمر جاودانی
جائے گی۔

گم و صم ہو جانا۔ خاموش ہوجانا (صفدر)
مدعا کیا کہ نکلی منھ سے بات + سامنے ان کے
مین گم صم ہو گیا۔

گناہ کرنا۔ برا کرنا۔ نقصان کرنا (امیر)
پیچے گا تو بھی تو زاہد وہی جہان مین خراب +
جو بیکشون نے یہان پی کے کیا گناہ کیا (امیر)
نوجوان لوگ کیا نہین کرتے + دل لگایا تو کیا
گناہ کیا۔

گن بھرے ہونا۔ ...
دل مین ... گن بھرے ہین ...
دیکھنے مین غریب کتنے ہین۔

گنتی کی رہ جانا۔ کم رہ جانا (امیر)
مٹ گئی افشان جبین پر کچھ ستارے رہ گئے
آسمان حسن پر گنتی کے تارے رہ گئے۔

گنتی کے ہونا۔ منتخب ہونا (اسیر)
سو طرح کے غم سہکے نہ ہارا کبھی دم بھی + گنتی کے
ترے چاہنے والون مین ہین ہم بھی۔

گنگا بہنا۔ کثرت ہونا (حالی) کھیتون کو
دے لو پانی اب بہہ رہی ہی گنگا + کچھ کر لو نوجوانو
اٹھتی جوانیان ہین۔

گنوانا۔ ضایع کرنا (حالی) کرتے کیا جیتے
اگر رہے نہ مٹاتے تا صبح + وقت فرصت کا
تر کس طرح گنوایا جاتا۔

گور کنارے پہونچنا۔ قریب المرگ ہونا
(جلیل) سنتے ہین پہونچے گور کنارے ترے
مریض + اتنا بھی گر چلے تو بہت ناتوان چلے۔

گور گڑھا نہ ہونا۔ کفن دفن نہ ہونا (امیر)
ستا ہے حال ترے کشتگان بیچارون کا + ...
گور گڑھا ان ستم کے مارون کا۔

گوڑ کے رکھ دینا۔ ...
خط پیشانی کو اپنی پڑھ سکین کیا ...

دکھڑا کا کما پڑھا جو تھا وہ سارا گور کے۔

گور کا پھول ہونا - ناپید ہونا (امیر) اب سیر باغ وصل کہان اور ہم کہان + گور کا پھول یار کا سیب ذقن ہوا۔

گول مول ہونا - مجمل ہونا (صفدر) اکھاڑ صاف کیجے ملتا نہین اگر + ان گول مول باتون سے کچھ فائدہ نہین۔

گونج اوٹھنا - آواز بلند ہونا (عالم) اس طرح سے غرض بجایا ستار + گونج اٹھا وہ دشت سب اکبار۔

گون سے ہونا - خودغرضی ہونا (داغ) تم اگر اپنی گون کے ہو معشوق + اپنے مطلب کے یار ہم بھی ہین۔

گون گانٹھنا - مطلب نکالنا (تلق) ایسے کوئی گانٹھتا ہے بدذات + تو نہین جانتی ہے یہان کی گھات۔

گھات پر چڑھ جانا - قابو مین آجانا (امیر) شیشے مین ہم پری کو اتارین گے دیکھنا چڑھ جائین گے کسی نہ کسی دن وہ گھات پر۔

گھات مین رہنا - تلاش مین رہنا (نسیم) چھپ چھپ کے مثل دلبری کا پتہ چھوڑے گھات رہے جب آ کے پھر گھات مین نہان صیاد۔

گھاٹے مین ہونا - نقصان مین ہونا (حق) ہر گھڑی کہتے ہین وہ غمزے سے + گھاٹے مین ہین انار پستان کے۔

گھاس کھا جانا - دیوانہ ہو جانا (صفدر) طلب جو سبزہ خط کا کیا کبھی بوسہ + تو ہنس کے بولے کہ کچھ گھاس کھا گئے ہو تم۔

گھبراہٹ ہونا - بدحواسی ہونا (امیر) نزع کے وقت اس کی گھبراہٹ + دیکھ کر مجھکو پیار آتا ہے۔

گھپ ہو جانا - بیحد تاریکی ہونا (اکسیر) کبھی گھورا مری نظر مین مکان + کبھی گھپ ہو گیا تمام جہان۔

گھٹنا - ضبط کرنا (عالم) مین بھی گھٹتی ہون جان کھوتی ہون + چھپکے ہی چھپکے پہرون روتی ہون۔

گھٹ گھٹ جانا - بیحد ضبط کرنا (دل) نالے لبون تک آنے نگر ضبط کر گئے + ہم رک پری کے عشق مین گھٹ گھٹ کے رہ گئے۔

گھٹی مین پڑی ہونا - پیدائش کے وقت سے ہونا (حکیم) وفا مین دعوم اس بت کی بڑی ہے + ستمگاری تو گھٹی مین پڑی ہے۔

گھٹی کرنا - کمی کرنا (صفدر) وہ کہ سے جو

ہمین پر تو آ ہو چکی اجل بھی + افسوس ہے کہ گھر وقت
مفسد نے کھلی کی

گھر بھرنا - مالا مال کرنا (امیر) بتو اہلِ حرم
بیجا نہین کرم کو بُرا کہتے + برہمن ہی کا گھر
بھرتے ہو جب صدقے اُترتے ہین -

گھر بیٹھ جانا - مضبوط تعلق کر لینا (امیر) اِن
دونون دخترِ رز کا نہین ملتا ہو پتہ + کہین تلخی
کے تو گھر جا کے نہین بیٹھ گئی -

گھر کر جانا - مضبوطی سے قائم ہو جانا (ذوق) آنکھ پھی
اسکو لب عجب گھر کر گئی ہے جون عنکبوت برگ گل تر مین گھر کئے

گھر پھونک تماشا دیکھنا - برباد ہونا -
اپنی خوشی سے نقصان اُٹھانا (جلیل) آتشِ
عشق سے کیونکر مین بچاؤن دامن + دل تو
کہتا ہو کہ گھر پھونک تماشا دیکھو (اسیر) دل
جلا کر رُخِ محبوب کا جلوا دیکھا + ہم نے گھر
پھونک کے کیا خوب تماشا دیکھا -

گھر جائی من مانی ہونا - حسبِ خواہش ہونا -
(جلیل) دلہین گھر کرنا پر اپنے مکھڑے جانیکا خیال +
واہ صاحب یہ بھی کیا گھر جائی من مانی ہوئی -

گھر دیکھ لینا - بار بار آنا (داغ) سب عیش کے
سامان بکھر جاتے مین اکثر کیا خانہ خرابی نے یہ گھر دیکھ لیا ہے -

گھر سر پر اُٹھانا - بیحد شور و غل کرنا -
دہان بہلا بات کا جواب ادھر کر دینگے [illegible]

سا سبے گھر کو مین سر پہ اُٹھا لو گی

گھر کرنا - دخل پاتا ہوا (غلام [illegible]
دریا من) کوئی چاند سی شکل گھر کر رہی ہے +
اَب داغ دل مین نیا ہو رہا ہے (جلال) دل کو
برباد کیا رہ کے تو آنکھون کو خراب + کہین یہ
خانہ برانداز بھی گھر کرتے ہین -

گھر کر جانا - اثر کر جانا (داغ) شوخی مین
اُس کی چھیڑ ہی کچھ اضطراب کی + گھر کر گئی وفا
کسی خانہ خراب کی -

گھر کاٹنے کو دوڑنا - وحشت ناک ہونا -
(ذوق) کاٹ کھانے کو دوڑتا ہے گھر + دشتِ ہستی
بن گیا ہے گھر -

گھر کی طرح رہنا - بے تکلف ہو کے رہنا
(رشک) اِدھر اُدھر پڑے پھرتے ہو کیا نظیر
کیطرح + جو آئے ہو تو رہو میرے گھر مین گھر کی طرح

گھر کھوج کھونا - برباد کرنا (شوق) ہے یہ بین
بدنام کرنا تھا گویا + میرا گھر کھوج ہر طرح کھویا

گھر گھالنا - برباد کرنا (جرات) ابھی تو تم نے
پردے ہی مین اک عالم کو گھر گھالا + مجھے یہ فکر
ہے صورت دکھاؤ گے تو کیا ہو گا -

گھر گھاٹ بتانا - پتہ بتانا (شوق) [illegible]
پوچھا پاچھا کہا کریا + گھر گھاٹ اُس نے
ملنے کا بتایا -

گھر مین پڑنا - ناجائز تعلق کرنا (امیر) آپ
آنکلا کید ماسنے کی ستون سے دختدرز قاضی
گھر مین پڑ کے بڑی پارسا ہوئی۔

گھر مین خاک اُڑنا - مفلسی ہونا (شاد)
وہ محروم دولت ہون برگشتہ قسمت + اُڑے
خاک گھر مین جو ہُن برسین باہر۔

گھر مین ڈالنا - مضبوط تعلق کرنا (بحر) فاحشہ
خانہ برانداز ہی ہرجائی ہی + گھر مین دنیا کو جو ڈالو نگا
تو کیا گھر ہوگا۔

گھر نہ ہونا - انتظام خانہ داری نہونا (میر)
دنیا سے کبھی بہرہ ورنہ ہوگا + قحبہ ہی یا اِس سے
گھر نہ ہوگا۔

گھر ہُونا - اُلفت ہونا (جلیل) مجھکو اُسے
ناصح نافہم خبر کیا اس کی + کرشانے سے دِل یار
مین گھر ہوتا ہی۔

گھر جانا - محصور ہو جانا (انیس) درندہ مرا گھر گیا ہی
فوج ستم مین جناب منہ سے نکلتا ہے کلیجہ
کوئی دم مین۔

گھڑون پانی پڑنا - شرمندگی ہونا (عاشق)
تم کو نہین یون بھی غیرت آتی + پڑتا ہی گھڑون
کبھی پہ پانی۔

گھسیٹنا - لیجانا (جلیل) مجھکو بھی ساتھ گھسیٹا
[illegible] + دل کو سمجھائے کہاں [illegible]

دیوانے کو۔

گھس پل جانا - داخل ہو جانا۔ زبردستی گھسنا
(عاشق) گو مین مین کوئی بگڑے دِل جو آیا +
گھس پل گیا منہ جدھر اُٹھا یا (شاد) ہم ہزار
لے بُت محشری میدان محشر مین + لگائین لاکھ
غُنچہ ہم تجھے دیکھین گے گھس پل کے۔

گھگھی بندھ جانا - ڈر جانا (صفدر) تھا
بڑا دعوےٰ جو امردی کا دشمن کو مرے + جب
سنبھالی تیغ مین نے اُسکی گھگھی بندھ گئی۔

گھلنا - لاغر ہونا (امیر) فرط بیماری سے مین
گھلتا نہین + کوفت کھائے جاتی ہی غمخوار کی۔

گھل جانا - فکرمند ہونا (داغ) گھلا جاتا ہی
زاہد آرزو مین حوض کوثر کی + کوئی تصویر اِس کی
کھینچدے میرے پیالے مین۔

گھل مل جانا - بے تکلف ہو جانا (جلیل)
دیکھنا اُس شعلہ رو کو بزم مین + دشمنون سے
کس طرح گھل مل گیا۔

گھلے ملے ہونا - موافق ہونا (عاشق) ظاہر
مین گھلے ملے بہت ہین + دکھلانے کو چوچلے
بہت ہین۔

گھمسان ہونا - جنگ کثیر ہونا (شاد)
عاشقون کا ہو نہین سکتا فیصلہ [illegible]
مین اک گھمسان [illegible]

گھورنا - غور سے دیکھنا (جلیل) پھوڑ دین
بینا آئینے کی آنکھ + سامنے میرے تجھے
گھورا کیا۔

گھوڑے بیچکر نیند آنا - بیفکر ہونا (بحر)
جب تھکی اُس کی سواری دوڑ کر یون سوئے ہم +
جیسے سوداگر کو گھوڑے بیچکر آتی ہو نیند۔

گھوڑے کا چراغ پا ہونا - گھوڑے کا
الف ہونا (شاد) تلوار ان تین لگے بجھے
سرون مین + گھوڑا جو ترا چراغ پا ہو۔

گھونٹ گھونٹ کر رکھنا - مجبور کرنا (داغ) دلکو
گھونٹ گھونٹ کر رکھا + مانتی ہی نہین مگر آنکھین۔

گہرا پردہ ہونا - بعید حجاب ہونا (امیر)
نقاب اُٹھی تو کیا حاصل حیا اُٹھے تو آنکھ اُٹھے +
بڑا گہرا تو یہ پردہ ہمارے اُن کے حائل ہے۔

گہرے ہونا - سافعہ ہونا (داغ) کئی ایک مضمون خوب
تقدیر کے گہرے + خیال آیا نہ حضرت مگر آخر ساقی کا

گھیرنا - راہ روکنا (امیر) دل ہے تباہ قافلۂ اشک
آہ مین + گھیرا ہے آندھی پانی نے بیکس کو راہ مین۔

گھیرے ہونا - مجبور کرنا (شوق قدوائی)
گھیرے ہوئے تھی خلق جو سب کو + ستائے
رنگ پھر شب کو۔

گھی کے چراغ جلانا - خوشی کرنا (تعشق)
گھٹین مری گرے جو تو رجال یار + گھی کے

چراغ گور کے اوپر جلاؤن مین

گئی کرنا - ہیلو تہی کرنا (امیر) منکے عکر
یا رسیان شکن + اجل تو ٹنا سے مین کرتا گئی

گئی گذری ہونا - حقیر ہونا (ریاض)
نہ اُٹھے اگر دبی ٹھوکرے یہ آفت کیا ہے محشر
ایسی گئی گذری مری تربت کیا ہے۔

گئی گذری بات ہونا - پرانی بات ہونا
(احسن) شکایت جور کی کیون ہے جفاؤن کا گلہ
کیون ہے + گئی گذری ہوئی باتون کا ناحق تذکرہ
کیون ہے۔

گئے گذرے ہونا - ذلیل ہونا (امیر)
ترے کوچے سے اب نہ گذرین گے + ہم بھی
ایسے نہین گئے گذرے۔

گیدڑ بھبکی دکھانا - ڈرانا (عاشق)
گیدڑ بھبکی دکھاتے ہین خوب + شیرون کے
مقابل آتے ہین خوب۔

ل

لا اُتارنا - داخل کرنا (عاشق) پوچھو
مکان مین سب سے ضیا + اُس رشک قمر کو
لا اُتارا۔

لات مارنا - ٹھوکر مارنا

(...) کو چھڑ یار سے چلا آیا + مین سے فرحت
مین لات ماری ہی (امیر) سے جو خدمت آئینہ
داری خوبان + تو لات ماردون مین دولت
سکندر پر۔

لاجواب ہونا۔ قائل ہونا۔ بےمثل ہونا
(منیر) دشنام تھا جواب غرض ہر سوال کا + جب
لاجواب وہ مری تقریر سے ہوا (ست) تلخ
جب یہ شراب ہوتی ہی + اور بھی لاجواب ہوتی اگر

لاحول پڑھنا۔ پرہیز کرنا (تلق) ہتو ر
اس وقت مین ترے بیٹھ دل + اور ارادہ ہو
کچھ تو پڑھو لاحول۔

لاکھ کا گھر خاک ہونا۔ دولت برباد ہونا۔
(حجر) حسرتون کو دل کی بربادی کا غم کیونکر نہ ہو
دم کے دم مین لاکھ کا گھر خاک ہو کر رہ گیا۔

لاگ ڈانٹ ہونا۔ مخالفت ہونا (قرار)
میری طرح کسی سے نہین اس کو لاگ ڈانٹ +
دشمن کسی کا میری طرح آسمان نہین۔

لاگ ہونا۔ دشمنی ہونا۔ تعلق ہونا (امیر)
غضب کی لاگ تھی کمبخت برق کو مجھ سے +
چمن مین پھونک دیا ایک آشیان کے لیے (ناسخ)
عشق کو کس کے دل سے لاگ نہین + کون سا
گھر ہی جسمین آگ نہین۔

لال پیلے ہو جانا۔ غصے ہونا (مشر [illegible]

اپنا دکھ رویا تھا مین کہ آپ کا شکوہ نہ تھا +
اک ذراسی بات پر کیون لال پیلے ہوگئے۔

لال کر دینا۔ مالا مال کر دینا (تلق) گلشن آیا
نہال کر دے گی + لعل و زر سے وہ لال کر دیگی

لال ہونا۔ غصے ہونا (امیر) لال مجھ کو دیکھکر کیا ہوا
زاہد (اسیر) + داغ سجدہ صاف ٹیکا بن گیا سیندور کا

لالے پڑنا۔ خواہش ہونا (امیر) کسی قید قفس مین یاد
گل کی + پڑے ہین تو جینے ہی کے لالے۔

لالے ہونا۔ حیرت ہونا (انیس) چھپتے تھے
سوارون کی عقب برچھیون والے + سکتے تھے
جان بچانے کے کمانداروں کو لالے۔

لام بندھنا۔ فوج کشی ہونا (اسیر)
چڑھائی ہو خطا پر یا ختن پر دیکھیے کیا ہو +
کئی دن مین بندھا ہی لام اس زلف پریشان کا

لاؤ لشکر چھوڑنا۔ شان و شوکت ترک کرنا
(عاشق) تھا بزم مین خلق سے مل جو مقصد چھوڑا
دہین سب لاؤ لشکر۔

لبالب ہونا۔ لبریز ہونا (امیر) امیر سبو
رو دئے ہین ہم سیکڑون مین + آنکھوں سے آب لب
پیالے ہوئے ہین۔

لب پر لانا۔ کہنا (امیر) آب لب پہ لائین کیا شکوہ
صورت تسلیم + محشر کے روز وعدہ دیا ہی چکا

لبھانا۔ مائل کرنا۔ راضی کرنا [illegible]

پھنستی ہو وصل کی آس سے قدرت یا دو کیون
جہان مین مجھے نگ غضب ناک کرتی ہو (داغ) تم
لپٹتے ہو اسپار کسے + ایسی باتون کا اعتبار
کیسے۔

لپ جھپ آنا - دوڑ آنا (صفدر) یاد
ابتک ہو وہ چوری کی ملاقات اُن کی + پیاری
پیاری وہ ادا اور وہ لپ جھپ آنا۔

لپٹا لینا - گلے لگانا (امیر) خنجر کھو اس
ادا سے کھنچا قتل گاہ مین + لپٹا لیا گلے سے
ترے اشتباہ مین۔

لپکنا - منع کرنا (داغ) نہ روکے سے رکا
آخر گیا داغ اُس کے کوچے مین + نہ مانا ایک
سکا کہنا بہت خلق خدا لپکی۔

لپیٹنا - الزام دینا (شوق) سب کو نفرین
کیون لپیٹا ہی + صبر اک اک کا کیون سمیٹا ہی۔

لپیٹ مین آجانا - پھنس جانا (صبا)
کیا مفت کی لپیٹ مین عشاق آگئے + مارتی
جو تو لے اسے بت بیداد گر کمر۔

لپکنا - دوڑنا۔ دوڑ آنا (عاشق) آنکھین ٹھوکی
پر نہ جھپکین + جو دید دلیل تھین وہ تکین۔
(عاشق) القصہ یہ سنتے ہی وہ لپکا + گرتا پڑتا
وہان تک آیا۔

لپکا پڑ جانا - عادت ہوجانا (امیر) دیا

بے مانگے بوسہ مین نے پیا کا آدھا بوسہ
نہین چھٹتا ہو پڑجاتا ہو لپکا جب کسی کا

لپکا ہونا - شوق ہونا (شوق) سنبھالا
حاکم جو اُس دیار کا تھا + لپکا اُس کو شکار
کا تھا۔

لتاڑ ڈالنا - سخت تنبیہ کرنا (داغ) لتاڑ
ڈالون گا مین ٹھوکرون مین اُس کی طرح جیتا ہی
فتنۂ محشر کہان جگا کے مجھے۔

لت پت کردینا - تر کردینا (میر) میں
بارش ابر کرم نے اور لت پت کردیا + حشر تک
کیا ہم سکھانے دامن تر بیٹھتے۔

لت نہ جانا - عادت نہ جانا (امیر) طمع
کی لت مرے پر بھی نہین جاتی حریصون سے +
کہ تحت الثریٰ مین جاکے قارون نے ٹٹولی ہو

لتّے لینا - ادھیڑ ڈالنا۔ خشمگین ہونا (غلام)
زخمی وہ ہون جو ٹانکا چاک دل جگر کو + ناخن
خراشیون نے لتے لیے رفو کے (بحر) کس
شوخ بدمزاج سے صلت ہوئی نصیب + سنتے
پہلے مرے جو ڈوپٹہ سَنَک گیا۔

لٹانا - خیرات کرنا (شوق قدوائی) لعل و ذر
و سیم سب منگایا + بانٹا بخشا دیا لٹایا۔

لٹ جانا - تباہ ہوجانا (جرأت) نہین
پہچانتے اپنے تئین ہم دیا دل جس کو

لبھانے لگا۔

لٹ جانا۔ ضعیف ہو جانا (جلیل) لٹ گئے
پر بھی حوصلہ ہے وہی + ناز تیرے اٹھانے
جاتے ہین۔

لٹکا ہاتھ آنا۔ تدبیر حاصل ہونا (جلیل)
قدمبوسی کا حیلہ کرکے ہم لوٹین گے قدمون پر +
یہ لٹکا ہاتھ آیا ہی تری زلفِ پریشان سے۔

لٹکے آنا۔ فریب سے واقف ہونا (توقیر دہلوی)
جھٹنے رہے ہو یہ جھٹکے مجھے + بہت آ گئے
ہین ایسے لٹکے مجھے۔

لٹکے بتا دینا۔ ترکیبین بتا دینا (داغ)
دو چار تو ہمین نے وہ لٹکے بتا دیئے + مشہور
تم جہان مین ہوے جس کمال سے۔

لٹیا ڈبو دینا۔ توہین کرا دینا (قرار) جو کچھ
توقیر تھی کھو دی وہ بحثِ کفر و ایمان مین +
جناب شیخ نے لٹیا ڈبو دی بزم رندان مین۔

لجانا۔ شرم کرنا (امیر) سوال وصل پر انکار
مین بھی وہ لجاتے ہین + جو نکلی بھی تو چھپ کر
ہان کے پردے مین ہین نکلی۔

لچر حرکت کرنا۔ بیہودہ کام کرنا (قلق)
اس نے بھی کی تھی وہ لچر حرکت + ہو گئی تھی انھین
بہت نفرت۔

لچھن چھٹنا۔ اطوار بگڑنا (آتش) روزِ

وصال آنکھون کو اپنی دکھاؤن گا + روز
شبِ وصال کے لچھن جھڑے ہوے۔

لچھن نظر آنا۔ آثار دکھائی دینا (رند)
کس لیے کرتا ہی تدبیرِ مداوا مسیح + موت کے
لچھن نظر آتے ہین اِس بیمار کے۔

لحاظ رکھنا۔ خیال کرنا (امیر) زاہد لحاظ
رکھ کہ گل ہو چراغِ زہد + جھوکا نہ آنے پائے
ہوائے غرور کا۔

لحد مین پاؤن لٹکانا۔ مرنے کے لیے
تیار ہونا (قرار) تری آنکھون کے مارے
جان سے بیزار بیٹھے ہین + لحد مین پاؤن لٹکائے
ہوے بیمار بیٹھے ہین۔

لرزنا۔ ڈرنا (قرار) مین راہبر سے یہ کہتے
ہوے لرزتا ہون + نہین ہی ضعف سے
طاقت قدم بڑھانے کی۔

لڑا لینا۔ مقابلہ کر لینا (امیر) شورِ ہو حق ہی
یہان بڑھ کے دہان سے زاہد + اپنی مسجد سے
لڑا لے مرے میخانے کو۔

لڑکھڑانا۔ کانپنا (دل) لڑکھڑاتے ہین قدم
منزل جب آ پہونچی قریب + عالمِ غربت مین تھمتا
ناتوان کوئی نہ ہو۔

لڑمرنا۔ جھگڑنا (صفدر) کس لطافت سے
تیرے لب تا آنکھ + لڑ مرے گل [illegible]

لعنت بھیجنا - اجتناب کرنا (داغ) نام سے اپنے تمہین غیر نے خط بھیجا ہی + نہ پڑھو ڈھونڈنے کردنا سے کو لعنت بھیجو۔

لق و دق ہونا - وسیع ہونا (قلق) دیکھا لق و دق ہی اک میدان + بے انسان نہ صورت حیوان۔

لکھی ہونا - مقدر ہونا (جلیل) خط لیتے ہی چلد یا عدم کو + ایسی ہی لکھی تھی نامہ بر کی۔

لکیر پر فقیر ہونا - نہ رنفیہ ہونا۔ لیتا کرنا (داغ) جھٹی جھٹی ہوئی ان کی وہ تحریر + کیون نہ دل اس لکیر پر ہو فقیر (تسلیم) اک ذرا سی جو ہی مری جاگیر + بس اسی کی لکیر پر ہین فقیر۔

لگانا - منسوب کرنا۔ ترغیب دینا۔ بدگوئی کرنا (مومن) اس پری وش سے لگاتے ہیں مجھے + لوگ دیوانہ بناتے ہیں مجھے (داغ) یہ لگایا بلاؤ تو ان کو + تم کبھی آزماؤ تو ان کو (جرأت) گر لگایا نہین کچھ اس سے کسی نے تو بھلا + دم مین آزردہ وہ سو بار ہوا کس باعث۔

لگا آنا - ترغیب دے آنا (ریاض) انسے کچھ یہ شفق شام لگا بھی آئی + کہ شب وعدہ جو آئے تو حیا بھی آئی۔

لگا بیٹھنا - مارنا۔ (رشاد) تیغ تم جسپر لگا بیٹھو قسم کھاتے ہین ہم + گر رہے تسمہ لگا تو ہاتھ کو لتے ہین ہم۔

لگا تار آنا - بار بار آنا (داغ) کچھ نہ کچھ بہانا ہی کسی دن کوئی حیلہ ہی + لگا تار آگئے جو نام تا ہے تو کیا آئے۔

لگا دینا - شامل کر دینا (داغ) ہمارا شکیب عدو بھی عاشقی مین + لگا دی اور قسمت نے لگی مین۔

لگا رکھنا - موجود رکھنا محفوظ رکھنا (امیر) پیش کش کرنا بھی کچھ لازم ہی بسمل کے لیے + سر لگا رکھا ہی ہم نے تیغ قاتل کے لیے (ذوق) گردن عمر کے تھوڑے سے باقی + لگا رکھو تو میری زندگی ہے۔

لگا لانا - لے آنا۔ ہمراہ لانا (داغ) کیسا شب ہجر سے سر پہ بلا لائی ہی + اپنے ہمراہ اجل کو بھی لگا لائی ہی (جلیل) اپنے گھر تک مین لگا لایا اسے + اے مقدر آگے تیرا کام ہی

لگا لیجانا - مائل کر لیجانا (امیر) عجب تر کی غمزہ بھی چالاک تھا + لگاوٹ سے دل کو لگا لے گیا۔

لگا لینا - راغب کر لینا۔ (امیر) تم تو انسان ہو آؤ گے نہ کیون قابو مین + ہم تو دو باتوں مین پریون کو لگا لیتے ہین۔

لگا نا - شروع کرنا (داغ) ہم علم پر ہم

کہ ساقی ہے آج لگا لگا یگا کہ نہین۔

لگا ہونا۔ تعلق ہونا (مخفی) شاید اُن سے کبھی کا لگا ہے + جبھی در پردہ ہمیہ غصا ہے۔

لگاوٹ ہونا۔ محبت ہونا (شوق) کچھ رکھائی تھی کچھ لگاوٹ تھی + کچھ حقیقت تھی کچھ بناوٹ تھی۔

لگا ہوا ہونا۔ مستعد ہونا (دل) کیا جانے کب نکل سکے وہ ہنگامہ خیز ہون + محشر لگا ہوا ہیں دیوار چاہیے۔

لگاؤ ہونا۔ تعلق ہونا (بیباک) عشق سے دیوانگی کو کیا لگاؤ + پند گو یہ جستجوی یار ہے۔

لگائی بجھائی کرنا۔ غیبت کرنا (صفدر) اُن سے لڑوا دینگے رقیب مجھے + کیون لگائی بجھائی کرتے ہین۔

لگ بھگ دیکھنا۔ مشکل ہونا (صفدر) سانپ لوٹا کیئے سینے پہ ہمارے صفدر + زلف جب اُس شوخ پُرزور کے لگ بھگ دیکھی

لگتی لگاتی بات ہونا۔ اصلی واقعہ ہونا۔ (داغ) ذکرِ دشمن پر بگڑتا ہے بجا + واقعی لگتی لگاتی بات ہے۔

لگ چلنا۔ احتلاط کرنا (آتش) صبا کیطرح ہر اک غیرتِ گل سے ہین لگ چلتے + محبت ہے سر شعار ہمین کس یار نہ آتا ہے۔

لگی بجھانا۔ مشکل آسان کرنا (امیر) میری لگی بجھانے کو آتا ہے بار بار + ممنون ہون مین گریۂ بے اختیار کا۔

لگی نہ رکھنا۔ پوشیدہ نہ رکھنا۔ کمی نہ کرنا۔ (رند) جو دل مین ہے زبان سے کہتے ہین صاف صاف + ہم رند لوگ رکھتے نہین ہین ذرا لگی۔ (جلال) لگاتا ہے جو گردن پر مرے ہاتھ + لگی ہرگز نہ جلاد رکھنا۔

لگی لپٹی نہ رکھنا۔ رعایت نہ کرنا۔ صاف کہہ دینا (صفدر) بوالہوس غیر دن با ہم ہین تمہین منصف ہو + کچھ لگی لپٹی نہ اُن کی نہ ہماری رکھنا (صفدر) بتا دیتی ہے سب حالت لگی لپٹی نہین رکھتی تمہاری آرسی واللہ مُنھ پر کہنے والی ہے۔

لگی ہوئی ہونا۔ آشنائی ہونا (داغ) بیشک ہے کچھ لگاؤ جو کرتا ہے یہ گریز + زاہد سے دخترِ رز ہے ضرور لگی ہوئی۔

لگے رہنا۔ موجود رہنا (خوق قدوائی) یہین یہ دہان کچھ سپاہی لگے + کہ تاری سے کچھ سپاہی لگے۔

لگے ہوئے ہونا۔ قریب ہونا (امیر) دامن سے لوگ اُس کے اکثر لگے ہوئے ہین + کوچے مین سیکڑون کے بستر لگے ہوئے ہین

لگے ہاتھون ہو جانا۔ ساتھ ہی ساتھ ہو جانا

(دل) کیا ہو قتل اگر جرم اور انکار کیجیے + کے ہاتھوں ہماری نعش کی تشہیر ہو جائے۔

للچانا۔ خواہشمند ہونا (عش، بلغ) اک نور کا ترا پا + دیکھ کر جی کماں للچایا۔

للکارنا۔ غصے سے دریافت کرنا (امیر) ذرقِ بار میں خنجر بکف پاس آ کے للکاری + جہاں رہتی ہو حسرت وصل کی وہ کون سا دل ہے۔

للو پتو کرنا۔ خوشامد کرنا (صفدر) ہیں تو اہی ہوں رقیبوں کی خوشامد بھی کروں + للو پتو سے اگر وصل تمہارا ہو جائے۔

لمبا ہونا۔ لیٹ جانا۔ بھاگنا (رشک) قیامت قد وہ ہو بالا استاد۔ وں کی بلندی کا + سنے طوبیٰ جو اس کو گلشن جنت میں لمبا ہو (شاد) جان کر کالی بلا ظلمت سرے گور میں + جس نے دیکھا زلف طولانی کو لمبا ہو گیا۔

لمبے ہونا۔ روانہ ہونا (شاد) دیکھتے پھرتے نہیں موج رواں کی صورت + لمبے ہوتے ہیں جہاں خلق سے جانے والے۔

لنڈھانا۔ بہانا (امیر) لنڈھاؤ چار طرف خم کے خم یہ میخوار و + کہ محتسب کو خرابات کی شراب ملے۔

لنگوٹے میں پھاگ کھیلنا۔ مفلسی میں صرف کرنا (شوق قدوائی) نکھیل او لنگوٹے لنگوٹے میں پھاگ + ہائیں خبر ہے لنگوٹی پہ پھاگ۔

لوٹنا۔ حاصل کرنا (امیر) لوٹتی ہے سارے دنیا بزم جاناں کے مزے + میرا حصہ اس میں سب سے پہلے چمن میں کوئی نہیں۔

لوٹے مارے ہاتھ آنا۔ زبردستی ملنا (شاد) لوٹے مارے جو ہاتھ آجائے + دم کی مہلت سمجھ غنیمت ہے۔

لوٹ پوٹ ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔ (انشا) کیا کہیں کہنے کی کچھ منزل نہیں باقی رہی + ہوگئے ہم لوٹ پوٹ ان کی اداؤں پر۔

لوٹ جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔ بے خود ہونا۔ خوش ہونا (امیر) جس کو دیکھا حسین لوٹ گئے + ہم تو عاشق ہیں اس طبیعت کے (امیر) تیرے بسمل نے تیرے خنجر سے + وہ ادا کی کہ قضا لوٹ گئی (داغ) داورِ محشر کے آگے تو سہی + لوٹ جاؤ تم مری تقریر پر۔

لوٹ ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ بیخود ہونا (دل) اف وہ ظالم شوخ چتون وہ ادا وہ بانکپن + جانِ عاشق لوٹ ہے قاتل کا سامان دیکھ کر (قراء) کمر پہ لوٹ جو ہیں اس کو پا نہیں سکتے + چلے گئے جو عدم کو وہ آ نہیں سکتے۔

لوکا لگنا۔ آگ لگنا۔ غارت ہونا۔ شعلہ

لہک کے بہار مین تو خوش ہون ہے پتے جلین
بہار مین تو خوش ہون (عالم) دیکھنا اس کی
بیوفائی کو + لگے لو کا رس آشنائی کو۔

لو لگانا - توقع کرنا (جلیل) قدر عشاق کی
عشق سے پوچھے کوئی + لو لگائے ہوئے ہر
شمع ہے پروانے سے۔

لو لگنا - تصور ہونا (جرات) لو لگی تھی مجھے
اے شمع ترے نام کی آہ + خامشی مین بھی تو یہ
ذکر فراموش نہ تھا۔

لو لگی ہوئی ہونا - انتظار ہونا (قرار) دم
اخیر یہ کہتی ہے میری خاموشی + کہ لو لگی ہوئی
ابتک ہے اُسکے آنے کی۔

لوہا ماننا - قائل ہونا (جلال) ذرا لوہا
نہ مانا بسملون نے سخت جانی کا + جو قاتل ہو
تو ایسا ہو جو خنجر ہو تو ایسا ہو۔

لوہے کے چنے چبانا - مشکل کام کرنا۔
(عاشق) اللہ کے کارخانے ہین یہ + لوہے کے
چنے چبانے ہین یہ۔

لہرانا - خوش ہونا (انیس) لہراتا ہے دل یہان
کہ تھا خوب ہو ہوا + شیرون کو ہوا نہر کی
خوب ہی ہوا۔

لہر مین آنا - درد کا دورہ ہونا (امیر) سانپ
کی طرح جوت سے کاٹا ہے مجھے + آتے ہیں لہر مین کیسی
کیسی لہرین دریا کی طرح۔

لہکنا - سرسبز ہونا (شاد) ہے سدا رنگ مینا
چھلکتا رہا - ہمیشہ یہ سبزہ لہکتا رہا۔

لہو پانی ایک کرنا - مجبور کرنا۔ پریشان کرنا۔
بیحد رنجیدہ ہونا (داغ) گردن کا مین بھی ترا ایک
ہی لہو پانی + جو دم مین دم رہے اسے تیغ یار
باقی ہو (شوق) ابھی کی تم نے میری مہمانی + ایک
کر ڈالا سب لہو پانی (داغ) ہنسکے رو رو کے کر دیا
اپنا لہو پانی ایک + اور ترسایئن لعین اُن کو
دکھا کر پانی۔

لہو پی کے رہجانا - بیحد ضبط کرنا۔
(قلق) لہو پی پی کے مین رہ رہ گیا غیرون کے
ہاتھون سے + خدا شاہد ہے اسے بُت دم نہین
مارا ترے ڈر سے۔

لہو چڑھنا - قتل کا اثر ظاہر ہونا (عالم)
شفق آسمان کا کہتا تھا بڑھ کے + کسی بسمل کا یہ
چڑھا ہے لہو۔

لہو سر پر پکارنا - اقرار جرم کرنا۔
(شوق قدوائی) آڑٹے شہر مین بات بڑھکر تو پھر
پکارے لہو سر پہ چڑھ کر تو پھر۔

لہو سفید ہو جانا - بیمروت ہونا (ناسخ)
کیون ہو جائے اہل جہان کا لہو سفید + الفت کا
گر گیا ہے جہان سے ذرا رنگ۔

لہو کا پیاسا ہونا - دشمن ہونا۔ (ذوق) یہ بھی ظاہر کا کام ولاسا ہی + تو تو میرے لہو کا پیاسا ہی۔

لہو کا جوش ہونا - محبت ہونا۔ (ذوق) دم نکل جاتا ہی میرا دیکھ کر اُسے غیر + آدمی سب ایک ہین یہ بھی لہو کا جوش ہی۔

لہو کرنا - برباد کرنا (جان، فلان) یہ لے مجھے غصّے سے دکھا کر دیدے + کھانا پینا مرا کیون آپ لہو کرتے ہین۔

لہو کے آنسو پینا - ضبط کرنا (دل) کچھ حال دل پہ تو چھو ہی جوش غم دہان تک + کوئی لہو کے آنسو پیتا رہے کہان تک۔

لہو کے گھونٹ پینا - ضبط کرنا (جلال) جلال اور ون کو دے وہ بھر کے ساغر + لہو کے گھونٹ ہم خالی پیے جائین۔

لہو لگا کے شہیدون مین مل جانا - نقل کرنا۔ کمتر کا برتر لوگون مین شامل ہونا (میر) ناخن سے بوالہوس کا گلا یون بھی چھل گیا + وہ بھی لہو لگا کے شہیدون مین مل گیا (ذوق) کل اُس نگہ کے زخم رسیدون مین مل گیا + وہ بھی لہو لگا کے شہیدون مین مل گیا۔

لہو لہان ہونا - زخمی ہونا خون سے [illegible]

لتھان ہوا + بہنا جو زخم جگر دہ لہو لہان ہوا (شوق) مارے صدمے کے نیمجان ہوئی [illegible] پلنگ ہی لہو لہان ہوئی۔

لیے بیٹھنا - ضد کرنا (جلیل) نکلا ہی نہین میرے جنون نے کوئی پردہ + بیکار لیے بیٹھی ہو اب شرم و حیا کو۔

لیے پھرنا - سیر کرانا۔ بیان کرنا۔ (جلیل) صبا نے جب سے سنگھائی ہی مجھکو بو تیری + چمن چمن لیے پھرتی ہی جستجو تیری (داغ) بھرا ہوا ہی مرے دل مین درد کیا کیا کچھ + فغان کو آپ لیے پھرتے ہین فغان کیسی۔

لیے مرنا - الزام دینا (جلال) کشتۂ ناز کرے خون کا دعویٰ کس پر + لیے مرتا ہی تجھے دل شیدا کس پر۔

لے اُڑنا - قبضہ پانا۔ حاصل کرنا (دل) اُس بت یکتا کا جلوا لے اُڑے اہل نظر + سر رگڑنے کے لیے کعبہ مین پتھر رہ گیا (جلیل) لے اُڑی گھونگھٹ کے اندر سے نگاہ مست ہوش + آج ساقی نے پلا دی ہے ہمین [illegible]

لے بیٹھنا - برباد کرنا۔ خلل کرنا [illegible] (جلیل) نکلے جب کوچہ گردی سے تو [illegible] گریبان تک جنون جب [illegible]

آئینہ میں ساقیا ہات ہمسر کی ہمدم آئینہ
یہان سے بیٹھے تڑکا ہو ہی جاتا ہو (جلیل)
بوسہ لینے کا عوض آپ سے یون مجھ سے لیا
سامنے ہر کسے بیٹھے شکایت میری۔

سے لے دے کے ہونا۔ باقی رہ جانا۔
(دل) اس کو تو خاک مین نہ ملا اے ہجوم یاس +
لے دے کے اک یہی ہو تمنا وصال کی۔

سے لے ڈوبنا۔ تباہ کرنا (جلال) سے نہ ڈوبے
دل کو جوش گریۂ فرقت کہین + ناخدا ہو اپنے
بیڑے کا خدا برسات مین۔

سے لے کے بیٹھنا۔ بیان کرنا (امیر)
پسند آیا انھین مجھ کو اسی کا شکر کیا کم ہو + کہ شکوہ
لے کے بیٹھیں آپ دل لیکر کرتے ہین۔

سے لے لوا کے جانا۔ حاصل کر لیجانا (داغ)
یہ معان نہین ایسے کہ جائین خالی ہاتھ + کہ جب
چلے تو میرے دل کو لے لوا کے چلے۔

سے لے ہونا۔ اعتراضات ہونا (عالم)
ہوئی جا بدین طرف سے جب لے دے + ملکہ
ہوئی اس طرح کل کے۔

سے لے مرنا۔ جان لگانا۔ حاصل کرنا۔ الزام لگانا
لگانا دیکھا تو یہ ہم کو کفن بھی نہ نصیب
[illegible]

جگر درد (داغ) مُنھ سے الزام میرے سر دھرنا + بیٹھا
بیٹھو لے مرنا (شوق قدوائی) ملے بھائی
قاری خدا سے ڈر دکسی کو نہ یون بیٹھالے مرو

سے لے نکلنا۔ ہمراہ لیجانا (احسان) ساتھ
اپنے ہم نشین کا کوئی چھوڑے کس طرح وسے
نکل ہم کو یہ ناوک سے تقاضا دل کا ہو۔

لینا۔ نقصان کرنا بگڑنا۔ سنبھالنا۔ حاصل کرنا
(امیر) اک کنارے پڑا ہوا ہو اسیر + کچھ تمھارا غریب
لیتا ہو (دل) ساقی کی چشم مست نے بیہوش
کر دیا + بینا جناب شیخ چلے آسمان پر (ہجر) دیکھکر
آئینہ وہ یہ کہہ اُٹھے + مجھ کو لینا ہائے میرا دل گیا
(داغ) ترا کینہ نہ کھلتا تھا ذرا نقصان کر ڈالا +
تیری باتون سے دل کی بات چھینکر ہم نے کیا لی ہو۔

لینے کے دینے پڑنا۔ فائدے کی جگہ
نقصان ہونا (داغ) پڑ گئے لینے کے دینے
محشر پر ہمکو + ہوگیا نفع کی اُمید مین نقصان اُلٹا۔

لیس ہونا۔ تیار ہونا (داغ) دل پہ حملہ
کرنے کی ہے یہ تیک + لیس پلٹن ہے تیر
مژگان کی۔

م

عالم ایسا کہین نے دیکھا ہو + کیا ہو بات پڑ گئی
... تم نے اپنی چھل بل سے۔

ات گرو ڈالنا۔ زک دینا (عالم) رنگ چہرہ کا
... قدر یہ گلا + حسن فرقت کو مات کر ڈالا۔

ماتھا ٹھنکنا۔ مشتبہ ہونا خبر ہونا (شوق قدوائی)
ٹھنکتا ہوا تھا مرا نصیب + خدا جانے دونون کو
ہو گیا نصیب (منیر) مرے ہون گے سر پھوڑا کر
... والے + تھارا تو ماتھا بھی ٹھنکا نہ ہو گا۔

ماتھا رگڑنا۔ عاجزی کرنا (شوق قدوائی)
اُتنا کا شکر آج ادا کر + ماتھا رگڑ اور ماتھا رگڑ

ماتھے جانا۔ نقصان ہونا۔ مضر الزام آنا
(شوق قدوائی) اگر ایک چادر سے کے ماتھے گئی +
تو چادر مین ملا ور اوڑھا لون گی تی (طاہرا) میرے
ہی ملتے گئی یہ بھی تری فرمایش + غیر کیا
لاوین گے بنوا کے جُھرا (عجوہر (جلال) غیر کرتا
ہے جبین سائی قدم پر یار کے + دیکھ لینا آج
ماتھے جائیگی وہ یار کے۔

ماتھے پر موت کا پسینا ہونا۔
قریب الموت ہونا (شوق) ہچکی آتی ہے درد سینا ہے +
ماتھے پر موت کا پسینا ہے۔

مارا ہوا ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ ستایا ہوا ہونا۔
... (سالک) کھوا رہا پیچھے پر کیون نہ طل قسریان
... ہوا ہو کر کسی کی ... آشیان کا

(قرار) مین یہ نہین مارا ہوا تھا گردش تقدیر کا +
اور وحشت نے نکالا سلسلہ زنجیر کا۔

مار اُوتارنا۔ برباد کرنا (جلال) تنگ ہین
جینے سے خود فرقت مین کانین گے گلا + مار
اُوتارے گی یہ آخر موت کی تاخیر ...

مار بیٹھنا۔ غصب کر لینا (ظفر) مرا نقد دل
مار بیٹھے حسین + یہ دولت اِدھر سے اُدھر ہو گئی۔

مار پڑنا۔ صبر پڑنا (دلاغ) سینک د...
آتشِ رخسار سے دل کی چوٹین + عشق کی مار
پڑی ہے ترے بیمارون پر۔

مار دھاڑ ہونا۔ لڑائی ہونا (امین) منظر
تھا دین کا کفر کی بستی اُجاڑ تھی + میدان معرکے
مین عجب مار دھاڑ تھی۔

ماری پڑی ہونا۔ بدنام ہونا (امیر) ہوا
قاتل ہوا الزام اُسکے سر پر + تھا کیا سخت میں
ماری پڑی ہے۔

مارے پڑنا۔ قتل ہونا (جلال) بہ ایک ...
مارے پڑین گے کوسے قاتل مین ضرور +
آرزوئے قتل اگر دل مین سلامت رہ گئی۔

مارے مارے پھرنا۔ آوارہ ہونا (...)
جو در بدر ہے مین اُس پیاک تھا نہین ... کیا
جانئے کہان ... پھر ...
مارے ہاتھ ...

[illegible] ہونا (میر) بادے باندھے کا
کب یہ سودا ہے ہوس پیش کس کا بھلا ہوا ہو

مالامال ہونا۔ خوشحال ہونا (مست)
[illegible] دیرسے ہو مالامال + اتنے سے ست
تنگ آ ٹھہرے۔

مال تال ہونا۔ سیم و زر ہونا (عاشق)
اپنے کے لیے ملال تھا بس + یہ آپ کا
مال تال تھا بس۔

مال مارنا۔ چوری کرنا (داغ) ہمارے
دل کو اگر لوٹ لو تو ہم جانیں + کہ تم نے ایک
زمانے کے مال مارے ہیں۔

مال ہونا۔ باوقعت ہونا۔ نادر شے ہونا۔
(منه) جان صدقے کردن کیا مال ہی مال +
کاٹ دو لیں سر کو جو فرمائیے آپ (داغ) دل ہما
خاک تو اکسیر کسی سے جاتا + تھا یہ جب مال تو
کوئی بھی خریدار نہ تھا۔

ماتا ست مچانا۔ شور کرنا (شوق) جب
وہاں بھی پتا نہ پائیں گے + کہو کیا ماتا
ست مچائیں گے۔

ماننا۔ پسند کرنا۔ قبول کرنا۔ قائل ہونا (داغ) مجھے
مانتے سب ایسا کہ عدو بھی سجدہ کرتے + در یار کعبہ بنتا جو مرا
[illegible] مست نگہ سے تری [illegible] + نہ یہ
[illegible]

جو آئینہ کہتی ہو مانتا ہوں تمھاری نظر کرین

مان جانا۔ سمجھ جانا۔ قائل ہو جانا (امیر)
غنچے جی چھپ سکے یہ تجربے میں دل لا تا بیتاب +
واہ وا آج تو حضرت تمھیں ہم مان سکے (جلیل)
آئے ہیں وہ بکھرائے ہوئے زلفِ دوتا کو + کچھ
ہیں کہ ہم مان سکے آہِ رسا کو۔

مان کا ہونا۔ قابو کا ہونا (شاد) چشمِ تر کر
کیا اُس کے طفلِ سرشک + جب یہ مچلا پھر کس کے
مان کا۔

مان لینا۔ منظور کرنا (امیر) وصل میں کچھ
نہیں نہیں ہی نہیں + مانتے ہیں تو مان لیجیے ہاں

مانی ہوئی ہونا۔ تسلیم شدہ ہونا (داغ)
تم نہ شب کو آؤ گے یہ ہی یقین آیا ہوا + تم نہ
بولو گے مری یہ بات ہی مانی ہوئی۔

مانگ کھانا۔ بسر کر لینا۔ سوال کرنا (عالم)
جس جگہ کچھ سراغ پائیں گے + ہم وہیں جا کے
مانگ کھائیں گے (داغ) داغ اب فاقہ مست
بن بیٹھے + مانگ کھانے کے ہیں ہزار طریق۔

مانگے جانچے کام چلنا۔ قرض پر بسر ہونا۔
(شوق قدوائی) مانگے جانچے کام کب تک
دلیس میں یارب چلے + رحم کر تو ورنہ [illegible]
مسلمان اب چلے۔

[illegible] [illegible]

دوست نے خواہش توت + پہاند گیسو کو
بہت۔

ست پلٹنا - رائے تبدیل ہونا (عاشق)
ست پلٹی کچھ ایسی اُس نرگس کی + مطلق نہ کسی کو
بیچ [illegible]۔

ست ہونا - سمجھ ہونا (داغ) یہ دماغ ہماری
[illegible] سُنتا نہیں سُنتا + ایسی ہی آئی نہ بُری
ست ہو کسی کی۔

مِٹا ہوا ہونا - فریفتہ ہونا (داغ) کس کس پہ
اداسے اُس کو جلاتے ہیں رات دن + وہ جانتے
ہیں داغ ہے ہمیں مِٹا ہوا۔

مِٹے ہوئے ہونا - عاشق ہونا (انجم)
وہ کہاں مانتے تھے گر ہم تھے زیادہ مِٹے ہوئے
اُس پر۔

مِٹ جانا - نثار ہو جانا (قراد) آج مِٹ جائیں
دید لدار پر + یوں علاج درد فرقت ہم کریں

مِٹا مِٹ جانا - صدقے ہو جانا (دل)
چلا کہاں دے اُس ستم ایجاد کی جانب + مری
رفتار پر مِٹ مِٹ گیا نقش قدم میرا۔

مُٹ بھیڑ ہو جانا - مقابلہ ہو جانا (داغ)
رستے میں بھی تھمتا نہیں ناصح کا وظیفہ + مُٹ بھیڑ
اگر کسی [illegible] سے ہو جائے۔

[illegible] ہونا - [illegible]

(قراد) یہ مُرسا [illegible] ہیں [illegible]
کیا ہے + [illegible] چک نہ ہو جب تک تو [illegible]
ہی کیا ہے۔

مٹکنا - ناز کرنا (جان) ریختی [illegible]
میں مٹکتا ہے بلا + جان صاحب کی ابھی دیکھو
طاقت نہ گئی۔

مٹر گشت کرنا - سیر کرنا (معذور)
دل کبھی اِس کو کبھی اُس کو دیا کرتے
ہیں + چوک میں روز مٹر گشت کیا کرتے ہیں۔

مُٹھی مِلنا - رشوت پہونچنا (عرق قدوائی)
گرچہ ہم سے جیل تو بچانے بات + ملے اُس سے
مُٹھی تو چل جائے گھات۔

مِٹی ٹھکانے لگا دینا - دفن کر دینا
(ریاض) لگا دیتا کوئی مِٹی ٹھکانے + ریاض
اک آرزو مردہ پڑی ہے۔

مِٹی خراب کرنا - کام بگاڑنا (جلیل)
نالے کا ساتھ اشک نہ دیتے تو خوب تھا + دونوں
نے مل کے اور بھی مِٹی خراب کی۔

مِٹی خراب ہونا - برباد ہونا (بیباک)
اب ہوئی یوں شوق کی مِٹی خراب + جو [illegible]
پر رخسار ہے۔

مِٹی خوار کرنا - ذلیل کرنا [illegible]
[illegible]

[illegible] کی مٹی خوار کرتی ہے۔

مٹی کر دینا - خراب کر دینا (جلیل) اظہار [illegible] کہ اُس نے کدورت کا وقت دیے + مٹی تمام [illegible] بیمار کر دیا۔

مٹی سے ڈالنا - بار بار آنا جانا (داغ) [illegible] آیا ہاٹ لگی چاہیے پیانے کی + ہم تو لے [illegible] مین گے مٹی ترسے پیمانہ کی۔

مٹی ہو جانا - بیکار ہو جانا (آتش) زہر سنبل کو بہم پہونچا خس و خاشاک کا + پیش زلف یار مٹی مشک و عنبر ہو گیا۔

مٹی ہونا - بوسیدہ ہونا (آتش) خدا کے واسطے اسے آسمان حوالے کر + دھرے دھرے نہ کہین ہو مرا کفن مٹی۔

مجملاً بیان کرنا - مختصر کہنا (قلق) ہر سخن کو [illegible] اُس نے طول دیا + مجملاً حال کچھ بیان کیا۔

مچل جانا - ضد کرنا (جلیل) اچھی صورت نظر آنے ہی مچل جاتا ہو + کسی آفت مین ڈالے [illegible] دل ناشاد مجھے۔

مچھیان لینا - بوسے لینا (قلق) ہاتھ [illegible] مین ڈال کر یا ہم + مچھیان لین ہزار ہا [illegible]

[illegible] نے لگا کامیابی ہو [illegible]

[illegible]

محنت نہ لگی گر ٹھکانے۔

مَدّھم رہنا - بیرونق ہونا (مشاد) حسن مین اُس روئے روشن کے حضور + لاکھ چمکا آئینہ مدھم رہا۔

مذاق مین اُوڑانا - ہنسی سے انکار کرنا۔ (عاشق) شادی کا کبھی جوذکر آتا + کس طرح مذاق مین اُوڑاتا۔

مرچین لگنا - غصّہ آنا (ذوق) مصرع چارہ دیکھا کیا چارہ گر کو میرے + مرچین سی لگ رہی ہین زخم جگر کو میرے۔

مُردے کا مال سمجھنا - مُفت کا مال جاننا۔ (داغ) فلک نے لوٹ کے لٹوا دیا حسینون سے سمجھ لیا کسی مُردے کا اِس نے مال مجھے۔

مَرد بننا - حوصلہ کرنا (عالم) اَب بنو مرد باغبین جاؤ + آتے جاتے کی کچھ خبر لاؤ۔

مَرد ہونا - بہادر ہونا (قلق) مرد ایسے ہی مرد ہوتے ہین + مہر اُلفت مین فرد ہوتے ہین۔

مَرجانا - بیٹھ رہنا (داغ) کہان جاتا ہو قاصد اُس کے در تک + خدا جانے وہ مر جاتا کہان ہو۔

مَر رہنا - تاقل ہو جانا - ترک جانا [illegible] [illegible] رہنا (میر) اُس کو کبھی [illegible] [illegible]

اک دل لگا ہی فراق کی مشق ستم نہین وہ کیا جانے مرتا ہوا ہوتا ہر کمان لا میں بحیرون کی کیفیت کہان زندگی + جگر جس جگر پالی دان مر رہے (جلال) دونون یکجا بھی ہو سے اُس پر تمنا باہم فراق + وصل کی شب وہ کہین سو سکے کہین مین مر رہا۔

مر مٹنا ۔ جان کھونا۔ خستہ حال ہونا۔ عاشق ہونا معدوم ہوجانا (جلال) جان لیوا بتون کی اُلفت ہو مر مٹین سگے جو دِل سلامت ہو (اسرار) مر مٹا جو عدم آباد مین پہونچا انسان + یہ سفر بھی تو قیامت کا سفر ہوتا ہو (جلیل) مین بھی اُس پر مر مٹا نا حق تو کیا بیجا کیا + اِک مجھے سودا اُٹھا دُنیا بھر تو سودائی نہ تھی (آتش) کوئی کوئی جو نشان مزار باقی ہو + یہ مر مٹون کا آخری یادگار باقی ہو

ایک شیر مارتا ہے سو گیدڑ کھاتے ہین۔ ایک کماتا ہے اور بہت سے کھاتے ہین۔

ایک کی دوا دو - ایک آدمی دو کا مقابلہ نہین کرسکتا۔

ایک کو سائی دوسرے کو بندھائی - دونون سے لاپ رکھنا اور حیلہ سازی کرنا۔

ایک مچھلی سارے جل کو گندا کرتی ہے - ایک برا سب کو خراب کرتا ہے۔

ایک میان مین دو تلوارین نہین رہتین - ایک شہر مین دو بادشاہ رہ سکتے نہ ایک عورت سے دو کا تعلق رہ سکتا۔

ایک نور صورت ہزار نور کپڑا - اچھی پوشاک خوبصورتی بڑھاتی ہے۔

ایک ہاتھ سے تالی نہین بجتی - دونون کو محبت ہو جب بنتی ہے۔

ایمان کی کہین گے ایمان سے تو سب کچھ ہے - ایمان بڑی چیز ہے سچ کہین گے (داغ) کہین گے ہم تو نہ مصحف کتابی کو یہ سچ ثل ہے کہ ایمان ہے تو سب کچھ ہے۔

ب

باپ نہ دادا سات پشت کا حرامزادہ - جسکا سرپرست نہین وہ بیقابو ہے۔

بارہ برس دلی مین رہ کر بھاڑ جھونکا کئے - اچھی جگہ بھی رہ کر لیاقت نہ آئی۔

بارہ برس کے بعد گھورے کے بھی دن پھرتے ہین - مدت کے بعد کم بھی اعلیٰ ہوجاتا ہے۔

باڑھ کاٹے نام تلوار کا - کام کون کرے نام کس کا ہو (ذوق) مُر یہ بھی شغاک

ٹھہرا ہو گا ویار کا + سچ کہا ہے بات کہ کالے نام چلو یار کا۔

بازار مین سر کسی منڈا اگھر نہ کہنا۔ بات تو مشہور ہو گئی چھپانے سے کیا حاصل۔

باسی بچے نہ کتا کھائے۔ جو کچھ پاس ہو سب صرف کر ڈالنا۔

بال کترنے سے مُردہ ہلکا نہین ہوتا۔ بڑے ذخیرہ مین سے قدرے نکال لینے سے کچھ نہین ہوتا۔

باون تولے پاؤ رتی۔ یہ تدبیر نہایت کارآمد ہوئی۔

بتیس دانتون مین زبان۔ ایک کمزور کو بہت سے زبردست دشمن گھیرے ہوئے ہون تو دانتون مین ہے یون اس کی جان + ہے بتیس دانتون مین جیسے زبان۔

بچھو کا منتر یاد نہین سانپ پکڑنے کو دوڑے۔ چھوٹا کام کر نہین سکتے بڑے کام کا حوصلہ کیا۔

بچے تو آپ سے اور نہ بچے تو سگے باپ سے۔ ناموس کی نگہبانی کسی سے نہین ہو سکتی۔

بد اچھا بدنام نہین اچھا۔ بری بات کی شہرت برائی سے زیادہ خرابی لاتی ہے۔

بدن پر نہین لتا پان کھائین البتہ

مفلسی مین امیرون کی ہمسری۔

بدھ گیا سو موتی۔ جو بن گیا وہ بہتر۔

بڑھیا مری تو مری فرشتون سے گھر دیکھ لیا۔ ایک بار کا نقصان آئندہ کے خطرات کی تمہید ہے۔

بڑے بول کا سر نیچا۔ تکبر کو ذلت ہوتی ہے (شاد) شور و غل سے سمجھانے ہو سر نیچا ہے + سچ کہا ہے کہ بڑے بول کا سر نیچا ہے۔

بسم اللہ ہی غلط کر دی۔ شروع ہی کام خراب کر دیا۔

بغل مین لڑکا شہر مین ڈھنڈورا۔ چیز تو پاس ہے دوسرون کی تلاشی لیتا ہے۔

بکرے کی مان کب تک خیر منائیگی۔ کب تک بچیگا کبھی تو گرفتار ہو گا۔

بلی سے چھیچھڑون کی رکھوالی۔ خیانت پیشہ سے امانت داری کی امید۔

بلی کو خواب مین چھیچھڑے نظر آتے ہین۔ جیسا ہوتا ہے ویسے ہی خیالات ہوتے ہین۔

بلی کی میاؤن کون پکڑے گا۔ زبردست کی جھپیٹ کون سنبھالے گا۔

بلی کے بھاگون چھیکا ٹوٹا۔ دوسرے کے نقصان سے فائدہ ہو پہنچا۔

بندر کی کیا آشنائی۔ بیمروت کا کیا بھروسا۔

کیا جانے ادرک کا مزا جس
[...] اوس سے دلچسپی نہین ہوتی

[...]ی کی بیگار کی - فرمان برداری مین مجبوری
[...]لی ہے۔

[بن]دھا خوب مار کھاتا ہے - مجبور کو جو چاہو
سزا دو (مثال) کیون نہ کھاؤن مین بیٹے کا کل +
[ب]ندھا خوب مار کھاتا ہے۔

[ب]ن مانگے موتی ملین مانگے نہ ملے
[ب]ھیک - بے کوشش ملتا ہے اور کوشش
سے نہین ملتا ہے۔

[ب]نیا جب بھولتا ہے تو زیادہ بتاتا ہے
[مط]لب مند اپنا مطلب نہین جانے دیتا۔

[ب]نیا جسکا یار اُس کو کیا دشمن درکار
[غ]رض مند والا سب سے بڑا دشمن ہوتا ہے

[ب]وڑھی گھوڑی لال لگام - پیری مین
جوانی کی آرائش۔

[ب]وڑھے طوطے نہین پڑھتے - جب
وقت گذر جاتا ہے پھر تعلیم نہین ہوسکتی۔

[ب]ویا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا - بے مشقت
[...] مل گیا۔

[ب]ھاگتے کے آگے مارتے کے پیچھے
[...] آدمی [...] رہنے۔

[...] کی لنگوٹی بہت۔

جو بچ جائے وہ غنیمت ہے۔

بہت سے قصابون مین گائے مُردار
زیادہ شوشے سے کام خراب ہو جاتا ہے۔

بھاڑ پڑے وہ سونا جس سے
ٹوٹین کان - وہ چیز کس کام کی جس سے
تکلیف پہونچے۔

بھُس مین چنگی ڈال جمالو الگ کھڑی
فساد برپا کر کے الگ ہو گئے۔

بھلے گھوڑے کو ایک چابک بھلے
آدمی کو ایک بات - نیک طینت کو تھوڑی
نصیحت کافی ہے۔

بھوکا بنگالی بھات بھات پکارے
جس چیز کی عادت ہوتی ہے وہی یاد آتی ہے۔

بھوکے شریف سے پیٹ بھرے
رذیل سے ڈرنا چاہئیے - یہ دونون
نہین چوکتے۔

بھولے بہمن گائے کھائی اب کھائے
تو رام دُہائی - یہ کام غلطی سے ہو گیا آئندہ
ہرگز نہ کرونگا۔

بھیڑ جہان جائے گی مونڈی جائیگی
دولتمند جہان جائیگا خرچ کرنا پڑیگا۔

بھینس کے آگے بین بجائی بھینس
کھڑی رہو چھپائی - بیوقوف سے [...]

کی امید بیکار ہی۔

بی بی خطا کرے باندی پکڑی جائے۔
بڑے کی خطا پر غریب کی کمبختی

بیٹا بنکر کھاتے ہین باپ بنکر نہین کھاتے۔
خوشامد سے حاصل ہوتا ہی زبردستی سے نہین ملتا

نِٹھلے سے بیگار بھلی۔ بیکاری مین کم اجر کا کام سہی۔

بے عقل حسن اگر یوسف ثانی ہو تو کیا ہی۔
کتنا ہی خوبصورت ہو اگر بیمروت ہی تو بیکار ہی۔

بیکار مباش کچھ کیا کر کپڑے ہی ادھیڑ کر سیا کر۔ کچھ شغل ضرور چاہیے۔

بیل پکا تو کوے کا کیا اجار۔ ایمان لگدر نہین دھن سے کیا فائدہ ہوگا۔

بے وارثی ناؤ ڈانوا ڈول۔ مالک بغیر سب کام خراب ہوتے ہین۔

پ

پانچون انگلیان گھی مین۔ سب طرح پر اختیار حاصل ہو گیا (ذوق قدردانی) دو سلے عیبون کے بس جی مین رہین جو ہوسو ہو + اپنی پانچون انگلیان گھی مین رہین جو ہو سو ہو۔

پانچون انگلیان یکسان نہین ہوتین۔
ایک سے سب آدمی نہین ہوتے۔

پٹھان کا پوت گھڑی مین اولیا گھڑی مین بھوت۔
پٹھان کی دوستی بیکار کبھی مہربان کبھی نامہربان

پرائی کوٹھی کا ڈیڑھ صاحب۔ دوسرے بھروسے کا کیا اعتبار۔

پرائے دھن کو چور روئین۔ بیگانی دولت پر کیون جان کھوتا ہی۔

پرائے مال پر دیدے لال۔ دوسرے کی چیز پر لالچ کرنا بیکار ہی۔

پڑھین فارسی بیچین تیل یہ دیکھو قدرت کے کھیل۔ شریف ہو کر ذلیل کام اختیار کیا۔

پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل۔ جانتے کچھ بھی نہین قابل بنتے ہین۔

پنچ کہین بلی تو بلی ہی سہی۔ سب کی ہی صلاح ہی تو یہی سہی۔

پنچ مل خدا خدا مل پنچ۔ جماعت کی رضامندی سے کام کرنا خدا کی مرضی کے موافق ہی

پوچھتے پوچھتے خدا کا گھر مل جاتا ہی۔
جستجو سے مطلب حاصل ہو ہی جاتا ہی۔

پھول نہین پنکھڑی سہی۔ بہت نہین تھوڑا ہی سہی (ذوق) گر نہ کا بوسہ دیجئے لب کا دیجیے + وہ ہی مثل ہی پھول نہین پنکھڑی سہی۔

پہلی بسم اللہ ہی غلط ہوگئی ...

ہی چوٹے مین گال کاٹا ناچا

بیٹے ہی نچا دیا۔

بیت کی ریت نرالی۔ دوستی کا انداز

ہی دوسرا۔

بیت شمانے جات کجات محبت مین قومیت

نہین دیکھی جاتی۔

بیٹ مین پڑا چارا تو کودنیلگا بیچارا۔

کھالیا تو طاقت آگئی۔

بیٹھ پیچھے بادشاہ کو بھی کہتے ہین۔

نحوست کو غیبت مین بُرا کہنا نقصان رسان

نہین ہوتا۔

بیراک ہی ڈوبتا ہے۔ مشاق ہی

دھوکا کھاتا ہے۔

بیر تو آپ ظہیر شفاعت کس کی کرین

جو خود محتاج ہے دوسرون کو کیا نفع پہونچائیگا۔

بیر کو نہ فقیر کو پہلے کلوا پیر کو۔ کسی کو ملے

سے پہلے اپنے آپ کو مل جائے۔

ت

تازی مابا ترکی کا نبا۔ ایک کو سزا ہوئی

دوسرے پر جبر ہے چھائی

تری آواز سکے اور دینے۔ جیا را کہنا

بہت مبارک ہے

تری آواز سکے اور دینے۔

تل اوٹ پہاڑ۔ ظاہر مین مشکل باطن مین

آسان (جلیل) ہے مثل تل اوٹ ہوتا ہے پہاڑ + آنکھ

باہم ملتے ہی دل مل گیا۔

تم ڈال ڈال یہ پات پات۔ ایک سے

ایک بڑھا ہوا ہے (شوق قدوائی) کہین تم سے

بڑھ چڑھ کے ہے اُن کی ذات + کہ تم ڈال ڈال

اور یہ پات پات۔

تم کہان اور ہم کہان۔ ہمارا تمھارا

کیا مقابلہ۔

تمھین بڑے باپ کے بیٹے سہی

تمھین اعلیٰ مرتبہ سہی۔

تمھارا خدا بھلا کرے۔ تم نے

سچ کہا ہے۔

تمھاری بات گُڑ سے میٹھی۔ تمھاری

بات پسند ہے۔

تمھاری بات گدھے کی لات۔

بے اعتبار ہو۔

تمھارے مُنھ مین گھی شکر۔ تم نے بہت

اچھی بات کہی (قلق) یاس سے بولی وہ شکستہ جگر

اسے بُوا تیرے مُنھ مین گھی شکر

تمھارے ہی تلے تو لنکا بستی ہے

تمھین بڑے دینے والے ہو۔

تو نہین تو تیرا بھائی - یہ کام تم نہ کروگے اور کوئی کرے گا۔

تو سے اور مین ہون - ایسا برا ہون گا کہ تو یاد کریگا۔

توانہ نگاری مُفت کی بھٹیاری - بے سروسامانی مین دعوت کرتا ہو۔

تھکا اونٹ سرا کو دمبدم دیکھتا ہو
تھکا ہوا آرام کا سہارا ڈھونڈھتا ہو (ذوق) حد کو جا پہنچے یون پیر سیست خم دیکھے + سرا کو جیسے تھکا اونٹ [illegible] دیکھے۔

تیر نہین تو تُکا ہی سہی - اعلیٰ نہین تو ادنیٰ ہی سہی۔

تیسرے دن مُردار بھی حلال ہوتا ہو
مجبوری سب کچھ کراتی ہو۔

تیل دیکھو تیل کی دھار - ذرا تامل کرو سوچ سمجھو۔

ج

جادو وہی جو سر چڑھ کے بولے
زبردہی جو کارگر ہو۔

جاگیگا سو پاوے گا - ہوشیاری سے کامیابی ہوتی ہو۔

جان بچی لاکھون پائے - نقصان سے دست بردار [illegible]

جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام [illegible]
مہمان بن گئے۔

جان ہی تو جہان ہو - ہم ہی نہ [illegible]
(امیر) سچ ہو یہ مثل جان ہو تو جہان [illegible]
مرنے کو عزیزون کی کبھی یاد نہ آئی۔

جب چنے تھے تب دانت نہ [illegible]

جب دانت ہوئے تب چنے نہین
جوانی مین مفلسی پیری مین تونگری۔

جب سر سے اتار لی پھر کیا غم [illegible]
جب اپنی عزت نہین تو دوسرے کی کیا پروا۔

جتنا اوپر اُتنا ہی نیچے - بڑا [illegible]
فتنہ انگیز ہو۔

جتنا اوڑھنا ہو اُتنا پاؤن پھیلا [illegible]
اپنی حیثیت کے موافق کام کرنا چاہیے [illegible]
تنگ ہو دل وسعت و دامان [illegible]
ہم پاؤن پھیلاتے ہین چادر دیکھ کر۔

جتنا گڑ ڈالوگے اُتنا ہی میٹھا ہوگا
جتنا خرچ کروگے اُتنا کام درست ہوگا

جتنے دم اُتنے ہی غم - [illegible]
ہون گے اُتنی ہی فکر ہوگی۔

جدھر رب اُدھر سب [illegible]
تو سب مہربان ہین

[illegible] مولا دھولا جیسا خانہ ہان
ہو اُس کے سب [illegible]

جیسکا باپ زندہ اُس کو کون مار سکے
جس بات کا ثبوت موجود ہے وہ کب جھوٹی ہو سکتی

جسکا کھانا اُسپر غراتا جس سے فائدہ
اُسی سے جھگڑا۔

جسکا کھائے اُس کا گائے۔
جس سے فائدہ ہو اُسے اچھا کہو (داغ) جسکا
کھاتے ہین اُس کا گاتے ہین + خیر نواب کی
مناتے ہین۔

جس کی تیغ اُس کی دیغ۔ زبردست
جو چاہے چھین لے۔

جس کی لاٹھی اُس کی بھینس زبردستے
کچھ نہین چلتی۔

جسکے نہ جائے بوائی وہ کیا جانے
پیر پرائی۔ جس کو دکھ نہ ہو سمجھے وہ
دردمند کی کیا خبر لے۔

جسکے ہاتھ مین ڈوئی اُس کا
سب کوئی۔ جس سے فائدہ ہوتا ہے اُس کے
سب خیر خواہ ہوتے ہین۔

جس ہانڈی مین کھایا اُسی مین
چھید کیا۔ جس سے فائدہ ہوا اُسی کو مٹایا۔

جسے پی چاہے وہی سہاگن جو لڑکا

پلیلا وہ سبکا پیارا

جن ڈھونڈا تن پایا۔ جستجو کرنے والا
پاتا ہے۔

جنگل مین مور ناچا کس نے دیکھا
اپنا جوہر وطن مین دکھلاؤ غیر جگہ نہ صرف کرو
(شاد) صحرا مین تہا قیس ہے پیش لیلے
ناچا جنگل مین مور کس نے دیکھا۔

جو آگ کھائیگا وہ انگارے ہگیگا جو
جیسا کریگا ویسا نتیجہ ملیگا۔

جو جو مرغی موٹی وہ وہ دم چھوٹی
جتنی دولت بڑھی اُسی قدر بخیل ہو گیا۔

جو چار مرے وہ رانی خالی ہو
جو چلا جائے اُسی کے بار سے سبکدوشی۔

جو دیگا اُسکا کھیلیگا۔ جو خرچ کرے گا
اُسکا کام ہوگا (شاد) جب آبرو گئی ہر اشک
آنکھ مین پھر کا + غل ہے دے جو اُسی کا ہے
کھیلنا لڑکا۔

جوگی کس کے میت ہوے پردیسی
کس کے یار ہوے۔

جہان جائے بھوکا وہان پڑے سوکھا
بدقسمت جہان جاتا ہے تکلیف اٹھاتا ہے۔

جہان ہو وہان سوا ہو۔ جہان جس قدر
خرچ کیا وہان اور زیادہ [illegible]

جہان بتیا ناس وہان ساڑھے ستیاناس - جہان نقصان وہان اور بھاری سہی۔

جہان مرغا نہ ہوگا اذان نہ ہوگی طنزیہ جملہ یہ کام تمہاری ہی ذات پر موقوف نہین

جہان مُلا نہ ہوگا وہان سویرا نہ ہوگا۔ طنزیہ جملہ تمہاری ہی ذات پر موقوف نہین۔

جھوٹا میٹھے کی خاطر کھاتے ہین فائدے کی امید پر ذلیل کام اختیار کیا۔

جھوٹے کے منھ مین بو آتی ہے۔ دروغ کو فروغ نہین ہوتا (استاد) جیڑہ کے مسیر ہے نہ منکار دروغ اتنا برل + منھ مین بو آتی ہر جھوٹے کے لنا اسے واعظ

جیسا دیس ویسا بھیس - جہان رہو وہان کا چلن اختیار کرو (امیر) جیسا ہو دیس بھیس بھی ویسا ہی چاہیئے + جنگل کو چاک کرکے گریبان جائیے

جیسی بی بی کی بیٹی ویسی بنڈا کا مال جیسا کھاؤگے ویسا ہی کام ہوگا۔

جیسی روح ویسے فرشتے جس طرح کی طبیعت اس طرح کی پسند۔

جیسے کنتا گھر رہے ویسے ہی بدیس کنتا گھر رہا تو کیا چلا گیا تو کیا۔

چ

چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ اس قلیل عیش کا کیا بھروسہ (ذوق) عصادقی کیا یہ سمجھتے تھے جہان مین چند دن کی ساکھ ہے چار دن کی چاندنی ہے پھر اندھیرا پاکھ ہے

چاند پر خاک ڈالے سے خاک نہین پڑتی سبے عیب پر عیب جوئی نہین لگ سکتی (آتش) چاند کے اوپر نہین پہنچی کسی صورت سے خاک + منھ تو دیکھین سے کے یوسف کے برادر آئینہ۔

چپ کی داد خدا دیتا ہے - صبر کا پھل خدا سے ملتا ہے۔

چٹ منگنی پٹ بیاہ - فوراً کام ہو ادیے نگی ہے۔

چراغ کے نیچے اندھیرا - دور کے لوگ یاد رہے۔ قریب کے بھلا دیے گئے۔

چڑھ مار گولر پکے - کھیل کی اصطلاح ہے یعنی بازی جیت لی۔

چوری اور سینہ زوری - خطا بھی کرنا غصے بھی ہونا۔

چور چوری سے گیا تو کیا ہیرا پھیری سے بھی گیا - عادت چھوٹنے پر بھی اثر باقی رہتا ہے

چور کو گھر تک پہونچا دے۔ معاملہ کو نہا
ختم ہونے کے دو اغ پہونچا اُسکو۔ پتہ نا بیگرہ
سے پہنچایا چور کو گھر تک۔

چور کی داڑھی مین تنکا۔ دوسرے کی
برائی کو اپنی نسبت سمجھنا۔

چور کے گھر مور۔ دغا بازون کا بھی اُستاد

چوستے ہی گال کاٹا۔ آتے ہی
نقصان کیا۔

چونی بھی سکے مجھے گھی سے کھاؤ
نالائق بھی عزت کا طلبگار ہوا۔

چھپر پر پھوس نہین دروازے پر
نقارہ۔ کنگال ہو کر اتنی نمود۔

چھچھوندر کے سر مین چمیلی کا تیل۔
کم رتبہ ہونے پر اتنی عالی حوصلگی۔

چھلنی کیا بولے جس مین بہتر سو چھید
صاف لوگون مین عیب دار کیا دم مارے۔

چھلنی مین دوہین کرم کو لاگ دین۔
ہم خود خراب کرین مقدر پر الزام لگائین۔

چھوٹا مُنہ بڑی بات۔ کمتر ہو کر بڑائی کا
دعویٰ دیکھو۔ مثلاً حق مین بزرگون کے کڑی بات
کہنے کے لوگ چھوٹا مُنہ بڑی بات۔

چھینکتے ہی ناک کٹی۔ خطا ہوتے ہی
[illegible]

چیل کے گھونسلے مین ماس کہان
کمانے اور اسنے والون کے پاس دولت کہان۔

ح

حاضر مین حجت نہین۔ جو موجود ہے
اُس مین کیا عذر۔

حرام کو ٹھے پر پکارتا ہی۔ بُری بات خود بخود
مشہور ہو جاتی ہے۔

حساب جو جو بخشش سو سو۔ معاملے
مین حساب کوڑی کوڑی کا کر لو اور بخشش کے
وقت لاکھون دیدو۔

حسن کیا جھبوٹا ہر وقت آنا اچھا نہین۔

حلق سے نکلی خلق مین پڑی۔ مُنہ سے
بات کی اور مشہور ہوئی۔

حلوائی کی دوکان دادا جی کی فاتحہ۔
اپنے پاس سے خرچ کرو دوسرے کا نہ ملیگا۔

حمایتی کی گدھیا عراقی کے لات
مارتی ہی۔ دبا کر کمزور بھی بڑے کا مقابلہ کرتا ہی۔

خ

خاک نہ دھول بکائن کے پھول
دکھانے کے دکھاوے کے شیخی مفت کی۔

خدا خدا کر کے کفر ٹوٹا۔ بڑی مشکل سے

[illegible] دیکھا
خدا نما گھر کیا بھسوڑی ہے۔ زیادہ
بھیڑ کرو گے تو کہاں سے آئیگا۔
خدا کو نہیں دیکھا عقل سے پہچانا
عقل بڑا وسیلہ ہے۔
خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی
یعنی [illegible] بیخبر زد ہو۔
خدا گنجے کو ناخن نہ دے۔ خدا کمینے کو
اہل مقدرت نہ کرے (شوق تدوائی) بنا گنجے نے
کیا کیا = ناخن ابھی + خدا اسے گنجے کو
ناخن کبھی۔
خدائی ایک طرف جورو کا بھائی
ایک طرف سسرال والوں کو بہت
عزیز رکھتا ہے۔
خدائی خوار گدھے سوار۔ خراب خستہ
آوارہ پھرتا ہے۔
خدمت سے عظمت ہے۔ کارگذاری سے
مرتبہ ملتا ہے۔
خربوزہ چھری پر گرے تو بھی اسی کا ضرر ہے
ہر طرح پر کمزور کا نقصان ہے (شاد) نیچے ہو
چھری کے یا اوپر خربوزے کا ہر طرح
ضرر ہے۔
خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ لاتا ہے

جیسے [illegible]
خصم کم جہان پاک۔ [illegible]
اس کی مری سے چھٹ گیا۔
خصم کا کھائے بھیا کا گائے
فائدہ کسی سے محبت کسی سے۔
خوشامد سے آمد ہے۔ عاجزی سے
یافت ہوتی ہے۔

د

دبی بلی چوہوں سے کان کٹاتی ہے۔
زبردست قابو میں آکر کمزور کی بھی سنتا ہے
دریا میں رہنا اور مگر سے بیر۔ جس کے
قابو میں ہو اس سے کینہ کرنا جو کوئی ہے (حرف [illegible])
ہو چکی دل کی اپنے مشق میں خیر + رہنا دریا میں
اور مگر سے بیر۔
دس کی لاٹھی ایک کا بوجھ سب مل کر
سلوک کریں تو ایک کی حاجت رفع ہو جاتی ہے
دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی۔
اصل سے زیادہ خرچ ہے
دمڑی کی ہانڈی گئی مگر کتے کی
ذات پہچان لی۔ نقصان تو ہوا مگر تجربہ
حاصل ہو گیا۔
دنیا ہے اور مطلب [illegible]

دن عیدرات شبرات - بڑی خوشی
سے گذرتی ہو۔

دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے - جس سے نقصان ہوتا ہو اُس سے بہت پرہیز کرنا چاہیئے۔

دودھیلی گائے کی دولاتین بھلی - جس سے فائدہ ہوتا ہو اُس کی کڑی بات بھی اچھی معلوم ہوتی ہو۔

دور کے ڈھول سہانے - دور کی سُنی ہوئی بات کا کیا اعتبار (رشاد) جھوٹ فردوس کے فسانے ہین + دور کے ڈھول ہی سہانے ہین۔

دو چون کے بُرے ہوتے ہین - دو کمزور بھی مِل کر قوی ہو جاتے ہین۔

دولہے کے دم سے برات ہی - آقا سے گھر کی رونق ہی یا سردار کی وجہ سے فوج لڑتی ہی (رشاد) جب تک بدن مین جان ہی چلتے ہین ہاتھ پاؤن + دولہے کے دم کے ساتھ یہ ساری برات ہی۔

دو دل راضی تو کیا کریگا قاضی - جب دونون متفق ہین تو کوئی کچھ بگاڑ نہین سکتا۔ (برق) دل جو راضی ہون تو قاضی کا اجارا کیا ہی + منھ دھر رکھے اپنی کچہری مین محلکا اُن کا۔

دو لڑین گے تو ایک گرے گا - تعجب کی بات نہین ایک کو شکست ضرور ہوتی ہی۔

دو مُلّا مین مرغی حرام - اختلاف رائے سے کام مین ہرج ہوتا ہی۔

دونون طرف گیا پانڈا حلوا ملا نہ مانڈا - نہ اِدھر کے ہوئے نہ اُدھر کے رہے۔

دھوبی سے بس نہ چلے گدھیا کے کان کاٹے - زبردست سے نہ بن پڑی تو کمزور کو مار چلے۔

دھوبی کا کُتّا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا - ایک آدمی سے دو کی تابعداری مشکل ہی۔

دیس چوری پردیس بھیک - پردیس مین بھیک سے شرم نہین آتی اور دیس کی بھیک چوری سے بدتر ہی۔

دیگ کی کھرچن بہت ہی - بڑی مقدار مین تھوڑا سا حصہ بھی بہت ہوتا ہی۔

دیکھیئے کِس کل اونٹ بیٹھے - دیکھیئے اب مقدر سے کیا پیش آتا ہی۔ نہ معلوم کیا انجام ہو (شوق قدوائی) پیے جاؤ تم جیسے شربت کے گھونٹ + خدا جانے اب بیٹھے کِس کل یہ اونٹ (رشاد) شتر بے مہار ہی واعظ + دیکھیئے اونٹ کون کل بیٹھے۔

دیوار کے کان ہوتے ہین

اختیار سے گذر کر وہ حق تعالیٰ کے ہین بیوہ کر
اختیار ان میں داخل ہو کر بواسکے کام ہین۔

ڈ

ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے۔
ہمسایہ کا لحاظ ہر لوگ بھی کرتے ہین۔

ڈنڈا اسی پوچھ بریلی نور کا راستہ۔
انال بے سر و سامانی سے سفر کیا۔

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت۔
بگڑی حالت مین تھوڑی سی مدد بہت معلوم ہوتی
ہے دشاد ہ تنکے کا ڈوبتے کو سہارا بہت ہے
شاد وہ روسنے مین ناتوان جو تھا جی سنبھل گیا۔

ڈولی نہ کہار بی بی بیٹھی ہین تیار۔
سامان کچھ نہین ارادے بڑے بڑے۔

ر

راجا کی بیٹی قسمت ہیٹی۔ بلند مرتبہ ہو کر
بد اقبالی ہوئی۔

رام رام جپنا پرایا مال اپنا۔
ظاہر مین نیک باطن مین لوٹ کی ہوس۔

رانی روٹھین گی اپنا سہاگ لین گی
یا کسی کا سہاگ لین گی۔ ناخوش ہو کر اپنی
ہی قسمت نہین لے سکتے۔

رسی جل گئی پر بل نہ گیا۔
ہو گئے مگر نخوت باقی ہے دا ..... پیٹھی
جو ..... ہوتا نہین وہ ..... نہ جائے

کوئی جلائے رسن ..... دسی

روتے گئے مرے کی خبر لائے
جیسے گئے ویسے ہی آئے۔

رہین جھونپڑے مین خواب دیکھین محلون کا
مفلسی مین تونگری کی اُمنگ۔

ز

زبان شیرین ملک گیری زبان ٹیڑھی
ملک بانکا۔ نرم زبانی سے کام نکلتا ہے
بدزبانی سے بگڑتا ہے۔

زبان خلق نقارۂ خدا۔ جو بات مشہور
ہو جاتی ہے وہ ہو کر رہتی ہے دشاد ، جون سے
منہ سے سنا جو اُسے بجا سمجھے + زبان خلق کو نقارۂ
خدا سمجھے۔

زبردست کا ٹھینگا سر پر۔ زبردست سے
زور نہین چلتا اُس کی ماننا ہی پڑتی ہے۔

زبردست کی جورو سب کی دادی
زبردست کا حمایتی بھی زبردست۔

زبردست کے بیس بسوے۔ زبردست
ہمیشہ غالب رہتا ہے۔

…بل ہو زور بل نہ ہو چیہ بدن میں
…ک۔
…دار کا سودا ہے بے زر کا خدا حافظ۔
…قدرت والے خوش ہیں مفلس کا خدا والی۔
…نیت عشق ٹمٹن ہیں مفلس میں
…ہمت کمی۔

س

سانجھے کی ہانڈی چوراہے پر
پھوٹتی ہے۔ شرکت کے کاموں میں جھگڑا
ہو کر رہتا ہے۔
ساری رات ممیائی ایک بچہ لائی۔
محنت بہت کی فائدہ کم ہوا۔
سانپ کا کاٹا ہوا رسی سے ڈرتا ہے۔
جس بلا سے صدمہ پہونچے اُسکے ہمشکل سے بھی
خوف آتا ہے (جرات) چمن میں دیکھوں کیا سنبل کو
ہوں اُس زلف کا مارا۔ مثل ہے سانپ کا کاٹا
ہوا رسی سے ڈرتا ہے۔
سانپ کے منھ میں چھچھوندر۔ دونوں طرح
مشکل ہے۔
سانپ مرے لاٹھی نہ ٹوٹے۔ نقصان
[illegible]
~~سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کر…~~
نکل گیا اب دیر کیا کرو۔
سانپ ہر جگہ ٹیڑھا بانبی میں سیدھا
جاتا ہے۔ اپنے گھر میں بدمزاج بھی غصہ نہیں
کرتا۔
سانچ کو آنچ کیا۔ سچ کوئی نہیں
مٹا سکتا۔
سانس کے ساتھ آس ہے۔ دم کے
ساتھ امیدواری لگی ہوئی ہے۔
ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا
سوجھتا ہے۔ جس کام میں مصروف ہے اُسی کا
خیال ہے (قلق) جو کہ ہوتا ہے اندھا ساون کا۔
سوجھتا ہے اُسے ہرا ہی ہرا۔
ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے
ہمیشہ یکساں حالت ہے۔
سب دن چنگے عید کے دن ننگے
ہر روز آرائش ضرورت کے دن خالی۔
سب دھان بائیس پسیری کے
سب کو برابر کر دیا۔
سب سے بھلی چپ۔ نہ بولنے سے
کوئی الزام نہیں آتا۔
سخی سے شوم بھلا جو جلدی دے
جواب۔ دیر میں دینے والے سے فوراً انکار
کرنے والا بہتر۔

سخی شوم سال بھر مین برابر ہو جاتے ہین - سخی خرچ کر دیتا ہی شوم کا ضائع ہو جاتی ہی۔

سخی کے مال پر بخیل کی جان پر - سخی سے بخیل کا نقصان زیادہ ہوتا ہی۔

سر بڑا سردار کا پاؤن بڑا گنوار کا - سردار مین گنوار سے زیادہ عقل ہوتی ہی اور محنتی گنوار زیادہ ہوتے ہین۔

سر پر کیا سینگ ہوتے ہین - بڑون کے کیا کوئی نشان ہوتا ہی۔

سر سہلاوے بھیجا کھاوے - خوشامد کر کے نقصان (پیا دوست) ناخن سے منقار کی سیرے داغ جنون کو داغ کھاوے + عشق یہ تیری ٹھیک مثل ہی سر سہلاوے بھیجا کھاوے۔

سر منڈاتے ہی اولے پڑے - کام شروع ہوتے ہی نقصان پیش آیا۔

سوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا - ابھی وہ چیز نہین جس کی وجہ سے جھگڑا۔

سو دن چور کے ایک دن شاہ کا - کبھی نہ کبھی پکڑا جائیگا

سو ماچنا بھاڑ نہین پھوڑتا - تو سے زیادہ جرات بیکار ہی

سو سنار کی ایک لوہار کی - اگر

زبردست کے سو دار ہین مگر تو ایک کرو ایک ہی سی کر کافی ہوگا

سونے کی چڑیا ہاتھ سے نکل گئی - بڑا مطلب فوت ہو گیا۔

سیانا کوا گو کھاتا ہی - ہوشیار دھوکا کھاتے ہین۔

سیدھا گھر خدا کا - ناکامیابی مین خدا کو یاد کرو (ارشاد) قرآن سے جو پھرا کعبہ کو تاکا + مثل سچ ہی کہ سیدھا گھر خدا کا۔

سیر پر سوا سیر - زبردست کو اس سے زبردست ملا۔

سیر مین پونی بھی نہین جتنی مقدار درکار ہی اسکا قلیل سے قلیل بھی نہین۔

ش

شام کے مردے کو روئے کب تک - ابھی سے یہ کام شروع ہوا تو کہان تک خبر گیری کی جاوے گی (ارشاد) جان زلفون مین کا کھوئیے + شام کے مردے کو کب تک روئیے۔

شکار کے وقت کتیا ہگاسی - کام کے وقت حیلہ بہانہ - کاہلی۔

شکر خورے کو شکر موذی کو ٹکر - نیک سے نیک اور بد سے بد سلوک ہی

شکر خورے کو شکر ہی ملتی ہے - جس حیثیت کا ہو ویسا ہی سامان مہیا ہوجاتا ہے -

شہر مین اونٹ بدنام - بیوقوف کو ہر جگہ ذلت -

ص

صدقہ دیا رد بلا - خیرات دینے سے خدا بلا کو دفع کرتا ہے -

صورت چڑیل کی مزاج پریون کا - کم رتبہ بہکر جالی دماغی -

صورت نہ شکل بھاڑ سے نکل - بدشکل پر پھبتی کہتے ہین -

ض

ضامن نہ ہو جیئے گرہ سے دیجیے - نورا نقصان اٹھا لینا اچھا اور ضمانت کرنا برا -

ضرورت کے وقت گدھے کو باپ بنا لیتے ہین - مطلب نکالنے کے لیے ادنی کی خوشامد کر لیتے ہین -

ط

طاقی نہ رکھے باقی - جس کی آنکھ مین عیب ہوتا ہے وہ منحوس ہوتا ہے -

طوطی کی آواز نقار خانے مین کون سنتا ہے - بڑی جگہ کم رتبہ کو کوئی نہین پوچھتا -

طویلے کی بلا بندر کے سر - کوئی کام بگاڑے غریب کے سر پڑے -

ع

عرش سے چھوٹی کھجور مین اٹکی - ایک مصیبت سے چھوٹے دوسری مین پھنسے (مشاو) الجھکے رہ گئی خط مین وہ زلف جب اٹکی + مثل ہے عرش سے چھوٹی کھجور مین اٹکی -

عقل بڑی کہ بھینس - جس کسی سے بیوقوفی کا کام سرزد ہوتا ہے اس پر پھبتی کہتے ہین -

عقل کے ناخن لو - سمجھ ٹھیک کرو -

عقلمند کی بلا دور - دانشمند اپنی تدبیر سے کام بنا لیتا ہے -

علت جائے عادت نہ جائے - بیماری دور ہو جاتی ہے عادت نہین جاتی -

عمر نوح چاہیئے - اس کام کو مدت دراز چاہیئے

عیب کو ہنر چاہیئے - بیوقوفی کے ساتھ عیب کرنا بدنامی کی بات ہے -

غ

غنیمت ہے۔ طاقت کم رہ جانے کی نشانی۔ بہتر ہے کہ زیادہ نقصان نہ ہو۔
غنیمت ہے کہ گوڈے کے برابر ہو پانی، سر کی بلا تو نہیں ہوئی۔
غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹائی۔ کسی کو برا کہنے کے واسطے اپنا نقصان کیا۔

ف

فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہے۔ غریب تھوڑے ہی سامان سے خوش ہے (شوق قدوائی)، گلی پست ہو دل نہیں پست ہو۔ فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہو۔
فقیر کو کمبل ہی دوشالہ ہے۔ غریب کو جو میسر آئے وہ عمدہ ہے۔
فقیر کی صورت سوال ہے۔ حاجتمند صورت سے پہچانا جاتا ہے۔

ق

قاضی دبلے شہر کے اندیشے سے۔ کبنہ پسند کو سب کی فکر رہتی ہے۔
قاضی کے گھر کے چوہے سیانے۔ ہوشیاروں کے تعلق والے بھی ہوشیار ہوتے ہیں۔

ک

کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے۔ نیک اور بد سب جگہ ہیں۔
کاٹنے تلوار نام سپاہی کا۔ کام کوئی کرے نام کسی کا ہو (بحر) اہم دنے کیا ہو تم کو قاتل مشہور، کاٹنے تلوار ہو سپاہی کا نام۔
کاٹو تو بدن میں خون نہیں۔ نہایت خوف زدہ ہو گیا۔
کاٹھ کی ہنڈیا دوبارہ نہیں چڑھتی۔ دغابازی ہر مرتبہ کارگر نہیں ہوتی۔
کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی۔ دھوکے سے ہمیشہ کام نہیں چلتا۔
کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا۔ زبردست کا مارا ہوا نہیں بچتا۔
کالے کے سامنے چراغ نہیں جلتا۔ زبردست کے سامنے فروغ نہیں ہوتا (اسیر) داغ دل کیوں نہ بجھے جب وہ دکھائے گیسو، سامنے کالے کے جلتا نہیں زنہار چراغ۔
کان پر جوں نہیں رینگتی۔ کتنا ہی کہو کچھ اثر پذیر نہیں ہوتا۔
کانے کے بیاہ کو سو دوگ، سیکڑوں دقتیں آتی ہیں۔

کبھی کے دن بڑے کبھی کی رات بڑی
ہمیشہ یکسان حالت نہین رہتی۔
کبھی ناؤ گاڑی پر کبھی گاڑی ناؤ پر
کبھی زبردست کمزور کبھی کمزور زبردست ہو جاتا ہے
(ذوق) تفرقہ ڈالی ہم زمانے مین ہوے بہتر کبھی [illegible]
کبھی ناؤ پر گاڑی کبھی ہے ناؤ گاڑی پر کبھی۔
کبھی گھی گھنا کبھی مٹھی بھر چنا کبھی وہ بھی منع
کبھی عیش کبھی تکلیف۔
کبھی گھوڑے کے بھی دن پھرتے ہین
کبھی بد دن کا زمانا بھی موافق ہوتا ہے (امیر)
جانے میخانہ بنی ہے مسجد + کبھی گھوڑے کے بھی
دن پھرتے ہین۔
کتے کی دم بارہ برس دبی جب نکلی
تب ٹیڑھی۔ بد کسی طرح راہ پر نہین آتا۔
کٹے چھان کا سیکھے نائی کا نقصان
کس کا ہو تجربہ کون حاصل کرے۔
کر تو ڈر نہ کر تو ڈر۔ دونون طرح مشکل ہے۔
کرنے کی بد بلا ہے۔ مشق ہو تو کام درست
ہوتا ہے۔
کرے داڑھی والا پکڑا جائے مونچھون والا
کیا کسی نے شبہ دوسرون پر۔
کس باغ کی مولی ہے۔ بے توقیر ہے۔
کس برتے پر تتا پانی۔ یہ غرور کس لیے
(مسئلہ) ہو پیسے کی بھی شرم نہین [illegible]
برتے پر اسے شیخ تتا پانی۔
کس بل کا پتا ہو لکھایا دے آدمی
پرکھتی سکتے ہین۔ یعنی کسقدر موٹا ہوا ہے۔
کس نمی پرسد کہ بھیا کون ہے
کوئی متوجہ حال نہین ہوتا۔
کسی کا گھر جلے کوئی تاپے۔ کسی کا
نقصان ہو کوئی آرام پائے۔
کل کے جوگی کندھے پر جٹا۔ جب تک
کمال نہو بھیس بدلنے سے کچھ نہین ہوتا۔
گھر مین توشہ تو منزل کا بھروسا
مالدار کو سفر مین بھی اطمینان ہوتا ہے۔
کنواری کو ارمان بیاہی پشیمان
نہ کرنے والے کو ہوس اور کرنے والے کو مصیبت۔
کوا ہنس کی چال چلا اپنی بھی بھولا
دوسرون کی سیانی سے اپنا کام خراب کیا
(جرات) رقیب اب اُس کے گھر کی راہ مت میری
طرح تو لے + چلے گر چال کوا ہنس کی تو اپنی بھی
بھولے۔
کوئی مرے کوئی ملار گائے۔ کسی کو
رنج کسی کو خوشی۔
کہان راجا بھوج کہان گنگو تیلی۔ ادنی
اور اعلی برابر نہین ہو سکتے۔

کھانے کو اونٹ کمانے کو مجنون۔
[illegible] کرین کمانے کو اچھا نکمین۔

کھانے کے اور دکھانے کے اور
ظاہر اور ہے اصل اور ہے۔

کھاؤ تو کدو سے نہ کھاؤ تو کدو سے
کماؤ یا نہ کماؤ کچھ غرض نہیں۔

کمر اکمل فسخ آبادی۔ فوراً قیمت ادا کرنے سے جلد کام ہوتا ہے۔

کھری مزدوری چوکھا کام۔ فوراً مزدوری ملتی ہے تو کام اچھا ہوتا ہے۔

کھوٹا بیٹا کھوٹا پیسا کام آہی جاتا ہے
عیب دار چیز بھی کبھی کام دیجاتی ہے۔

کہو کھیت کی سنو کھلیان کی۔ سوال اور جواب اور۔

کہوں تو ماں ماری جائے نہیں تو باپ کتا کھا جائے۔ دونوں کی طرفداری مشکل ہے جبکہ دونوں غیر نہیں۔

کہیں دائی سے پیٹ چھپتا ہے۔
خاص لوگوں سے راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔

کہے سے دھوبی گدھے پر نہیں چڑھتا
کسی کے کہے پر عمل نہیں کرتے خوشی سے جو چاہیں کرتے ہیں۔

کیا پدی کیا پدی کا شوربا [illegible]

مین کیا پوچھا ہے۔

کیا تمھارے سر خاب کا پر [illegible]
کیا تمھیں سب سے بڑھکر ہو۔

کیا دھوپ میں بال سفید کیے
کیا بوڑھے ہونے پر بھی تجربہ نہ ہوا۔

کیا منہ کا نوالا ہے۔ یہ کام کچھ آسان نہیں ہے۔

گ

گاتے گاتے بھانڈ ہو جاتا ہے۔ کوئی کام ہو کرتے کرتے آہی جاتا ہے۔

گائے جنے بیل کی دم پھٹے۔ سخی [illegible] اور حاسد کو صدمہ ہو۔

گائے کا بھینس تلے بھینس کا گائے تلے
انتظام کرو تو اچھی طرح سے گذر ہو سکتی ہے۔

گدڑی میں لال۔ نالائقوں میں لیاقتمند ظاہر ہوا۔

گدھا گھوڑا ایک بھاؤ [illegible] سب یکسان۔

گدھے کا کھایا کھیت نہ پاپ نہ پُن
بدوں کے ساتھ سلوک بیکار ہے۔

گذر گئی گذران کیا جھونپڑی کیا میدان
آخر عمر میں اچھا برا سب برابر ہے۔

گرٹ کی دوڑ بچھڑے تک جیتا جان
[illegible] لیتا ہے
گڑ بھرا ہنسیا نہ کھانیکا نہ نگلنے کا
[illegible] مشکل ہے
گڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دے۔
آسانی سے کام ہو جائے تو دقت کیوں اختیار کرے (شوق قدوائی) خود الزام سر اپنے لینا پڑا
مرے گڑے تو زہر دینا پڑا۔
گڑ کھائیگا تو اندھیرے میں آئیگا۔
فائدے کی امید پر سب کچھ برداشت کریگا۔
گڑ کھائیں اور گلگلوں سے پرہیز
بڑی باتوں سے بچتے نہیں چھوٹی باتوں سے پرہیز کرتے ہیں۔
گنہ اور بے لذت۔ بیفائدہ خرچ ہوا۔
گرنی بوٹی نہ شوربہ۔ نہ کم نہ زیادہ
گھر چھوٹا سمدھیانہ بڑا۔ حیثیت کم شہرت زیادہ۔
گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔ جو ایسے واقف ہوتا ہے اس سے کچھ پیش نہیں چلتی۔
گھر کی مرغی دال برابر۔ مفت کی چیز تحقیر کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے
گھر کے بیروں سے دغابازی مخالفت [illegible] سے فریب

گھر میں گھوڑا تھا اس میں مل بیٹھا
فرما ہے کے سامنے ہونا چاہیے۔
گھوڑا اسے گھاس سے آشنائی کریگا تو کھائیگا کیا۔ تجارت میں رعایت کریں گے تو گذر مشکل ہوگا۔
گھی کہاں گیا کھچڑی میں۔ اپنی چیز اپنے ہی کام آئی۔
گئے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے۔ ایک آفت سے چھٹکارا ہونے کی تدبیر کی دوسری آفت موجود ہوئی۔
گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس گیا۔ زبردست کے ساتھ کمزور بھی مارا گیا۔

ل

لات کا آدمی بات نہیں سنتا۔ بدذات بغیر سزا پائے درست نہیں ہوتا۔
لاٹھی ہاتھ کی بھائی ساتھ کا جھو
اپنے سمجھنے میں جو اس پر بھروسا کرو۔
لادو لدا دو لادنے والا ساتھ دو
کل ذمہ داری اسی کی جو سلوک کرے۔
لاکھ کا گھر خاک میں مل گیا۔ کی کرائی محنت برباد ہو گئی۔
لعل گدڑی میں نہیں چھپتا۔

پوشیدہ نہین رہسکتا۔

لڑائی کے بعد جھنڈیا ناچے۔ مار پیٹ ہونے کا سبب ہوتا ہی۔

لکھے موسلی پڑھے خدا۔ نہایت بدلیاقت یا بہکے ہوے کو بھی سنبھال نہین سکتا (ذوق)

مبتدا خطا سے حضرت القت۔ لکھتا ہی سم الخط ہی جدا + خط بتان ہی خط الہی لکھے موسی پڑھے خدا۔

لگا تو تیر نہین تکا۔ کام بن گیا تو واہ واہ ورنہ کچھ ہرج نہین (رشاد) نالے کرتا ہون اثر ہو کہ نہ ہو ڈر کیا ہی + وہ کہاوت ہی لگا تیر نہین تکا ہے۔

لنکا مین جو ہے وہ باون گز کا۔ دشمن کے یہان کا جو ہے وہ بدذات ہی (معلوم) کیے سرکش نہ پایا ان بتان سرد بالا مین۔ جسے دیکھا نظر آیا وہ باون گز کا لنکا مین۔

لوٹ مین چرخہ غنیمت ہی۔ مفت جو ہاتھ آئے وہ اچھا ہی۔

لومڑی کے شکار کو شیر کا سامان چاہیے۔ ادنی کام کے لیے بھی انتظام اعلی کرنا چاہیے۔

لینا ایک نہ دینا دو۔ معاملہ کچھ بھی نہین اور مفت کے جھگڑے پڑ گئے۔

م

مانکے آگے ننھیال کی باتیں۔ [illegible] بدذات بھی ڈرتا ہی۔

مارون تیر ا ٹوا سے خیر کا ملک کمان کی کہتا ہی اور کوئی بات کمان کی کہتا ہی عجب بے تکا ہی۔

مارون گھٹنا پھوٹے آنکھ۔ پوچھ کیا کہے کیا۔

مالے اور روئے نہ دے۔ زبردست فریاد بھی نہین سنتا۔

مال والے دبلے کھسو موٹے مست۔ اصل مالک کچھ نہین کہتا اور مفت خور سے دھوم دھام ہے۔

مان نہ مان مین ہون مہمان تیرے ذمے پڑنے لگا (شوق تعدالی) سمجھو بھی ستل یکجان + تو مان نہ مان مین ہون مہمان

مرتا کیا نہ کرتا۔ جس کو اپنی جان کا خوف نہین جو کر جائے تھوڑا ہی (دل شم) بی بھرتا کیا نہ کرتا ہجر مین + جان سے بیزار جا مین کیسے

مرد کی موت نامرد کے ہاتھ۔ بہادر کا بھی زیر دست کو مقابلہ ہی

مرد مرے نام کو نامرد مرے نان کو

[illegible] مطلب [illegible] مطلب۔
مرے مردو جن کی فاتحہ نہ درود
[illegible] تلاش کا کام کون کرے۔
مردہ دوزخ میں جلے یا جنت میں
اپنے حلوے مانڈے سے کام۔
خود مطلبی کہ اپنے مطلب سے کام کوئی مرے یا جیے۔
مرے کو ماریں شاہ مدار۔ غریب کے
سب بدخواہ ہوتے ہیں۔
مرغا نہ ہوگا تو کیا اذان نہ ہوگی۔ کوئی
کام کسی پر موقوف نہیں۔
مرغی کو تکلے کا گھاؤ بہت۔ ضعیف کو
تھوڑا سا صدمہ کافی ہے۔
مرغے کی ایک ہی ٹانگ۔ اپنی بات
[illegible]
مسلمانی اور آنا کانی۔ نیک کو بیہودگی
مناسب نہیں۔
مفت کی شراب قاضی کو حلال۔
مفت کی جو چیز ملے دور دا ہے۔
مفلسی میں آٹا گیلا۔ محتاجی میں اور
خرچ زیادہ
ملا کی داڑھی تبرک کو ہوئی۔ کم مقدار
[illegible]

ملا کی دوڑ مسجد تک۔ جتنا جس کا علم ہو
وہ اتنا ہی زور لگائیگا
من بھائے مُنڈیا ہلائے۔ دل میں
خواہش ظاہر میں انکار۔
من چلتا ہو تو نہیں چلتا۔ ہمت ہے
گر مقدرت نہیں۔
من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا۔ دل
قوی ہے تو ہر جگہ آرام ہے (شوق قدوائی) ہو جو استغنا
تو گھر میں لطف دنیا ہے یہاں + من جو چنگا ہو
کٹھوتی ہی میں گنگا ہے یہاں۔
من میں شیخ فرید بغل میں اینٹ
ظاہر میں نیک باطن میں بد۔
منڈھے سے بنے تو خوب سجے کام بنجاتا ہے
تو خوب باتیں آتی ہیں (شوق قدوائی) تری بن جائے
چاہے جلنا ستنے + سبحے خوب جب خوب منڈھے بنے
منہ پر مُمانی پیچھے دُم مرانی۔ سامنے
تعریف غیبت میں برائی۔
مُنہ لگائی ڈومنی لڑکے بالوں سمیت آئی۔
لالچی تھوڑا سا توجہ ہونے پر ذمہ پڑجاتا ہے۔
موم کی ناک جدھر چاہو پھیر دو
بھلے انسان سے جو کہو وہ مان لیتا ہے
مولی ہاتھ نہ تھیلی آپ بھاری لینا
ہی سنبھالنا مشکل ہو دوسرے کی فکر کیا [illegible]

میاں کی جوتی میاں کا سر
[illegible] ہو گیا۔
میٹھا میٹھا ہپ کڑوا کڑوا تھو۔ اچھی چیز
لے لینا بری کو دور رکھنا۔
میٹھی چھری ماروں کو۔ ظاہر میں
ملی دشمنی کرنے کا۔
مینڈکی کو بھی زکام ہوا۔ حقیر کو بھی دعویٰ
ہوتا ہے۔
میں بھلی تو ناخوش۔ کوئی مشقت کرے
اور دوسروں کو پسند نہ آئے۔

ن

ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا۔ کام آتا نہیں
بند و بست پر اعتراض۔
ناحق چوٹ جولاہا کھائے جو کرگہا چھوڑ
تماشا کو جائے۔ جس کام سے کوئی تعلق نہ ہو
اُس سے علیحدگی بہتر ہے۔
نادان کی دوستی جی کا زیان
کم فہم کی خیر خواہی بھی نقصان پہنچاتی ہے۔
ناک کٹی مبارک کان سلامت
بے حیا ان کو سزا کی بھی پروا نہیں ہوتی۔
نام بڑا درشن تھوڑے۔ شہرت بہت لیکن
ہیں کچھ نہیں۔

نقار خانے میں طوطی کی صدا کون
سنتا ہے۔ امیروں کی محفل میں غریب کی
پوچھتا ہے [illegible]
[illegible]
کون ہو نکالتے ہیں۔
نکٹے کی ناک کٹی سوا بالشت اور
بڑھی۔ بے حیا کو سزا دینے سے اور بے حیائی
ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی
مفلسی میں کچھ بن نہیں آتا (مشابہ) [illegible]
نہیں بدن میں ۔ کیا ننگی نہائے کیا نچوڑے
نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی
اتنی برائیاں کر کے اب توبہ کی سوجھی۔
نو نقد نہ تیرہ اُدھار۔ دیر کا [illegible]
نہیں اور جلدی کا تھوڑا منافع اچھا
نہ اپنی خوشی آئے نہ اپنی خوشی [illegible]
دوسروں کی پابندی ہے (ذوق) لائی حیات آئے
قضا لے چلی چلے + اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے
نہ اساڑھ سوکھے نہ بھادوں ہرے
متوکل ہر وقت یکساں ہے۔
نہ الّا الذی نہ اُولا الذی۔ جاہل سے
کچھ نہیں ہو سکتا۔
نہ باسی بچے نہ کتا کھائے۔ تھوڑے سے
کچھ بچتا نہیں جو غیروں کو دے

نہ بابا مریں گے نہ بیٹھان بٹیں گی - نہ دن بدلینگے نہ کسی کے ساتھ سلوک کرینگے

نہ چڑھے گا نہ گرے گا - ایسا کام نہ کرے جس میں نقصان کا احتمال ہو

نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے - بالکل بے حس و حرکت ہو گیا (زودرنج) جو سامنے والے جس کو کافر اور وہ خون کے اثر سے کھیلے +
جان کیسو کا تیرے ارا نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے -

نہ نام لیوا نہ پانی دیوا - کوئی آگے نہ پیچھے بالکل اکیلا ہے -

نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچیگی - نہ اتنا سامان ہوگا نہ یہ کام ہوگا -

نئی جوانی مانجھا ڈھیلا - زور آوری کے وقت کاہلی -

نئی فقیرنی بھڑ بھڑا لا - شروع ہی سے اترا گیا -

نیا نونیا بانس کا نہنا - نیا کاریگر سنگے اوزار سے کام لیتا ہے -

نیا شکاری ہرن مارتا ہے - شروع میں بہت کارگزاری دکھلاتا ہے -

نیا مسلمان قصائی کی دوکان - کوئی کام اختیار کرو اسی کی دھن رہتی ہے -

نیا نمازی بوریے کا تہمد - شوقین کے ہاتھ جو چیز آ جائے جلد استعمال کر بیٹھتا ہے -

نیکی اور پوچھ پوچھ - سلوک کرنے کے دریافت کی کیا ضرورت ہے

نیکی برباد گنہ لازم - احسان الٹا نہیں اور سلوک پر الٹا الزام لگاتا ہے

و

وقت پر گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں - لاچاری میں ادنی کی تابعداری کرنا پڑتی ہے

وہ دن گئے جو خلیل خان فاختہ مارتے تھے - وہ زمانہ گذر گیا جو تابو رکھتے تھے -

وہم کی دوا لقمان کے پاس نہیں - بیوقوفی کا علاج کوئی نہیں کرسکتا -

ھ

ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے - جس سے چیز لے اسی کو دے -

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے - ظاہر بات کی پرسش احوال بیکار ہے (الجسم) صاف صاف دعا کی پیدا تھی + ہاتھ کنگن کو آرسی کیا تھی -

ہاتھ نہ مٹھی پھڑ پھڑا اٹھی - پاس کچھ نہیں مفت ناحق کا

ہاتھی ہزار لٹے گا تو بھی سوا لاکھ ٹکے کا -

[...]ہو کر جانے تک کی عمر باقی رہتی ہو

[...]ے کے گھر بیٹا ہوا۔ جس سے امید

[...]اس سے کام انجام ہوا۔

[...]ی نہ ٹھیکری پیٹا غم سی ہو آپڑی

[...]ت کام چل گیا فرق نہ ہوا۔

[...]ٹکے ہر سے۔ ہر جگہ کا چلن جدا

[...]تا ہو

[...]ڈنے سے گڑنا بہتر

[...] جگہ پھرنے سے ایک جگہ تکلیف سے گذر اوقات

[...]یا بہتر ہو

[...]نس ہنس کھائے پھوہڑ کا مال۔

[...]وت کا مال ہاتھ آنے میں کچھ فکر کرنا نہیں پڑتی

[...]دنہار بروے کے چکنے چکنے پات

[...]لڑکوں کی نیکی کے آثار پہلے سے معلوم ہو جاتے ہیں

ے

[...]بھینا بھینسوں یا قصائی کے

[...]و سنٹے پر۔ کامیاب ہوئے یا جان گئی۔

یا یہ شورہ شوری یا یہ بے نمکی

یا تو اتنا اشتیاق یا یہ بے پروائی۔

یک پیری صد عیب [illegible]

بیماریوں کے [illegible] ہے۔

یہاں کے باوا آدم ہی نرالے ہیں

یہاں کا کاروبار ہی عجیب ہے

یہ بات وہ بات نکالو کچھ ہمارے ہاتھ

باتیں بہت ہیں کچھ دلوائیے

یہ بھی نہ پوچھا کہ تیرے منہ میں کے

دانت ہیں۔ کوئی معترض نہ ہوا کسی نے خبر نہ لی

یہ بیل منڈھے نہیں چڑھتی۔ یہ کام انجام

ہونیوالا نظر نہیں آتا (داغ) بیشاید انھیں دیکھ گیا

رشتہ دو دانی ہو ، یہ بیل منڈھے چڑھتے معلوم نہیں

ہوتی تو

یہ وہ گڑ نہیں جو چیونٹے کھائیں یعنی

قابو کا نہیں جو کھا لیا جائے۔

یہ منھ اور مسور کی دال۔ تم اس کام کے

لائق نہیں ہو۔

فارسی کے جملے

جو مثلون کی جگہ استعمال کئے جاتے ہین

الف

آب آمد تیمم برخاست - بڑون کے آگے چھوٹون کی نہین چلتی -

آمدن بہ ارادت رفتن بہ اجازت - اپنی خوشی سے آتے ہین اور میزبان کی رضامندی سے جاتے ہین -

آمدم بر سرِ مطلب - اب اصل واقعہ سنیئے -

آن قدح بشکست و آن ساقی نماند - وہ بات ہی نہ رہی وہ زمانہ گذر گیا -

الخاموشی نیم رضا - جو سوال کا جواب نہ دے گویا راضی ہے -

المکتوب نصف الملاقات - نامہ و پیام بجائے آدھی ملاقات کے ہے -

اوّل خویش بعدہٗ درویش - اپنی غرض سب سے مقدم ہے (شاد) غم کا بھوکا ہو

لا کہ تو درویش جدا و تا خویش بعدہٗ درویش

این خانہ تمام آفتاب است - سب یکسان ہین کوئی نیک نہین -

این گل دیگر شگفت - یہ نئی بات پیش ہوئی -

این ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دگر - جہان اتنی مصیبت اٹھائی یہ بھی سہی -

ب

با مسلمان اللہ اللہ با برہمن رام رام - کسی سے خصوصیت نہین جیسا آدمی دیکھا ویسی بات کی -

برات عاشقان بر شاخ آہو - جو کام نل گیا وہ پھر کیا ہوگا - (شاد) کیا وعدہ دکھا کر چشم و ابرو - برات عاشقان بر شاخ آہو -

بزبان تسبیح و در دل گاؤ خر - ظاہر مین نیک باطن مین بد -

بر سر فرزند آدم ہرچہ آید بگزرد۔ خوشی
اور نقصان کے دو دن قائم نہیں رہتے۔

بزرگی بعقل است نہ بہ سال۔ عزت
دانائی سے ہوتی ہے بڑی عمر سے نہیں ہوتی۔

بیک کرشمہ دو کار۔ ایک تدبیر سے
دو کام ہو گئے۔

پ

پائے مرا لنگ نیست ملک خدا
تنگ نیست۔ جہاں چاہوں گا جا کر کماؤں
کماؤں گا۔

پیش از مرگ واویلا۔ نقصان سے
پہلے فریاد۔

ت

تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ
مردہ شود۔ تدبیر جلدی کرو ورنہ خرابی ہے۔

تا نباشد چیزکے مردم نگوید چیزہا۔
جس بات کی اصلیت نہ ہو اس میں بکنا بیکار ہے۔

تربیت نا اہل را چون گردگان بر گنبد است
نالائق کو کسی طرح تعلیم اثر پذیر نہیں ہوتی۔

تعظیم کار گران معاف۔ کام کا
ہے نہ کیجیے۔

ج چ

جائے استاد خالی است۔ جہت
ہر کام میں نئی بات پیدا کر لیتا ہے۔

جائے تنگ است مردمان بسیار۔
مجلس چھوٹی تماشائی بہت۔

جواب ترکی بہ ترکی۔ جیسا کہو گے ویسا
سنو گے۔

جواب جاہلان باشد خموشی۔ جاہلوں
کی باتوں پر خاموشی بہتر ہے۔

جہاں دیدہ بسیار گوید دروغ۔ جس
سیاحی کی اتنا ہی چالاک ہو گیا۔

چاہ کن را چاہ در پیش۔ جیسا کرو گے
ویسا نتیجہ ملیگا۔

چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی
عقلمند ایسا کام نہ کرے جو بعد کو ندامت ہو۔

ح خ

حاجت مشاطہ نیست روئے دلارام را
خوبصورت کو آرائش کی ضرورت نہیں۔

حساب دوستاں در دل۔ دلمیں سمجھ
بہت نہ کرو دستاویز شاہد سے یہ رو بدل ہو
حساب دوستاں در دل ٹھیک ہو۔

حاکم مرگ مفاجات - حاکم کے
سامنے ایسا ہی سمجھو جیسی ناگہانی موت ہی
حلوا خوردن روئے باید - حلوا کھانیکو واسطے
بات چاہیے۔

حیلہ رزق بہانہ موت - رزق ذریعہ
سے ملتا ہی اور موت کسی بہانہ سے آتی ہی۔

خر عیسیٰ اگر بہ مکہ رود چون بیاید ہنوز
خر باشد - سمجھ ہی کر کمینے اشراف ہو نہین سکتے۔

خطائے بزرگان گرفتن خطاست
بڑون کی بات ٹوکنا بے ادبی ہی۔

خود کردہ را علاج نیست - اپنا کیا
آپ بھگتو اب کوئی چارہ کار نہین۔

خود فضیحت دیگران را نصیحت - اورونکو
بدی سے روکنا اور آپ نہ بچنا۔

د

دشت آید بکار - حقیر شے بھی کبھی کام آجاتی ہی
احتیاطاً رکھ لینا چاہیئے۔

در عمل کوش ہر چہ خواہی پوش۔
اعمال اچھے ہون لباس کیسا ہی ہو۔

در کار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست
نیک کام مین مشورہ کی ضرورت نہین۔

[illegible]

جس عہد سے فساد بڑھے وہ ٹوٹے تو بہتر ہو

دست خود دہان خود گر نہ خورد زبان خود
جو مختار ہو کر نہین کھاتا ہی تو اپنا نقصان کرتا ہی

دشمن اگر قوی ست نگہبان قوی تر ست۔
خدا مہربان ہی تو دشمن کچھ بگاڑ نہین سکتا۔

دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست۔
اگر فضل الٰہی مددگار ہی تو کوئی کیا کر سکتا ہی۔

دشمن نتوان حقیر بیچارہ شمرد - دشمن اگرچہ
ضعیف ہی مگر اُسکے فریب قوی ہین۔

دیر آید درست آید - سوچ سمجھ کر کام کرنا
بہتر ہوتا ہی۔

دیوانہ بکار خویش ہشیار - اپنے مطلب کیلئے
دیوانہ بھی ہوشیار رہتا ہی۔

ر

رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت
مصیبت تو آئی تھی مگر بچ گئے۔

ریش بین حالش مپرس - صورت دیکھنے
سے حال ظاہر ہو جاتا ہی [illegible]

س ش ص ض ع غ

سگ باش برادر خورد نباش - چھوٹے
بھائی کی کچھ توقیر نہین ہوتی۔

سگ حضور بہ از برادر دور - پاس رہنے والے کمینے آدمی کی بھی رعایت کرنا پڑتی ہے۔

سلام روستائی بے غرض نیست - یعنی خواہ مخواہ فرمانبرداری کرتا ہو اسکا کچھ نہ کچھ مطلب ضرور ہوتا ہے۔

شملہ بمقدار علم - جیسا آدمی ویسا ہی شملہ۔

صدر ہر جا کہ نشیند صدر است - امیر جہاں بیٹھ جائے اُس کی توقیر ہوگی۔

عاقبت گرگ زادہ گرگ شود - ذلیل کی اولاد سے بھی نالایق حرکتیں سرزد ہوتی ہیں۔

غم نداری بز بخر - فکر کے لیے ایک بکھا کافی ہے۔

ق

قتل الموذی قبل الایذا - بدمعاشوں کو عیب کرنے سے پہلے سزا دینا چاہیے۔

قصہ زمین برسر زمین - جس جگہ کا معاملہ ہو وہیں چکایا جائے۔

قول مردان جان دارد - شریف کہکر نہیں پلٹتے۔

قہر درویش بجان درویش - غریب کا غصّہ اپنی جان کو صدمہ پہونچاتا ہے۔

گ

کبوتر با کبوتر باز با باز - ہر ایک شخص جنس کی طرف رجوع ہوتی ہے۔

کے آمدی کے پیر شدی - کمال جلدی حاصل نہیں ہوتا۔

گاہ باشد کہ کودک نادان - کام کبھی بیوقوف سے بھی ہوجاتا ہے۔

گربہ کشتن روز اول باید - دھمکی پہلے ہی سے دینا کارآمد ہوتی ہے۔

گندم اگر بہم نرسد جو غنیمت است - بڑا فائدہ اگر میسر نہو تو تھوڑا ہی بہتر ہے۔

گوشت خر دندان سگ - خراب چیز خراب جگہ صرف ہوتی ہے۔

ل م

لاحول ولاقوة - امر ناگوار یا انکار پر بولتے ہیں۔

لیلے را بچشم مجنون بین - ہر چیز کا تعلق علیحدہ ہوتا ہے۔

مارا چہ ازین قصہ کہ گاؤ آمد و خر رفت - کوئی آؤ یا جاؤ کسی کے جانے سے ہمکو کیا غرض۔

مال حرام بود بجائے حرام رفت - خراب مال خراب جگہ صرف ہوتا ہے۔

ال ہر ب ... عربی ضرب المثل ... ہو جسکے
معنے ... تی ہی (ذوق) مین حضور حق مین
... کس ... ہر ... مشہور مثل

المرء ... بیش ... ب

... منفعت دل بہر جسم ۔ منفعت کا مال
بیقلبیہ ہوتا ہی۔

... س از ہائے کہ شب در میان
... غذا جاسنے رات بھر مین کیا سے

... گواہ چیست صاحب غرض

تردد
ام ... ہمہ اولی ۔ سب کام تقدیر کے

... دبدست ... ندہ ۔ عاجز زبردست کے
مین آکر لاچار ... (ذوق) لاشے کو دفن کیجے
ے کر پھینکد سیئے ۔ مردہ بدست زندہ جو چاہیے
کیجے۔

... انبوہ ... دارد ۔ عام مصیبت مین
... ہوتا

مسلمانان ... مسلمانی در کتاب۔
ال ... گذر ... کمال کی باتین کتابون
مین ہین۔

... ونہ از خروارے ...

سب کا حال معلوم ہو جاتا ہی۔

مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید۔ ہنر خود ظاہر ہوتا ہی کہنے سے ہوا تو کیا۔

مطلب سعدی دیگر است ظاہر اگرچہ یو نہیں ہی پر دلی منشا اور ہی۔

مفت را چہ گفت ۔ جو چیز بے مشقت ملے اسکا کہنا ہی کیا ہی۔

من آنم کہ من دانم ۔ جیسا ہون اس کو مین خود ہی خوب جانتا ہون۔

من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو۔ مین تجھ کو اچھا کہون تو مجھکو اچھا کہہ۔

من خوب می شناسم پیران پارسا را۔ مجھے تیری مکاری خوب معلوم ہے۔

ن و

نزلہ بر ضعیف می ریزد ۔ کمزور کی ہر جگہ خرابی ہی۔

نقل کفر کفر نباشد ۔ بری بات کی نقل بری نہین سمجھی جاتی۔

نوراً علیٰ نور ۔ سب سے بہتر ہے۔

نیم حکیم خطرۂ جان نیم ملا خطرۂ ایمان ۔ نو مشق سے کام بگڑ جانیکا اندیشہ ہی۔

وار مردان خالی نباشد ۔ زبردست کا وار

[illegible] نہیں جاتا۔

ھ

ہر چہ گیرد مختصر گیرد۔ جو کام کرو اپنی ہمت کے موافق کرو۔

ہر روز عید نیست کہ حلوہ خورد کسے۔ ہمیشہ زمانہ یکساں نہیں رہتا۔

ہر فرعونے را موسیٰ۔ ایک پر ایک غالب ہے۔

ہر کہ آمد عمارتِ نو ساخت۔ ہر شخص اپنی رائے پر عمل کرتا ہے۔

ہر کجا چشمہ بود شیریں ؎ مردم و مرغ و مور گرد آیند۔ جہاں فائدے کی امید ہوتی ہے وہاں سب جمع ہو جاتے ہیں۔

ہر کہ در کان نمک رفت نمک شد۔ جیسی صحبت ہو ویسا ہی ہو جاتا ہے۔

ہر کس بخیال خویش خبط دارد۔ ہر آدمی اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے۔

[illegible]

ہمیں [illegible] گمان [illegible]

آپ [illegible] اسی جگہ [illegible] آتا [illegible]

نا سمجھ [illegible]

ہیچ آفت نرسد گوشۂ تنہائی را۔ سب سے الگ ہو گیا وہ رنج و غم سے بچ گیا۔

ی

یار زندہ صحبت باقی۔ اب نہیں بچھڑیگا جائیگا زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی۔

یک انار صد بیمار۔ چیز تھوڑی طلبگار بہت۔

یک من علم دہ من عقل۔ بغیر علم کے مطلب حل نہیں ہوتا۔

یک نہ شد دو شد۔ اک بلا تھی دوسری اور نازل ہوگئی۔

[illegible] ن

[illegible] انسان کا مسعود

[illegible] تذکرہ

[illegible] زبان اردو [illegible] سکھان میں ۱۲ر

[illegible] میر درد کے کلیات ۴ر

[illegible] تاریخ - اعداد تاریخ گوئی میں ۴ر

دیوان تعشق - دیوان ہر جلال [illegible] تمام شعرائے دہلی کے مقابلہ میں پیش کیا ۶ر

دیوان جلال - عہ

دیوان تسنیم - منشی امیر اللہ تسنیم عہر

دیوان مخلص - میر دوست علی ۱۲ر

[illegible] میر - ملک الشعرا میر تقی میر مرحوم [illegible] ۶ر

انتخابات صبا - میر وزیر علی صبا کا کلام ۸ر

الموازنہ دبیر و انیس مولانا شبلی مرحوم کی تردید ۶ر

المشتہر

[illegible] عشرت احاطہ خان سامان لکھنؤ

اطلاع

میں نے اِس کتاب قرار اللغات کا حق تصنیف
کسی کو نہیں دیا ہے کوئی صاحب بغیر میری باضابطہ
اجازت کے چھاپنے یا چھپوانے کا قصد نہ کریں ورنہ
نفع کے عوض نقصان اُٹھانا ہوگا اور حسب ضابطہ ہرجہ
و نقصان کے دیندار ہوں گے۔

المشتہر
سید تصدق حسین قرار ولد سید مظفر حسین شاہ چشتی
ساکن شاہجہانپور وارد حال لکھنؤ
تلمیذ حضرت [illegible]